النعمة الکبری علی العالم فی مولد سیّد ولد آدم ﷺ

کا سلیس اُردو ترجمہ مع اعتراضات کے تحقیقی جوابات اور
تفصیلی حالاتِ مُصنّف کے ساتھ بنام

# نعمتِ کُبریٰ ﷺ



تالیف:


شیخ الاسلام مفتیٔ اعظم مکّہ مکرمہ

امام ابنِ حجر مکّی شافعی قادری رحمۃ اللہ علیہ

متوفی ۹۷۴ھ

ترجمہ و تحقیق:

فضیلۃ الاستاذ

مفتی ابو محمّد اعجاز احمد حفظہ اللہ


وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین


زاویہ پبلشرز

زاویہ پبلشرز

دربار مارکیٹ، لاہور


Marfat.com



# شرفِ انتساب

سرزمین پنجاب میں علوم اسلامیہ کی شمع روشن کرنے والی

شخصیت کے نام

جن کا فیضان آج بھی خورشید دبستانِ علمی ہے یعنی

شاگردِ رشید حضرت سیدنا خضر علیہ السلام

شیخ الشیوخ، امام المعقولات، استاد الجن والانس

**محمد عبد العزیز پرہاروی قریشی رحمۃ اللہ علیہ**

صاحبِ کتاب "نبراس"


**مفتی اعجاز احمد**

کراچی، پاکستان

**Contact: 0321.2166548**

**aijazalqadri@hotmail.com**


Marfat.com

النعمة الکبری علی العالم فی مولد سیّد ولد آدم ﷺ

کا سلیس اُردو ترجمہ مع اعتراضات کے تحقیقی جوابات اور
تفصیلی حالاتِ مُصنّف کے ساتھ بنام

# نعمتِ کُبریٰ ﷺ

تالیف:

شیخ الاسلام مفتی اعظم مکہ مکرمہ

## امام ابنِ حجر مکی شافعی قادری رحمۃ اللہ علیہ

متوفی ۹۷۴ھ

ترجمہ و تحقیق

فضیلۃ الاستاذ

## مفتی ابو محمد اعجاز احمد حفظہ اللہ

زاویہ پبلشرز
8-C دربار مارکیٹ - لاہور
voice: 042-37248657 - 042-37112954 - 042-37300642
Email:zaviapublishers@gmail.com

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

2015ء

بار اول ............ 1100

ہدیہ ............ 230

ناشر ............ نجابت علی تارڑ

اشاعت اوّل : مارچ 2008ء، بمطابق، ربیع الاوّل ۱۴۲۹ھ

اشاعت ثانی (تحقیقی ایڈیشن) : دسمبر 2014ء، بمطابق ربیع الاول ۱۴۳۶ھ

**﴿ملنے کے پتے﴾**

زاویہ پبلشرز

شوروم

ظہور ہوٹل، دکان نمبر 2

داتا دربار مارکیٹ، لاہور

Email: zaviapublishers@gmail.com

042-37300642

| | |
|---|---|
| مکتبہ برکات المدینہ، کراچی | 021-34219324 |
| مکتبہ رضویہ آرام باغ، کراچی | 021-32216464 |
| احمد بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی | 051-5558320 |
| اسلامک بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی | 051-5536111 |
| مکتبہ قاسمیہ برکاتیہ، حیدر آباد | 022-2780547 |
| مکتبہ متینویہ، پرانی سبزی منڈی روڈ، بھاول پور | 0301-7728754 |
| نورانی ورائٹی ھاؤس، بلاک نمبر 4، ڈیرہ غازی خان | 0321-7387299 |
| مکتبہ بابا فرید چوک چٹی قبر پاکپتن شریف | 0301-7241723 |
| مکتبہ غوثیہ عطاریہ اوکاڑہ | 0321-7083119 |
| اقرا بک سیلرز، فیصل آباد | 041-2626250 |
| مکتبہ اسلامیہ فیصل آباد | 041-2631204 |
| مکتبہ العطاریہ لنک روڈ صادق آباد | 0333-7413467 |
| مکتبہ سخی سلطان حیدر آباد | 0321-3025510 |
| مکتبہ حسان اینڈ پرفیومرز، پرانی سبزی منڈی کراچی | 0331-2476512 |
| رضا بک شاپ، میلاد فوارہ چوک، گجرات | 0300-6203667 |
| مکتبہ فریدیہ، ھائی سٹریٹ ساھیوال | 040-4226812 |

Marfat.com

# فہرس


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | عرض ناشر | 6 |
| ۲ | ''ترجمہ سے ترجمانی تک'' مترجم کے قلم سے | 7 |
| ۳ | ''تعارف'' امام ابن حجر مکی شافعی | 19 |
| ۴ | تقدیم از مصنف | 62 |
| ۵ | فضائل میلاد النبی ﷺ | 69 |
| ۶ | صحابہ اور حُسن و جمالِ نبوی ﷺ | 76 |
| ۷ | معجزات و خصائصِ رسول ﷺ | 80 |
| ۸ | تذکرۂ والدین کریمین اور نور محمدی کی تابشیں | 84 |
| ۹ | کمالات و عجائبات میلاد النبی ﷺ | 87 |
| ۱۰ | فضائل درود شریف | 101 |
| ۱۱ | حالات و مکاشفاتِ آمنہ | 104 |
| ۱۲ | شانِ میلاد النبی ﷺ | 109 |
| ۱۳ | میلاد النبی ﷺ اور سعادت و ایمان کی ہوائیں | 110 |
| ۱۴ | فیضانِ میلاد النبی ﷺ بر عاشق صادق عامر یمنی | 111 |
| ۱۵ | ذکر آیاتِ ولادت کیجیے | 119 |
| ۱۶ | دعائے میلاد النبی ﷺ | 125 |


Marfat.com

# عرض ناشر

اللہ تعالی کا بہت شکر واحسان ہے کہ اس نے اپنے فضل وکرم سے ہمیں دین اسلام کی خدمت کرنے کی توفیق عنایت فرمائی جس کی بدولت آج تک لاتعداد دینی کتابوں کی شاندار طباعت کا فریضہ سرانجام دیا جاچکا ہے اور آئندہ بھی پُرعزم ہیں کہ اس کارِ خیر کو جاری رکھیں گے اور اُمت مسلمہ کی رہنمائی کے لیے بہتر سے بہتر شہ پاروں کو منتخب کر کے منصۂ شہود پر لائیں گے۔

کتاب ہذا دراصل امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک معروف کاوش ہے جسے پہلے بھی ہمارے ادارے سے سالک فضلی صاحب کے اردو ترجمہ کے ساتھ شائع کیا جاچکا ہے لیکن اس کتاب کے مندرجات پر کچھ اہل علم حضرات کے اعتراضات تھے جن کا جواب دیا جانا بھی بہت ضروری تھا لہٰذا ہمیں محقق عصر مفتی ابومحمد اعجاز احمد کے ترجمہ شدہ نسخہ کا علم ہوا جس میں انہوں نے نا صرف ترجمہ کیا ہے بلکہ مصنف کے تفصیلی حالات کے ساتھ ساتھ اعتراضات کے علمی جوابات بھی دیئے ہیں، جس سے اس کتاب کی اہمیت وافادیت مزید بڑھ گئی ہے اس لیے ضرورت تھی کہ اس کام کو عوام الناس کے سامنے لایا جاتا لہٰذا ہم اسے اپنے ادارے سے شائع کرنے کا ازسرنو اہتمام کررہے ہیں۔

اللہ تعالی مصنف ومترجم اور ناشر ومعاونین کو دین ودنیا میں اس کی برکتوں سے مالا مال فرمائے۔ آمین

**نجابت علی تارڑ**



Marfat.com

# "ترجمہ سے ترجمانی تک"

## مترجم کے قلم سے

میرے ربّ کریم ورحیم جل جلالہ کا بہت احسان وفضل ہے کہ اس نے مجھے قلم کی نعمت اور اس سے وابستگی نصیب فرمائی ہے جس کی وجہ سے کچھ نہ کچھ علمی اُمور منصۂ شہود پر آتے رہتے ہیں جو کہ میرے لیے دارین میں رضائے الٰہی اور رضائے رسول کا باعث ہیں، میلادِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع سے مجھے دلی تعلق ہے اسی لیے میں دیگر علمی وتحقیقی کتابوں سے وقت نکال کر سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس باب پر کسی نہ کسی بزرگ کی کتاب کا ترجمہ کردیتا ہوں تاکہ عوام الناس بھی اس کتاب سے فیض یاب ہوسکیں۔

امام اجل سیدنا ابن حجر مکی شافعی قادری علیہ الرحمہ کی شخصیت عالم اسلام میں اب کسی تعارف کی محتاج نہیں آپ کے دینی شہ پارے اور علمی تبرکات اس قدر وسیع ونفع مند ہیں کہ ایک عالم اس سے اپنی تشنگی کو بُجھا رہا ہے، حرمین شریفین سے اُبھرنے والا آپ کا فیضان ہمیں اَب شرق وغرب کے صحراؤں میں بھی دیکھائی دیتا ہے، لہٰذا ایسے امام جلیل کی کسی بھی کتاب سے تعلق یقیناً علمی واُخروی شادمانی کا سبب ہوگا۔

لہٰذا بہت عرصہ قبل میں نے میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تالیف کردہ آپ کی کتاب ذِیشان بنام" النعمة الكبرىٰ على العالم فى مولد سيد ولد آدم صلی اللہ علیہ وسلم "کا اُردو ترجمہ کیا تھا جو کہ میری ابتدائی کاوشوں میں سے ایک تھا، اسے مکتبہ علیمیہ کراچی نے آج سے کئی سال قبل اپنے یہاں سے شائع کیا تھا۔

بعدازاں اس کتاب کے بالخصوص اوّلین مندرجات پر اہل علم حضرات کی جانب سے اعتراضات معلوم ہوئے جن میں ممتاز اہل قلم، شیخ الحدیث محمد عبدالحکیم شرف قادری علیہ



Marfat.com

الرحمہ کا مضمون "محفل میلاد اور غیر مستند روایات" سرفہرست ہے، اس مضمون میں فاضل شیخ گرامی نے کتاب ہذا کے اِنتساب اور بالخصوص اس کے مندرجات پر کچھ اعتراضات اُٹھائے ہیں جو کہ یقیناً آپ کے منصب تقاضہ تھا کہ اہل علم وقلم اگر خالص سنجیدہ انداز میں ایسی علمی گرفت کریں تو یہ اُن کا حق ہے لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ فاضل شیخ کے ان اعتراضات کو چند عامیانہ قسم کے افراد نے رٹ کر ایسی ایسی موشگافیاں کی۔۔اللہ کی پناہ!

لہٰذا ایسے میں ضرورت تھی کہ کتاب ہذا کے مندرجات اور اس کے مجموعی موضوع سے متعلق کچھ کلام کیا جاتا جس میں صرف فاضل شیخ علیہ الرحمہ کے اعتراضات کے جوابات دیئے جاتے کیونکہ باقی معترضین کی اصل بھی یہی مضمون تھا ورنہ اُن عامیانہ لوگوں کے پاس اپنا کچھ نہیں۔

ہم نے اس کے پہلے ایڈیشن کے بعد یہ کتاب ایک بہت بڑے روحانی بزرگ کی خدمت میں پیش کی تو انہوں نے فرمایا: اگر اس میں امام ابن حجر کے تفصیلی حالات بھی شامل کردیئے جائیں تو ہم اسے اپنے یہاں سے شائع کریں گے مجھے یہ سن کر بہت خوشی ہوئی لہٰذا محنت وتلاش کے بعد ۴۸ صفحات پر امام موصوف کا تذکرہ تحریر کیا جس میں اعتراضات کے ترکی بہ ترکی جواب دینے کے بجائے ادب سے کام لیتے ہوئے صرف چند اہم اعتراضات کے جوابات بصورت گزارشات تحریر کیں اور مسودہ کمپوز کروا کر ان جلیل القدر روحانی شخصیت کے سامنے پیش کیا لیکن آج تک اس کی طباعت نہ ہوسکی شاید اس بات کو بھی آج ۶ سال تو ہوچکے ہیں۔ ویسے بھی اعتراضات کا سامنا کرنا اور خود کو کسی اور مصنف کے حوالے سے پیش کرنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے، امام ابن حجر مکی سے میرا کوئی نسبی تعلق نہیں کہ جس کا قرض میں ادا کررہا ہوں اوروں کی طرح میرے لیے بھی اس کتاب سے جان چھڑانا نہایت آسان تھا کہ بھائی اس کتاب پر بہت اعتراضات ہیں لہٰذا میں نہ تو اس



Marfat.com

کا ترجمہ کروں اور اگر کر دیا ہے تو یہ کہہ دوں کہ آئندہ نہیں ہوگا چہ جائیکہ میں ترجمہ کے بعد اس پر کیے گئے اعتراضات کو جانچوں، مخطوطات کی تلاش کروں اور پھر طباعت کے لیے پریشان رہوں لیکن میں نے یہ سب اس لیے بھی کیا کہ امام ابن حجر مکی کا امت مسلمہ پر ایک مجموعی قرض بہرحال باقی تھا۔۔ ہے اور رہے گا۔۔۔وہ ہے علم کی ترویج واشاعت اور محدثین وفقہا کی تربیت ۔۔۔کہ آپ ہی کے شاگردوں نے بعدازاں ہند جیسے ملک میں بالخصوص حدیث وتفسیر کی شمعیں روشن کیں جن کی وجہ سے بعد میں یہ علم ہم ایسے لوگوں تک پہنچا۔ اللہ تعالیٰ امام موصوف کی تربت کو اپنے انوار سے معمور فرمائے۔

بہرکیف ہم نے یہ کام تیار کر رکھا تھا کہ حال ہی میں مکتبہ زوایہ کے مہتمم محترم جناب نجابت علی تارڑ سے ملاقات ہوئی جو اس سے قبل میری کتاب ''سیدنا امام علی رضا'' شائع کر کے لائے تھے انہوں نے اس کتاب کی بابت بھی میرے کام کا پڑھ رکھا تھا لہٰذا انہوں نے اشاعت کی بات کی تو میں نے اسے بخوشی قبول کیا۔

اللہ تعالیٰ انہیں مزید ہمت وتوفیق بخشے تاکہ وہ اسی طرح دین اسلام کی ترویج واشاعت پر کمربستہ رہ کر مخالفین اسلام کا مقابلہ کرتے رہیں کہ اس پُرفتن دور میں نہایت ضرورت ہے کہ مکتبوں کے مالکان ایسے ہوں جن کے دل میں تجارت سے بڑھ کر خدمت اسلام کرنے کا جذبہ موجزن ہوتا کہ بہت سا وہ علمی سرمایہ جو اہل قلم کے یہاں پڑے پڑے برباد ہو رہا ہے وہ ضائع ہونے سے بچ رہے۔ الحمدللہ! زوایہ پبلیشرز بھی اسی جذبے کے تحت سرگرم نظر آرہا ہے دعا ہے اللہ تعالیٰ انہیں شاد وآباد رکھے اور دارین میں سرخروئی سے ہمکنار فرمائے۔ آمین

**مفتی اعجاز احمد**

**Contact: 0321.2166548**

**aijazalqadri@hotmail.com**



Marfat.com

نعمت كبرىٰ صلى الله عليه وسلم

# النِّعْمَةُ الْكُبْرَى عَلَى الْعَالَمِ

## فِي مَوْلِدِ سَيِّدِ وَلَدِ آدَمَ

لِلإمَامِ الْعَالِمِ الْعَلاَّمَةِ شِهَابُ الدِّينِ
أَحْمَدْ بنِ حَجَرٍ الْهَيْتَمِي الشَّافِعِي رَحِمَهُ اللهُ تَعَالَى
٨٩٩ هـ .. [١٤٩٤ م.] - ٩٧٤ هـ .. [١٥٦٦ م.]

ويليه

## كِتَابُ جَوَاهِرِ الْبِحَارِ لِلنَّبْهَانِي

ويليهما

## اَلْحَقَائِقُ

## فِي قِرَاءَةِ مَوْلِدِ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ

قد اعتنى بطبعه طبعة جديدة بالأوفست
مكتبة الحقيقة

HAKIKAT KITABEVI

يطلب من مكتبة الحقيقة بشارع دار الشفقة بفاتح ٥٧ استانبول-تركيا

| هجري قمري | هجري شمسي | ميلادي |
| --- | --- | --- |
| ١٤٢٤ | ١٣٨١ | ٢٠٠٣ |

من اراد ان يطبع هذه الرسالة وحدها او يترجمها الى لغة اخرى فله من الله الاجر الجزيل ومنا الشكر الجميل وكذلك جميع كتبنا كل مسلم مأذون بطبعها بشرط جودة الورق والتصحيح



Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم وبه نستعين

الحمد لله الذي هدانا للايمان والتصديق بمحمد صلى الله
عليه وسلم صاحب البيان والتحقيق وخصنا بمولد
الحرز الوثيق والصلاة والسلام عليه وعلى اله نجوم الهدى
الى احسن الطريق اما بعد فاعلموا يا اخواني ايها
السامعون رحمكم الله وايانا ان شهركم هذا شهر عظيم
شهر شرفه رب رحيم شهر ولد فيه النبي الكريم شهر
بدا فيه الرحمة العميم وبهذا الشهر لنا السرور والهنا نشهد
وبه ذهب عنا الحزن والعنا وبه دفع البلا ودام الغنا
وفي حقه قيل من جليل الثنا لولاك لما خلقت الافلاك
قال النبي صلى الله عليه وسلم من عظم مولدي وهو ليلة
اثنى عشر من ربيع الاول باتخاذه فيها طعاما كنت له
شفيعا يوم القيامة ومن انفق درهما في مولد النبي
اكراما فكانما انفق جبلا من ذهب احمر في اليتامى
في سبيل الله قال ابو بكر الصديق رضي الله عنه من انفق
درهما في مولد الرسول الشفيق كان معي في الجنة والكوثر
والرحيق وقال امير المومنين عمر بن الخطاب رضي الله
عنه من انفق درهما على قراة مولد النبي صلى الله عليه
وسلم فقد احيى الاسلام وقال عثمان بن عفان رضي الله

عنه



Marfat.com



هذه حاشية للدراكة الفهامة اللوذعي
العلامة الشيخ محمد قشّ الزكي الغزي
على مولد خاتمة المحققين وشمس
المدققين الحافظ ابي عبد الله احمد
ابن حجر الهيتمي الشافعي
المكي نفعنا الله
بعلومهما
امين

بسم الله الرحمن الرحيم يقول العبد الفقير الى رحمة رب الفلق
محمد قش الوكي الفرمي الحمد لله الذي خلق قبل الاشياء نور محمد صلى الله عليه وسلم
وجعله اصلا لكل موجود ثم جعله في ظهر آدم ولم يزل ينقله من اصلاب طاهرة الى
ارحام زكية فاخرة الى ان ظهر في الوجود احمده ان جعلنا من امته واساله المزيد
من فضله ونعمته واشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له المنفرد في وحدانيته
واشهد ان سيدنا محمدا صلى الله عليه وسلم المنعم علينا ببعثته صلى الله عليه وسلم وعلى امته
وبعد فهذه حواشي لطيفة والفاظ منيفة على القصة المعروفة المسماة بمولد
ابن حجر الهيتمي المبدوء بقوله تعالى لقد جاءكم رسول من انفسكم الاية واعلم
انه يتعين على كل مكلف ان يعتقد ان كمالات نبينا محمد صلى الله عليه وسلم لا تحصى وان
صفاته واحواله وشمائله لا تستقصى وان خصائصه ومعجزاته لم تجتمع قط في مخلوق
فهو افضل المخلوقين واشرفهم عند الله صلى الله عليه وسلم وهذا اوان الشروع في المقصود
لقد جاءكم رسول من انفسكم قيل هو خطاب للعرب يعني لقد جاءكم يا ايها العرب
رسول من انفسكم تعرفون نسبه وحسبه وانه من ولد اسماعيل ابن ابراهيم عليهم
الصلاة والسلام قال ابن عباس ليس قبيلة من العرب الا ولدت النبي
صلى الله عليه وسلم وله فيهم نسب اي من جهة الاباء والامهات فهو من العرب ابا واما
وعلى هذا فالمراد ترغيب العرب في نصرته والايمان به فان شرفهم بشرفه وعزهم بعزه
وفخرهم بفخره فانه من عشيرتهم يعرفونه بالصدق والامانة والصيانة والعفاف
وطهارة النسب والاخلاق الحميدة وقيل الخطاب في الاية عام وحمله على العموم اولى
فالمعنى لقد جاءكم يا ايها الناس رسولا من انفسكم يعني من جنسكم بشرا مثلكم ليس من
الملائكة اذ لو كان من الملائكة لضعف قوى البشر عن سماع كلامه والاخذ عنه وقرئ
شاذا من انفسكم بفتح الفاء يعني من اشرفكم وحسن قراءها لذلك قال انا انفسكم
نسبا وحسبا ليس في ابائي من لدن ادم سفاح كلها نكاح عزيز عليه ما عنتم
اي شديد عليه وشاق عليه عنتكم اي مشقتكم اي وقوعكم فيها اي في المشقة وما مصدرية
وعنتم بتشديد النون فيها تاء مدغمة في مثلها وليس قبل التاء دال مدغمة فيها فهو
من العنت لا من العناد فمن ذكرها بالدال قبل التاء فقد اخطأ وكذلك من نطق بها
كذالك فليتنبه لذالك فالمعنى اي يشق على الرسول صلى الله عليه وسلم وقوعكم في

لعله اي بسببه في المشقة

العنت



Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم هذه فاتحة كل كتاب
كما ورد في الحديث في الجامع الصغير أي ان جميع الكتب السماوية التي نزلت
من السماء نزلت مبدوءة بها وهي مائة وأربعة كتب وقيل مائة وأربعة عشر
كتابا وكان عليه الصلاة والسلام يأمر أولا بكتابة باسمك اللهم فلما نزل
قوله تعالى بسم الله مجريها أمر بكتابة بسم الله فلما نزل قل ادعوا الله وادعوا
الرحمن أمر بكتابة بسم الله الرحمن لانه كان لا يكتب ولا يقرء الخط فلما نزل قوله تعالى
انه من سليمان وانه بسم الله الرحمن الرحيم أمر بكتابة البسملة بتمامها لان البسملة
متعلقة بالنبي كما ان المولد متعلق به أيضا الحمد لله أي الثناء الجميل واجب
لله وكل من صفاته تعالى جميل وكان عليه السلام اذا رأى ما يعجبه قال الحمد
لله الذي بنعمته تتم الصالحات واذا رأى ما يكره قال الحمد لله على كل حال لان الحمد
يكون على السراء والضراء بخلاف الشكر فانه يكون على السراء فقط قوله الذي بعث أي
أظهر نبوته صلى الله عليه وسلم سابقة بالنسبة لعالم الارواح ومن المعلوم
ان تعلق الحكم بمشتق يؤذن بعلية الاشتقاق فكانه قال الحمد لله الباعث
قوله رسولا قدم الرسالة لما هي متعلقة بالخلق ~~متعلق بالحق~~ وفيه اشارة
إلى ان الرسالة افضل من النبوة وهو مذهب الجمهور وهو الراجح خلافا للعز القائل
بان النبوة افضل لتعلقها بالحق فقط والرسالة متعلقة بالخلق ورد عليه بان الرسالة
كما هي متعلقة بالخلق متعلقة بالحق أيضا ففيها متعلقان قوله ونبيا عطفه على رسولا
من عطف العام على الخاص [illegible] الكل أي ذاتا ووصفا [illegible] الافخم أي الاعظم فقد
تفنن في التعبير حتى عبر بالاعظم والافخم والاكرم واحد [illegible] صلى الله عليه وسلم
جملة خبرية لفظا انشائية معنى اسم للقدر المشترك وهو الاعتناء بالمصلى عليه
ثم انها ان اضيفت لله تعالى فمعناها زيادة التشريف والتعظيم لنبيه والرحمة
لغير نبيه وان اضيفت للجن والملائكة فمعناها التضرع والدعاء على الصحيح
قوله وشرف الخ هذه الالفاظ مترادفة [illegible] ومعناها [illegible] أي يلزم [illegible] تشريف
تعظيم معناها واحد كتاب الله المعهود وهو القرآن فاللام فيه للعهد فاذا ضافة

ثاني

ولد ولدنا المبارك محمود ابن حسين الشيخ حسين
في يوم الثلاثاء ٨ رجب الفرد ١٢٦٧ ان شاء الله
تعالى صالحا محمود السير

هذا مولد ابن حجر الهيثمي رضي الله تعالى عنه

هذا مولد ابن حجر الهيثمي

ولد ولدنا عبد الكريم علي ابن عبد القادر
ابن كابلي حسن الخطيب في يوم ثلاثاء
يوم الوقوف بتسعة ايام من شهر ذي الحجة
عام ١٢٤٨ انشاء الله صالحا

ولد ولدنا المبارك محمد صالح بن محمد الشيخ حسين
في غرة ربيع الآخر سنة ١٢٧٠ انشاء الله سعيدا

فقد عبد القادر ابن حسن بالدكانة في غرة محرم سنة ١٢٧١



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی شرف ھذا العالم
بمولد سید ولد آدم وکثر بہ سعود
الانبیاء والمرسلین وجمیع الملائکۃ
لا سیما الکروبیین والمقربین
وجمع فیہ سائر الکمالات
الباطنۃ والظاھرۃ وجعلہ امام

الکل



Marfat.com

نعمت کبریٰ ﷺ

# مولد النبی ﷺ

تألیف

أحمد بن حجر الهیتمی

(٩٠٩ - ٩٧٣ هـ)

قرأه وعلق علیه

أبو الفضل الحوینی الأثری

دار الصحابة للتراث بطنطا
للنشر والتحقيق والتوزيع

17

Marfat.com



هذه الحاشية تسمى بهجة الفكر على مولد
الإمام ابن حجر لمؤلفها الفاضل
العامل المجتهد الكامل من هو على كل وصف
حميد اشتمل الشيخ محمد بن احمد بن على الجمل
متعنا الله بحياته ونفعنا
بعلومه ومؤلفاته آمين
وصلى الله على سيدنا
محمد وعلى
آله وصحبه
وسلم

وهذا الاسم وهو بهجة الفكر على مولد الإمام ابن حجر عدد جمل حروفه يوافق تاريخ تأليفها
وقد سماها مؤلفها باسم آخر يتضمن التاريخ المذكور كذلك وهو هدايات الفكر إلى
معاني مولد ابن حجر

مكتبة جامعة الملك سعود قسم المخطوطات
الرقم: [illegible]
العنوان: بهجة الفكر على مولد الإمام ابن حجر
المؤلف: [illegible]
تاريخ النسخ: [illegible]
اسم الناسخ: [illegible]
عدد الأوراق: [illegible]
ملاحظات:

# تعارف

## شیخ الاسلام مفتی اعظم مکہ مکرمہ
## امام ابن حجر مکی شافعی قادری رحمۃ اللہ علیہ

### نام و نسب

شیخ الاسلام، ابوالعباس، شہاب الدین، احمد بن محمد بدرالدین بن محمد شمس الدین بن علی نور الدین بن حجر ہیتمی، مکی، سلمنتی، سعدی، انصاری، وائلی، ازہری، قادری، چشتی، شاذلی، مدنی، شافعی۔

''سلمنت'' مضافات مصر میں حرم مکہ کی جانب شرق میں ایک گاؤں کا نام ہے شیخ ابن حجر مکہ علیہ الرحمہ کے آباؤ اجداد ابتداءً اِسی مقام پر آباد تھے، اسی مناسبت سے آپ کی نسبت میں ''سلمنتی'' ذکر کیا جاتا ہے، شیخ موصوف کی ولادت کے سال ہی آپ کے گھر والوں نے ''محلہ ابی الہیتم'' میں رہائش اختیار کر لی تھی اور یہ واقعہ 909ھ کا ہے، اسی سال ''محلہ ابی لہیتم'' میں رجب کے مہینے میں آپ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

آپ کے نام کے ساتھ ''ہیتمی'' کی نسبت مذکورہ علاقہ کی وجہ سے ہے، یہ ''محلّہ ابی الہیتم'' غربی مصر کے مضافات میں سے ہے، انتہائی مردم خیز خطہ ارض ہے کئی افراد اس محلّہ کی نسبت سے معروف ہیں (مثلاً امام نور الدین ہیتمی صاحب مجمع الزوائد وغیرہ)۔

آپ کے نام کے ساتھ ازہری کی نسبت ''جامعہ ازہر'' کی وجہ سے ہے کیونکہ شیخ موصوف نے اسی قدیم مادرِ علمی سے اِکتسابِ علم کیا تھا۔

آپ کے نام کے ساتھ ''سعدی'' کی نسبت ''بنی سعد'' کی وجہ سے ہے جو کہ ''انصار'' سے تعلق رکھتا ہے، فتوحات کے قدیم زمانے میں اس قبیلہ کے افراد نے مصر کی جانب ہجرت



Marfat.com

کے شاگرد امام ابوبکر سیفی نے اپنی کتاب ''نفائس الدرر'' مخطوط میں لکھا ہے:

میں نے شیخ ابن حجر کے ہاتھ سے لکھی ہوئی تحریر دیکھی ہے جس میں آپ نے خود اپنا سن پیدائش 909ھ لکھا ہے۔

ولادت کا مہینہ رجب المرجب ہے، البتہ دن کے بارے میں معلوم نہ ہو سکا۔

## پرورش وابتدائی تعلیم وتربیت

آپ کی کم عمری میں ہی والد گرامی کا انتقال ہو گیا تھا، اس کے بعد آپ کے پردادا نے آپ کی پرورش کی، ان کی عمر مبارک 120 سال کے قریب ہوئی پھر ان کے وصال کے بعد آپ کے والد گرامی کے شیوخ میں شیخ امام شمس الدین محمد السروی معروف ابن ابی الحمائل متوفی 932ھ اور شیخ امام احمد الشناوی شاگردِ خاص شیخ الاسلام الشرف المناوی علیہ الرحمہ نے آپ کی پرورش کی۔

اس زمانہ میں ''محلہ ابن الہیتم'' کے حالات میں فساد رونما ہونے لگا تو آپ کے شیخ شمس الدین احمد الشناوی آپ کو ہمراہ لے کر عارف باللہ سید احمد البدوی علیہ الرحمہ کے علاقے 'طنطا' میں ان کے قائم کردہ مدرسے میں حاضر ہوئے اور آپ کو وہاں داخل کروا دیا۔ یہاں آپ نے ابتدائی تعلیم حاصل کی پھر کچھ عرصہ بعد 924ھ میں شیخ مذکور نے آپ کو کعبہ علوم وعرفان جامعہ ازہر میں داخلہ کروا دیا۔ آپ نے مسلسل کئی سالوں تک اعاظم واکابر علمائے کرام سے علوم وفنون میں اکتساب کیا اور ان میں مہارت تامہ حاصل کی اور اپنے شیوخ واساتذہ سے درس وتدریس، تالیف وتصنیف اور فتاویٰ کی اجازت حاصل کی۔

''نفائس الدرر'' میں آپ کے شاگرد ابوبکر بن محمد سیفی شافعی نے لکھا ہے:

929ھ میں شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کے شیوخ نے انہیں اجازت افتاء وتدریس عطا فرمائی اور اس وقت شیخ ابن حجر مکی کی عمر مبارک 20 سال تھی۔



Marfat.com

## شیخ ابن حجر مکی کے شیوخ واساتذہ کرام

شیخ الاسلام امام ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے کثیر اعاظم واکابرائمہ کرام سے اکتسابِ علم وفیض کیا ہے جن کی تفصیل کتب مطولات میں درج ہے بلکہ شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے اپنے اساتذہ وشیوخ کے تذکرہ پر مشتمل دو کتابیں بھی لکھیں ہیں:

(1) معجم وسط (2) معجم صغیر

اول کا مخطوطہ دارالکتب المعرفہ میں ''مجامیع'' کے ضمن میں تحت الرقم 25 پر موجود ہے۔ہم یہاں چند شیوخ واساتذہ کرام کے نام اوراجمالی تعارف پیش کررہے ہیں۔

(1) شیخ الاسلام ابویحییٰ زکریا انصاری مصری شافعی، المتوفی 926ھ

(2) شیخ امام زین الدین عبدالحق بن محمد السنباطی، المتوفی 931ھ

(3) شیخ شمس الدین محمد السروی المعروف ابن ابی الحمائل، المتوفی 932ھ

(4) شیخ شہاب الصائغ الحنفی، المتوفی 934ھ

(5) شیخ شمس الدین الدلجی الشافعی العثمانی، المتوفی 947ھ

(6) شیخ احمد بن عبدالحق السنباطی الشافعی المصر ی، المتوفی 950ھ

(7) شیخ ابوالحسن البکر ی الشافعی، المتوفی 952ھ

(8) شیخ الاسلام شہاب الرملی الشافعی، المتوفی 957ھ



Marfat.com

### ❶ شیخ الاسلام ابو یحییٰ زکریا انصاری مصری شافعی، متوفی 926ھ

آپ کا پورا نام زکریا بن محمد بن احمد بن زکریا ہے، اپنے زمانہ میں مصر کے عظیم محدث وفقیہ اور علماء وفقہاء کے امام واستاد تھے، آپ کی ولادت صحیح قول کے مطابق 826ھ میں ''سنیکۃ'' نامی علاقے میں ہوئی جو مضافات مصر میں شرقی جانب ''بلبیس'' اور ''عباسیہ'' کے مابین ایک جگہ کا نام ہے، کثیر اعاظم واکابر ائمہ کرام سے علم حاصل کیا، آپ کے شیوخ میں شیخ الاسلام سراج الدین بلقینی متوفی 868 اور امام ابن حجر عسقلانی شافعی 852ھ وغیرہ اکابر اہل علم وفضل شامل ہیں، شیخ موصوف نے جامعہ ازہر میں آپ سے دو سال تک برابر استفادہ کیا اور تمام علوم وفنون کی اجازت حاصل کی، شیخ الاسلام زکریا انصاری نے آپ کو اور آپ کے شیخ واستاد عبدالحق السنباطی کو بیک وقت اجازت عطا فرمائی۔

شیخ الاسلام زکریا انصاری علیہ الرحمہ نے 926ھ جمعرات کے دن وصال فرمایا اور آپ کو امام شافعی علیہ الرحمہ کے مقبرہ مبارکہ کے قریب دفن کیا گیا، ہزاروں شاگردوں کے علاوہ علمی ذخیرہ بھی یادگار چھوڑا، جن کی تعداد محققین نے 89 بیان کی ہے، ان میں سب سے معروف بخاری شریف کی شرح'' منحۃ الباری'' کے نام سے مطبوعہ ہے، اسے مکتبہ الرشد ریاض نے 10 جلدوں میں شائع کیا ہے۔

### ❷ شیخ امام زین الدین عبدالحق بن محمد السنباطی، متوفی 931ھ

آپ کا پورا نام عبدالحق بن محمد بن عبدالحق ہے 842ھ ''سنباط'' میں پیدا ہوئے، مصر کے جلیل القدر علماء میں آپ کا شمار ہوتا ہے، امام بدرالدین عینی، امام جلال الدین بلقینی، امام ابن الہمام اور ولی الدین السنباطی جیسے مشاہیر سے اکتسابِ علم کیا، نیز امام ابن حجر عسقلانی سے بھی آپ کو اجازت حاصل ہے، شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے آپ سے صحاح ستہ کا درس لیا اور علوم وفنون کی اجازت حاصل کی، 931ھ کو مکہ مکرمہ میں وفات پائی۔



Marfat.com

### 3 شیخ شمس الدین محمد السروی المعروف ابن ابی الحمائل، متوفی 932ھ

ان کا نام محمد السروی ہے، شیخ الاسلام الشرف المناوی کے شاگردِ خاص ہیں۔ اپنے وقت کے اکابر علماء میں ان کا شمار ہوتا ہے، بیشمار افراد نے آپ کی شاگردی کا شرف حاصل کیا، شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے ان کے زیر سایہ ابتدائی تعلیم حاصل کی، آپ کے والد گرامی کی وفات کے بعد انہوں نے ہی آپ کی پرورش کی تھی، شیخ کے والد گرامی اور شیخ شمس الشناوی ان کے معروف شاگردوں میں سے ہیں۔

### 4 شیخ شہاب الصائغ، متوفی 934ھ

ان کا نام شیخ احمد بن الصائغ الحنفی ہے، منقولات ومعقولات کے بے مثل علماء میں شمار کئے جاتے ہیں، انہوں نے شیخ امین الدین، شیخ تقی الدین الشمنی، امام شیخ الاسلام کافیجی سے علم حاصل کیا، علم طب میں آپ کی بہت شہرت تھی، شیخ ابن حجر مکی نے مصر میں آپ سے علم طب میں استفادہ کیا۔

### 5 شیخ شمس الدین الدلجی الشافعی العثمانی، متوفی 947ھ

آپ کا پورا نام محمد بن محمد بن محمد بن احمد الدلجی عثمانی شافعی ہے، ''دلجہ'' کے علاقے میں 860ھ میں پیدا ہوئے جو ''نیل'' کے غربی جانب مضافات مصر کا ایک علاقہ ہے، مصر وشام کے اکابر ائمہ کرام سے اکتسابِ علم کیا، شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے اٹھارہ سال کی عمر میں ان سے علم معانی وبیان، اصول فقہ، علم کلام اور منطق میں استفادہ کیا۔

### 6 شیخ احمد بن عبدالحق السنباطی الشافعی المصری، متوفی 950ھ

انہوں نے اپنے والد گرامی سے تحصیل علم کر کے علوم وفنون میں مہارت حاصل کی عرصہ دراز تک مسجد حرام میں پڑھاتے رہے، غالباً شیخ ابن حجر مکی نے ان سے مکہ مکرمہ کے قیام کے دوران استفادہ کیا، آپ نے ان سے اصول فقہ اور علم کلام کی چند کتابیں پڑھیں۔



Marfat.com

### 7 شیخ ابوالحسن البکری الشافعی، متوفی 952ھ

ان کا نام محمد بن محمد بن عبدالرحمٰن البکری صدیقی شافعی ہے، جامعہ ازہر کے اکابر علمائے کرام میں شمار ہوتے ہیں، شیخ الاسلام زکریا انصاری کے قابل فخر تلامذہ میں سے ایک ہیں، شیخ ابن حجر مکی نے جامعہ ازہر میں آپ سے کئی علوم وفنون میں استفادہ کیا اور شیخ ابن حجر مکی کے لئے انتہائی شرف کی بات ہے کہ ان کے ساتھ شیخ الاسلام زکریا انصاری کے سامنے صحیح مسلم پڑھنے کی سعادت حاصل کی نیز شیخ ابن حجر مکی نے 934ھ میں اپنا پہلا حج بھی ان کے ساتھ ادا کیا۔

### 8 شیخ الاسلام شہاب الرملی الشافعی، متوفی 957ھ

ان کا نام شہاب الدین ابوالعباس احمد بن حمزہ رملی مصری شافعی ہے، یہ شیخ الاسلام زکریا انصاری کے اکابر شاگردوں میں سے ایک ہیں، اپنے شیخ زکریا انصاری کے بعد مصر وعلمائے مصر کے امام ومرجع تھے، شیخ ابن حجر مکی نے جامعہ ازہر میں ان سے کئی علوم وفنون میں استفادہ کیا۔

## مکہ مکرمہ کی جانب سفر اور مستقل سکونت

شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے پہلی مرتبہ 934ھ میں مکہ مکرمہ کی جانب حج بیت اللہ کے لئے سفر اختیار کیا، اس سفر میں آپ کے استاد شیخ ابوالحسن البکری بھی ہمراہ تھے فریضۂ حج کی ادائیگی کے بعد آپ واپس لوٹ آئے۔

پھر دوسری مرتبہ 938ھ میں مکہ مکرمہ کا سفر اختیار فرمایا، یہ سفر بھی حج بیت اللہ کے لئے تھا اور پھر تیسری مرتبہ 940ھ میں حج کی ادائیگی کے لئے مکہ مکرمہ حاضر ہوئے اور پھر یہی مستقل سکونت اختیار کر لی۔



Marfat.com

بعض علمائے کرام نے لکھا ہے:

مکہ مکرمہ کی جانب ہجرت کا سبب یہ تھا کہ مصر کے قیام کے دوران آپ نے ''کتاب العباب فی الفقہ الشافعی'' کی انتہائی نفیس وضخیم شرح بنام ''بشری الکریم'' لکھی تھی، بعض شرپسند حاسدین نے اس کا مسودہ چوری کرلیا جس کی وجہ سے آپ علیہ الرحمہ بہت غمگین رہتے تھے لیکن صبر ورضا کے مقام عظیم پر فائز ہونے کی وجہ سے آپ اکثر چوری کرنے والوں کے لئے معافی کی دعائیں مانگا کرتے تھے پھر اسی واقعہ کے سبب آپ نے مکہ مکرمہ کی جانب ہجرت فرمائی۔

کچھ سیرت نگاروں نے لکھا ہے:

جامع ازہر میں قیام کے دوران متواتر مصائب وفاقہ کشی کے سبب آپ نے مکہ مکرمہ کی جانب ہجرت اختیار کی۔

اس وقت جامع ازہر کی حالت آپ خود بیان فرماتے ہیں:

اگر اللہ تعالیٰ کی امداد شامل حال نہ ہوتی تو بشری تقاضوں کے مطابق ان مصائب وآلام کو برداشت کرنا ناممکن تھا، ان فاقوں کا حال یہ تھا کہ جامع ازہر میں چار سال ایسے گذرے جس میں سوائے ایک رات کے ہم نے گوشت کا ذائقہ تک نہیں چکھا تھا اور اس ایک رات کا حال بھی یہ تھا کہ ہمیں کہا گیا، بھنا ہوا گوشت آرہا ہے آپ تمام طلباء بیٹھ جائیں پس ہم تمام لوگ ساری رات انتظار کرتے رہے، پھر رات کے اخیر میں گوشت ہمارے سامنے رکھا گیا تو وہ خشک وباسی گوشت تھا جس میں سے ہم ایک لقمہ بھی نہیں کھا سکے۔

بہر حال کئی ایسے مصائب وآلام تھے جنہوں نے شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کو مصر چھوڑنے پر مجبور کردیا، لہٰذا آپ نے 940ھ میں حج بیت اللہ کا سفر اختیار کیا اور پھر یہی قیام پذیر ہوگئے، حرمِ مکہ میں آپ کی رہائش بازارِ مکہ کے قریب ''حریۃ'' نامی جگہ پر تھی جو کہ مسجد حرام سے قریب تر جگہ تھی۔



Marfat.com

# مکہ مکرمہ کے مفتی اعظم

اللہ تعالیٰ نے شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کو یہ سعادت بخشی کہ انہیں اپنے گھر کے قرب وجوار میں سکونت عطا فرمائی، آپ ''34 سال'' تک مکہ مکرمہ میں قیام پذیر رہے اور پھر وہیں آپ کا وصال ہوا، اس عرصے میں مکہ مکرمہ میں مذہب شافعی کے امام اور مفتی اعظم تھے، علمائے کرام دور دراز سے استفتاء وسوالات ان کی خدمت میں بھیجا کرتے تھے، آپ کا جواب ان کے لئے حرفِ آخر کا درجہ رکھتا تھا کیونکہ آپ کی ذات والا صفات مرجع علم وفن بلکہ مرجع علماء وفقہاء تھی۔

شیخ عبدالقادر عیدروس متوفی 1038ھ اپنی کتاب ''النور السافر عن اخبار القرن العاشر'' کے صفحہ 39 پر لکھتے ہیں:

ابن حجر کے نام سے دو ائمہ معروف ہیں ایک امام احمد بن علی حجر عسقلانی شافعی اور دوسرے شیخ ابن حجر مکی ہیتمی، اگر چہ دونوں علم وفن کے بلند پایہ امام ہیں لیکن شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کو حافظ ابن حجر عسقلانی پر فقہ میں برتری حاصل ہے کیونکہ علم فقہ میں شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کو جو مقام ومرتبہ حاصل ہے، حافظ ابن حجر عسقلانی کو اس سے کوئی مماثلت حاصل نہیں اور ایسا کیوں نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کو عرصہ دراز تک اپنے حرم پاک کی سکونت وبرکات سے نوازا تھا اور یہ بات شیخ ابن حجر عسقلانی کو حاصل نہیں۔ (الخ)

مذہب شافعی کے سلسلے میں بلاشبہ شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کے ذات والا صفات حجت ہے، امام اجل شیخ الاسلام یوسف بن اسماعیل نبھانی علیہ الرحمہ اپنی کتاب لاجواب ''شواہد الحق'' کے صفحہ 470 پر لکھتے ہیں:

شیخ ابن حجر مکی مذہب شافعی میں ایسے امام جلیل ہیں کہ سوائے علامہ شمس رملی کے دوسرا کوئی امام وعلامہ ان کا ہم پلہ اور ہمسر نظر نہیں آتا البتہ ان دونوں کے درمیان ترجیح میں



Marfat.com

علمائے شافعیہ کا باہم اختلاف ہے (کہ ان میں کون افضل ہے) مگر جس (مسئلے) پر دونوں کا اتفاق ہو جائے تو تمام شافعیہ کے نزدیک علی اطلاق اس حکم پر عمل واعتقاد واجب ولازم ہو جاتا ہے تو یہ ہے مقام و مرتبہ شیخ ابن حجر مکی کا مذہب شافعی میں۔۔۔اور یہ اتنا واضح ہے کہ کوئی شخص اس کا انکار نہیں کرسکتا۔ (الخ)

الغرض شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے قریباً **34** سال تک مکہ مکرمہ زادھا اللہ شرفاً و تعظیماً میں مذہب شافعی کی مسند افتاء وتدریس کو رونق بخشی، متاخرین شافعی ائمہ میں آپ کا درجہ انتہائی بلند وبالا ہے، اسی لئے آج بھی مکہ مکرمہ میں شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کے اقوال اہل انصاف علمائے کرام کے لئے ایک دلیل کی حیثیت رکھتے ہیں بلکہ بہت سے مختلف فیہ مسائل میں آپ کے اقوال کی بنیاد پر ہی احکامات مرتب ہوتے ہیں جیسا کہ ماقبل علامہ نبہانی علیہ الرحمہ کی عبارت سے بھی اشارہ ملتا ہے۔

## شیخ ابن حجر مکی کا سلسلہ طریقت وتصوف

حضرت شیخ الاسلام ابن حجر مکی علیہ الرحمہ جس طرح سے شریعت وفقہ، علوم دینیہ میں امام تھے، اسی طرح آپ کی ذات بابرکات طریقت وتصوف میں بھی امامت جلیلہ کے منصب پر فائز تھی، شیخ ابن حجر مکی کی نسبت تصوف وطریقت کے بارے میں بھی موجودہ عرب سوانح وسیرت نگاروں نے چشم پوشی کی ہے، اس کی ظاہری وجہ تو یہ عیاں ہوتی ہے کہ اگر وہ آپ کی نسبت طریقت کو بیان کرتے تو خود ان کے بہت سے منصوبے خاک میں مل جاتے، اسی لئے شاید انہوں نے اس واضح وتابندہ حقیقت کو چھپانے کی کوشش کی لیکن حق ہمیشہ ظاہر ہو کر رہتا ہے۔

شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ دراصل قادری، چشتی، مدینی، شاذلی، نسبت طریقت و تصوف کے حامل تھے۔ آپ غالباً عالم اسلام کی وہ واحد شخصیت ہیں جنہوں نے اپنے ہی شاگرد



Marfat.com

کے ہاتھوں بیعت کی اور خود کو اپنے شاگردِ رشید کا شاگرد کہنے میں فخر محسوس کرتے تھے۔

اس اجمال کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ اپنے شاگرد جلیل شیخ الاسلام علی بن حسام الدین متقی قادری چشتی شاذلی متوفی ۹۷۵ھ سے مرید تھے اور انہی سے آپ نے خرقہ خلافت حاصل کیا، یہاں مزید گفتگو سے قبل ہم شیخ علی متقی کے مشائخ تصوف کا اجمالاً تذکرہ پیش کر رہے ہیں۔

شیخ علی بن حسام الدین متقی "**صاحب کنز العمال**" نے سب سے پہلے کمسنی میں اپنے والد گرامی عبدالملک بن قاضی خاں کے کہنے پر شیخ بہاء الدین گجراتی المعروف شیخ باجن شاہ چشتی کے دست اقدس پر بیعت کی اور "سلسلہ چشتیہ" میں داخل ہوئے، اس وقت آپ کی عمر آٹھ سال تھی اور اس وقت شیخ بہاء الدین گجراتی برہان پور میں قیام فرماتے تھے، پھر کچھ عرصے بعد شیخ بہاء الدین گجراتی کے بیٹے شیخ عبدالحکیم ابن بے جن شاہ سے "سلسلہ چشتیہ" کا خرقہ حاصل کیا، اس کے بعد ملتان جا کر شیخ حسام الدین متقی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور غالباً ان سے "سلسلہ قادریہ" میں خرقہ حاصل کیا۔

اس کے بعد مکہ مکرمہ میں شیخ الاسلام زکریا انصاری کے شاگردِ جلیل شیخ الازہر شیخ ابوالحسن بکری سے "سلسلہ عالیہ قادریہ شاذلیہ مدنیہ" کا خرقہ حاصل کیا نیز اسی زمانے میں شیخ محمد بن محمد سخاوی سے بھی "سلسلہ عالیہ قادریہ شاذلیہ" میں خلافت و اجازت حاصل کی اور "سلسلہ عالیہ مدنیہ" کا خرقہ شیخ ابومدین شعیب المغربی سے حاصل کیا۔

اس طرح شیخ علی متقی کا سلسلہ طریقت قادریہ چشتیہ شاذلیہ مدنیہ ہوا اور انہی سلاسل کی آپ نے شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کو اجازت و خلافت عطا فرمائی۔ شیخ علی متقی اپنے مرید کامل شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ سے عمر میں ۲۴ سال بڑے تھے، شیخ علی متقی نے شیخ ابن حجر مکی سے مکہ مکرمہ کے ابتدائی زمانہ قیام میں علم حدیث میں استفادہ کیا لیکن بعد میں تمام عمر شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے آپ کی ذات سے استفادہ فرمایا، اس بارے میں شیخ الاسلام عبدالحق



Marfat.com

محدث دہلوی علیہ الرحمہ کی عبارت ملاحظہ فرمائیں:

شیخ ابن حجر کہ دَرْ زمان خود اَعْظم فقہاء واَعلم علمائے مکہ معظمہ بود در ابتدای حال اُوستاد شیخ بود اگر دَرْ معانی بعضے احادیث متوقف ومتردّد شدی بشیخ گفتہ می فرستادہ کہ این حدیث را بہ تبویب جمع الجوامع دَر کدام باب نہادہ اند بقرینہ و قیاس آن بمعنی آن پی می برد و بارھا خود رَا نسبت بخدمت شیخ تلمیذ حقیقی می خواند و دَر آخر مرید شُد وخرقۂ خلافت پوشید.

ترجمہ: شیخ ابن حجر مکی جو اپنے زمانے میں مکہ مکرمہ کے بہت بڑے فقیہ وعالم تھے، وہ پہلے شیخ علی متقی کے استاد تھے لیکن انہیں بھی اگر کسی حدیث کے معنی میں مشکل درپیش آتی تو شیخ علی متقی سے کسی شخص کو بھیج کر پوچھ لیتے کہ آپ نے اس حدیث کو جمع الجوامع کے کس باب میں تبویب کیا ہے، ان کے بتانے پر مزید قیاس کر کے حدیث کے معانی تک رسائی حاصل کر لیتے تھے، (شیخ علی متقی نے "کنزالعمال" کے نام سے جمع الجوامع للسیوطی کی احادیث کو ابواب کے تحت جمع کیا ہے، یہاں اسی کی جانب اشارہ ہے) شیخ ابن حجر مکی نے بہت مرتبہ بطورِ فخر خود کو شیخ علی متقی کا شاگرد حقیقی شمار کیا ہے، حتی کہ عمر کے اخیر میں آپ ان کے باقاعدہ مرید ہو گئے تھے اور ان سے "سلاسل عالیہ" (قادریہ، چشتیہ، شاذلیہ، مدینیہ) کا خرقہ خلافت بھی حاصل کر لیا تھا۔

(اخبار الاخیار فارسی، صفحہ ۲۵۸، مطبوعہ نوریہ رضویہ پبلشنگ کمپنی، لاہور)

قارئین کرام! ان عبارات وحوالہ جات سے واضح ہو گیا کہ شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نسبت قادریہ، چشتیہ، شاذلیہ، مدینیہ رکھتے تھے اور انہی نسبتوں کو چھپانے کے لئے شیخ ابن حجر مکی کے سیرت نگاروں نے کہیں آپ کو "جنیدی" لکھا ہے اور کہیں فقط "شاذلی" اور یہ اس وجہ سے کیا تاکہ لوگ یہ نہ کہنے لگیں کہ دیکھو ایک وہ زمانہ تھا جب مفتی اعظم مکہ مکرمہ قادری، چشتی ہوا کرتے تھے یعنی سلاسل تصوف کے حامل اور صوفیائے کرام کے ماننے والے اور



Marfat.com

ایک اب کا زمانہ ہے کہ اب مکہ مکرمہ میں تصوف کے خلاف علم بلند کئے جاتے ہیں۔

لیکن الحمدللہ ہم نے اپنے قارئین کے لئے اللہ کے فضل وکرم سے انتہائی تلاش و بسیار کے بعد یہ انمول تحقیق پیش کردی ہے، لہٰذا اس کی جس قدر ممکن ہو با حوالہ تشہیر کی جائے تا کہ مخالفین کو ان کی عیاریوں کا سبق حاصل ہو نیز اس کے لئے لازمی ہے کہ آئندہ اپنی تحریروں میں امام ابن حجر مکی کے نام کے ساتھ ان نسبتوں کا استعمال بھی کیا جائے۔

## شیخ ابن حجر مکی کے شاگردین

شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے اپنی باقیات صالحات میں کثیر اکابر واجلہ شاگردین کا جم غفیر یادگار چھوڑا ہے، ویسے تو شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے جامعہ از ہر میں ہی تدریس کی ابتداء کردی تھی لیکن آپ کی تدریسی زندگی کی حقیقی معراج مکہ مکرمہ میں ہوئی اور یہ اللہ تعالیٰ کا آپ پر بہت فضل وکرم ہے کہ تدریسی زندگی کی معراج کا سفر اس مقدس شہر سے کرایا جہاں سے اپنے پیارے حبیب محمد مصطفیٰ ﷺ کو اپنے قربِ خاص کے لئے معراج کا سفر کرایا بلکہ اسی مقام سے متصل جگہ سے جہاں سے سید الانبیاء ﷺ قاب وقوسین اوادنی کے جانب تشریف لے گئے تھے کیونکہ شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ حرم مکہ میں مقامِ ابراہیم کے سامنے تدریس فرماتے تھے۔

ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ

یہ ایک لطیف نکتہ تھا جو راقم نے کتب میں لکھا نہیں پایا، میرے ربّ کریم کی جانب سے دورانِ تحریر دل میں ڈال دیا گیا اگر چہ یہ بھی بدیہی بات ہے مگر اپنے اسلاف کی پیروی میں اسے لکھ دیا ہے کہ وہ بھی ایسے نکات زیب قرطاس کردیا کرتے تھے۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ



Marfat.com

آپ سے کثیر خلق خدا نے اکتسابِ علم کیا یہاں چند مشاہیر تلامذہ کے اسمائے گرامی مع مختصر تعارف پیش خدمت ہے:

(1) شیخ عبدالقادر بن احمد بن علی فاکہی مکی، (ولادت 920ھ وفات 982ھ)

(2) شیخ عبدالرؤف بن یحیٰ مکی شافعی الواعظ، (ولادت 930ھ وفات 984ھ)

(3) شیخ جمال الدین محمد طاہر پٹنی ہندی مکی، (ولادت 913ھ وفات 986ھ)

(4) شیخ محمد بن احمد بن علی فاکہی مکی حنبلی، (ولادت 923ھ وفات 992ھ)

(5) شیخ احمد بن قاسم العبادی قاہری شافعی، (ولادت ---وفات 994ھ)

(6) شیخ عبدالکریم بن محب الدین حنفی مکی قطبی، (ولادت 961ھ وفات 1014ھ)

(7) شیخ علی بن سلطان محمد ملاعلی القاری مکی حنفی، (ولادت ---وفات 1014ھ)

(8) شیخ ابوبکر بن اسماعیل شنوانی مصری شافعی، (ولادت 959ھ وفات 1019ھ)

(9) شیخ حسام الدین علی متقی حنفی ہندی، (ولادت 885ھ وفات 975ھ)

(10) شیخ ابوبکر بن محمد السیفی الشافعی، (ولادت --وفات قریباً 975ھ)

**(1) شیخ عبدالقادر الفاکھی، متوفی 982ھ**

آپ کا پورا نام عبدالقادر بن احمد بن علی الفاکھی المکی ہے، ۹۲۰ھ میں پیدا ہوئے، کثیر علمائے کرام سے اکتساب علم کیا، مکہ مکرمہ میں قیام کے دوران شیخ ابن حجر مکی کی صحبت بابرکت اختیار کی اور شیخ ابن حجر مکی سے دیگر علوم وفنون کے ساتھ ساتھ بالخصوص علم فقہ میں کثیر استفادہ کیا، اپنے استاد سے حد درجہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے، اسی لیے ان کی شان مبارکہ کی تشہیر کیلئے "**فضائل ابن حجر ہیتمی**" نامی کتاب لکھی، اس کتاب کے متعدد اقتباسات "**الکواکب السائرۃ**" وغیرہ کتب میں ملتے ہیں، فی الحال یہ کتاب مفقود ہو چکی ہے، شیخ عبدالقادر فاکہی بذات خود بھی کثیر التصانیف مصنف تھے، حتی کہ اس کثرت سے کتابیں



Marfat.com

لکھیں کہ بعض لوگ انہیں امام جلال الدین سیوطی شافعی سے تشبیہ دیتے نظر آتے ہیں، ان تصانیف میں مناہج الاخلاق السنیہ فی مباہج الاخلاق السنیہ، شرح البدایہ للغزالی اور شرح المنہاج زیادہ معروف ہیں۔

**(2) شیخ عبدالرؤوف الواعظ، متوفی 984ھ**

آپ کا پورا نام عبدالرؤوف بن یحییٰ بن عبدالرؤوف المکی الشافعی ہے، ان کے دادا عبدالرؤوف ''الواعظ'' کے لقب سے معروف تھے اسی نسبت سے آپ کو بھی ''واعظ'' کہا جانے لگا، ۹۳۰ھ میں پیدا ہوئے، معروف ائمہ کرام سے اکتساب علم کیا اور پھر مکہ مکرمہ میں شیخ ابن حجر مکی کی صحبت اختیار کر لی اور شیخ سے تفسیر، اصول اور علوم عربیہ ادبیہ میں اکتساب علم کیا، شیخ ابن حجر نے انہیں اپنی مرویات کی اجازت عطا فرمائی، ۹۸۹ھ میں وصال فرمایا۔

**(3) شیخ جمال الدین محمد طاہر الہندی، متوفی 986ھ**

آپ کا پورا نام جمال الدین محمد طاہر الہندی اور لقب ''ملک المحدثین'' ہے، ۹۱۳ھ میں پیدا ہوئے، قرآن کریم حفظ کیا اور کم عمری میں ہی علوم وفنون میں مہارت حاصل کر لی حتی کہ علم حدیث کا گجرات میں آپ سے زیادہ کوئی عالم ماہر بلکہ پورے ہندوستان میں علم حدیث کے ماہرین میں آپ کا نام ممتاز نظر آتا ہے، آپ کے والد نے کثیر مال ودولت بطور میراث چھوڑی تھی جس میں سے آپ طلباء دین کی کفالت کیا کرتے تھے، مکہ مکرمہ میں حج بیت اللہ کے لیے حاضر ہوئے اور اسی دوران شیخ ابوالحسن البکری، شیخ ابن حجر مکی اور شیخ علی متقی سے اکتساب علم کیا، غالباً یہ ۹۴۴ھ کا واقعہ ہے کیونکہ اسی سال شیخ ابن حجر نے شیخ ابوالحسن البکری کے ساتھ حج کیا تھا ان کی شہرہ آفاق تصانیف میں ''مجمع بحار الانوار'' ایک عظیم علمی کارنامہ ہے، اس کے علاوہ دیگر تصانیف بھی ہیں آپ کو ۶ شوال ۹۸۶ھ کو فرقہ رافضہ مہدویہ کے چند افراد کے ہاتھوں جام شہادت نصیب ہوا۔



Marfat.com

**(4) شیخ محمد بن احمد الفاکھی الحنبلی، متوفی 992ھ**

آپ کا پورا نام محمد بن احمد بن علی الفاکھی المکی الحنبلی ہے، ۹۲۳ھ میں پیدا ہوئے، مذہب حنبلی کے معروف ومقتدر علماء میں شمار کیے جاتے ہیں، شیخ ابن حجر مکی سے مکہ مکرمہ میں سب سے اخیر میں اکتساب علم کرنے والوں میں شامل ہیں، کئی قابل قدر کتابیں تصنیف فرمائیں ان میں نور الابصار شرح مختصر الانوار، رسالہ فی اللغۃ شامل ہیں، نہایت سخی تھے، اسی لیے اکثر حالت قرض میں رہتے تھے لیکن لوگوں کی ضروریات پوری کرتے تھے، آپ پر حرارت کا غلبہ رہتا تھا، ہند میں کئی بار تشریف لائے، جمادی الاخری جمعہ کی رات ۹۹۲ھ میں انتقال فرمایا۔

**(5) شیخ احمد بن قاسم العبادی الشافعی، متوفی 994ھ**

آپ کا پورا نام احمد بن قاسم العبادی القاہری الشافعی ہے، علوم عربیہ اور فقہ شافعیہ کے ماہر تھے، شیخ ابن حجر مکی سے آپ نے دیگر علوم وفنون کے علاوہ بالخصوص عوارف المعارف، الورقات للجوینی کا درس لیا، آپ بھی کثیر التصانیف شخصیات میں شامل ہیں۔ الآیات البینات علی جمع الجوامع، حاشیہ علی شرح الورقات اور حاشیہ علی تحفۃ المحتاج لابن حجر انکی تصانیف ہیں، حج سے لوٹتے ہوئے انتقال ہوا اور مدینہ منورہ میں دفن ہوئے۔

**(6) شیخ عبدالکریم نہروانی قطبی حنفی، متوفی 1014ھ**

آپ کا پورا نام عبدالکریم بن محب الدین ابوعیسیٰ علاؤالدین احمد بن محمد النہروانی الحنفی المکی ہے اور ''قطبی'' کے لقب سے معروف ہیں، ۹۶۱ھ میں پیدا ہوئے، مکہ مکرمہ میں اکابر ائمہ کرام سے استفادہ کیا، بہت چھوٹی عمر میں شیخ ابن حجر سے تعلیم حاصل کی، ۹۸۲ھ میں مصلیٰ حنفی کی ذمہ داری بھی آپ کو تفویض کردی گئی، آپ نے تاریخ المدینہ قطب الدین نہروانی کا اختصار بھی کیا نیز بخاری شریف کی شرح بھی لکھی جو نامکمل رہی۔



Marfat.com

**(7) شیخ ملا علی القاری المکی الحنفی، متوفی 1014ھ**

آپ کا پورا نام علی بن سلطان محمد الہروی القاری المکی الحنفی ہے، آپ کے سال ولادت کا علم نہیں ہو سکا، جلیل القدر ائمہ کرام سے اکتساب علم کیا اور متاخرین میں آپ کی ذات خود ایک مستند حوالہ ہے، علوم حدیث وادب میں ان کی آراء کو قابل قدر گردانا جاتا ہے، شیخ ابن حجر مکی سے مکہ مکرمہ میں کثرت سے استفادہ کیا اسی لیے اپنی کتابوں میں جا بجا ان کے حوالے سے عبارت واقوال نقل کرتے ہیں البتہ بعض جگہ پر اپنے استاد شیخ ابن حجر مکی سے دلائل علمی کے ساتھ اختلاف کرتے بھی نظر آتے ہیں، آپ کی تصانیف بیشمار ہیں، جن میں مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح، شرح الشفاء للقاضی عیاض وغیرہ قابل فخر کتابیں ہیں، ایمان والدین کریمین کے بارے میں انتہائی سخت موقف رکھتے تھے اور نعوذ باللہ انہیں کافر کہتے تھے جیسا کہ ''مرقاۃ المفاتیح'' ہے لیکن اللہ تعالی کے فضل وکرم سے بعد میں اس موقف سے رجوع کر کے ایمان کے ثبوت کے قائل ہو گئے تھے جیسا کہ شرح الشفاء میں خود اس امر کی جانب کلام فرمایا ہے۔ وللہ الحمد و الثناء

**(8) شیخ ابوبکر الشنوانی الشافعی، متوفی 1019ھ**

آپ کا پورا نام ابوبکر بن اسماعیل بن شہاب الدین عمر بن علی الشنوانی التونسی المصری الشافعی ہے، ۹۵۹ھ میں پیدا ہوئے، شیخ ابن حجر مکی سے چھوٹی عمر میں اکتساب علم کیا اور بالخصوص تفسیر وحدیث میں مہارت حاصل کی، ان کی تصانیف میں حاشیہ المقدمۃ الازہریۃ فی علوم العربیہ، حاشیہ علی شرح قطر الندیٰ وغیرہ معروف ہیں۔

**(9) شیخ حسام الدین علی متقی حنفی ہندی، متوفی 975ھ**

آپ کا نام علی بن حسام الدین بن عبد الملک بن قاضی خان متقی شاذلی برہانپوری ہے، شیخ عبد القادر عیدروس نے ''النور السافر'' میں آپ کو ''قرشی'' بھی لکھا ہے، ہندوستان



Marfat.com

کے شہر برہانپور میں ۸۸۵ھ میں پیدا ہوئے، پھر ہجرت کر کے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے اور وہیں آپ کا وصال ہوا، اور جنت المعلیٰ میں پہاڑی (جواب نہیں ہے) کے پاس حضرت فضیل بن عیاض کے قرب میں مدفون ہوئے، شیخ ابن حجر مکی سے مکہ مکرمہ میں ابتدائی ایام میں استفادہ کیا، ان کے بارے میں مزید تفصیلات اسی کتاب کے عنوان ''شیخ ابن حجر مکی کا سلسلہ طریقت وتصوف'' میں مذکور ہو چکی، وہاں مراجعت فرمائیں۔

**(۱۰) شیخ ابوبکر بن محمد السیفی الشافعی، متوفی 975ھ**

آپ کا پورا نام ابوبکر بن محمد بن عبداللہ بن علی بن باعمر سیفی یزنی شافعی ہے، نفائس الدرر ''مخطوط'' کے سرورق پر آپ کو'' جنیدی'' بھی لکھا ہے، شیخ ابوبکر سیفی کے نام سے معروف ہیں، امام ابن حجر مکی کے ممتاز تلامذہ میں آپ کا شمار ہوتا ہے، معجم المؤلفین میں عمر رضا کحالہ نے آپ کو'' مؤرخ'' لکھا ہے۔ ''نفائس الدرر فی ترجمۃ ابن حجر'' کے نام سے شیخ ابن حجر مکی شافعی کے بارے میں ایک نفیس کتاب لکھی ہے جس میں آپ کی تصانیف کے اسمائے گرامی کو نہایت جامعیت کے ساتھ تحریر کیا ہے، آپ کے بارے میں اس سے زیادہ تفصیلات معلوم نہیں ہوسکیں۔

## شیخ ابن حجر مکی کا علمی خزانہ

شیخ الاسلام امام ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کو اللہ تعالیٰ نے تقریر وتدریس کے ساتھ ساتھ تحریر کی بے مثال قوت بھی عطا فرمائی تھی، اسی لئے شیخ موصوف نے جہاں اپنی تقریر وتدریس کی برکت سے خلق خدا کو فیضیاب کرتے ہوئے ائمہ علم وفن تیار فرما کر امت مسلمہ کے لئے یادگار چھوڑے، وہیں تحریری خدمات کی صورت میں بھی لاجواب وبے مثال علمی خزانہ امت مرحومہ کے لئے وراثت علمی کی صورت میں پیش کیا، جن میں سے کچھ تصانیف کے اب صرف نام ہی ملتے ہیں جبکہ بقیہ تصانیف چھپ چکی ہیں، انتہائی تلاش اور بیسیوں کتب مخطوطات



Marfat.com

کی ورق گردانی کے بعد جن تصانیف کے نام ہمیں مل سکے انہیں پیش نظر کر رہے ہیں، شاید اتنے اسمائے کتب کسی ایک کتاب میں یکجا نہ ملیں۔

(١) الاعلام بقواطع الاسلام

(٢) اتحاف أهل الاسلام بخصوصيات الصيام

(٣) الاتحاف ببيان أحكام اجارة الأوقاف

(٤) أسنى المطالب فى صلة الأقارب

(٥) اسعاف الابرار فى شرح مشكاة الأنوار (نفائس میں مذکور نہیں)

(٦) أشرف الوسائل الى فهم الشمائل

(٧) الافادة فيما جاء فى المرض والعيادة

(٨) الانافة [ أو الانابة ] فيما جاء فى الصدقة والضيافة

(٩) الايضاح شرح أحاديث النكاح (نفائس الدرر میں اس کا نام "الافصاح" مذکور ہے)

(١٠) الايعاب شرح العباب (نامکمل)

(١١) تحرير المقال فى آداب وأحكام وفوائد يحتاج اليها مؤدّبوا الاطفال مع ذيله

(١٢) تحفة المحتاج لشرح المنهاج

(١٣) تطهير الجنان واللسان عن ثلب معاوية بن أبى سفيان رضي الله عنه

(١٤) الجوهر المنظم فى زيارة القبر الشريف النبوى المكرم ﷺ

(١٥) الخيرات الحسان فى مناقب أبي حنيفة النعمان رضي الله عنه

(١٦) الدر المنضود فى الصلوٰة والسلام على صاحب المقام المحمود ﷺ

(١٧) الزواجر عن اقتراف الكبائر

(١٨) كنز الناظر فى مختصر الزواجر (نفائس میں نہیں)

(١٩) شرح ألفية ابن مالك

(٢٠) الصواعق المحرقة فى الرد على اهل البدع والزندقة، مع ذيله



Marfat.com

(۲۱) اصابة الأغراض فی سقوط الخیار بالاعراض

(۲۲) فتح الاله بشرح مشکاة المصابیح للتبریزی

(۲۳) الفتح المبین شرح الاربعین للنووی

(۲٤) کفّ الرعاع عن محرمات اللهو والسماع

(۲۵) مبلغ الارب فی فضل العرب

(۲٦) معدن الیواقیت الملتمعة فی مناقب الائمة الأربعة (نفائس میں نہیں)

(۲۷) المنح المکیة شرح الهمزیة فی مدح خیر البریة للبوصیری (نفائس میں نہیں)

(۲۸) منهاج الطالبین فی مختصر المحرّر فی فروع الشافعی (نفائس میں نہیں)

(۲۹) مختصر الایضاح للنووی (نفائس میں نہیں)

(۳۰) معجم وسط (تذکرہ شیوخ)

(۳۱) الامداد فی شرح الارشاد للمقری (شرحِ کبیر)

(۳۲) فتح الجواد فی شرح الارشاد للمقری (شرحِ صغیر)

(۳۳) الأربعون فی الجهاد

(۳٤) الأربعون العدلیة المسمّی الفضائل الکاملة لذوی الولایة العادلة

(۳۵) رسالة فی القدر (نفائس میں نہیں)

(۳٦) الانتباه لتحقیق غویص مسائل الاکراه (نفائس میں نہیں)

(۳۷) ایضاح الاحکام لما تأخذه العمّال والحکّام

(۳۸) تاریخ اخوان الصفا بنبذ من أخبار الخلفاء (نفائس میں نہیں)

(۳۹) تحذیر الثقات عن أکل الکفتة والقات

(٤۰) تحفة الزوار الی قبر النبی المختار ﷺ (نفائس میں نہیں)

(٤۱) التحقیق لما یشمله لفظ العتیق (نفائس میں نہیں)

(٤۲) تطهیر العیبة عن دنس الغیبة



Marfat.com

(٤٣) النخب الجليلة فى الخطب الجزيلة (نفائس میں نہیں)

(٤٤) تكفير الكبائر (نفائس میں نہیں)

(٤٥) تلخيص المحرّرمن الأراء حكم الطلاق المعلق بالابراء

(٤٦) تنبيه الأخيار على معضلات وقعت فى كتابى الوظائف واذكار الأذكار

(٤٧) تنوير البصائر والعيون بايضاح حكم بيع ساعة من قرار العيون (نفائس میں نہیں

(٤٨) جزء فى العمامة النبوية (نفائس میں نہیں

(٤٩) الحق الواضح المقدر فى حكم الوصية بالنصيب المقدر (نفائس میں نہیں

(٥٠) قرة العين ببيان أن التبرع لايبطله الدين

(٥١) كشف الغين عمن ضلّ عن محاسن قرة العين (مذکورہ بالا قرۃ العین کا ذیل

(٥٢) رفع الشبه والريب عن حكم الاقرار باخوة الزوجة المعروفة النسب

(٥٣) الدرر الزاهرة فى كشف بيان الآخرة (نفائس میں نہیں

(٥٤) سوابغ المدد فى العمل بمفهوم قول الواقف من مات من غير ولد

(٥٥) مختصر الروض فى الفقه المسمّى النعيم (یہی کتاب اوراسکی شرح چوری ہوئی تھی

(٥٦) شرح مختصر الروض فى الفقة (مسمّٰی بشریٰ الکریم شرح النعیم)

(٥٧) شرح مختصر أبى الحسن البكرى فى الفقة

(٥٨) شرح مقدمة بأفضل فى الفقة (نفائس میں نہیں

(٥٩) شنّ الغارة على من أبدى تقوله فى الحنّا وعواره

(٦٠) الفتاوى الحديثية (نفائس میں نہیں

(٦١) الفتاوى الفقهية الكبرىٰ

(٦٢) قواطع الاسلام فى الالفاظ المكفرة (نفائس میں نہیں

(٦٣) فضائل الصدقة وأحكامها و أنواعها (نفائس میں نہیں

(٦٤) القول المختصر فى علامات المهدى المنتظر (نفائس میں نہیں



Marfat.com

(٦٥) معجم صغير/ ثبت ابن حجر الهيتمى (تذکرہ شیوخ)

(٦٦) المناهل العذبة فى اصلاح ما و هى من الكعبة

(٦٧) القول الجلى فى خفض المعتلى (نفائس میں نہیں)

(٦٨) نصيحة الملوك

(٦٩) شرح صلاة النبى ﷺ للغزالى (نفائس میں نہیں)

(٧٠) النعمة الكبرىٰ على العالم فى مولد سيد ولد آدم

(٧١) تحرير الكلام فى القيام عند ذكر مولد خير الانام ﷺ (نفائس میں نہیں)

(٧٢) مولد النبى ﷺ أو اختصار النعمة الكبرى

(٧٣) حاشية الايضاح المسمّى منح الفتاح بكشف حقائق الايضاح للنووى

(٧٤) كنه أمراد فى شرح بانت سعاد (نفائس میں نہیں)

(٧٥) المنهاج القويم شرح على المقدمة الحضرمية فى الفقه الشافعى

(٧٦) الايضاح لما جاء فى الراشدين (نفائس میں نہیں)

(٧٧) ثلاث مسائل فى صفات البارى (نفائس میں نہیں)

(٧٨) أجوبة ابن حجر على اشكالات للعز بن عبد السلام (نفائس میں نہیں)

**نفائس الدرر للشيخ أبى بكر السيفى "مخطوط" میں مذکورہ کتب**

(٧٩) سعادة الدارين فى صلح الاخوين

(٨٠) حمر الفضاء لمن تولى القضاء

(٨١) الصاق عوار الهوس بمن لم يفهم الاضطراب فى حديث البسملة عن انس

(٨٢) المنهج القويم الى شرح مسائل التعليم

(٨٣) حاشية شرح الصغير على الارشاد

(٨٤) حاشية الايضاح المسمّى منح الفتاح بكشف حقائق الايضاح

(٨٥) حاشية شرح على المنهاج المسمّى طرفة الفقير بتحفة القدير (نامکمل)



Marfat.com

(٨٦) حاشية العباب المسمّى كشف النقاب عن مخبات العباب (نامکمل)

(٨٧) مختصر الارشاد (نامکمل)

(٨٨) المستعذب فى حكم بيع الماء أوساعة من قراره وتحقيق الحكم بالموجب

(٨٩) مسائل الاكراه الحسى والشرعى فى الطلاق

(٩٠) كشف الغين عن أحكام الطاعون وأنه لا يدخل البلدين

(٩١) أحكام الحمام

(٩٢) در الغمامة فى الطيلسان والعذبة والعمامة

(٩٣) كف ابن العفيف عن الخطاء والخطل والتحريف المسمّى الانتضار

(٩٤) مختصرشرح الهمزية كيف ترقى رقيك الانبياء

(٩٥) حسن التوسّل فى آداب زيارة أفضل الرسل ﷺ

(٩٦) طرق الفوائد و طرف الفرايد

(٩٧) التذكرة والتعرف فى الاصلين والتصوف

(٩٨) منظومة الحرومية (نامکمل)

(٩٩) منظومة فى أصول الدين

(١٠٠) شرح منظومة فى أصول الدين (نامکمل)

(١٠١) مختصر تاريخ الخلفاء للسيوطى

(١٠٢) ختم البخارى (نامکمل)

(١٠٣) ختم المنهاج

(١٠٤) شرح مختصر الاحياء المسمّى عين العلم (نامکمل)

(١٠٥) شرح عقيدة لابن العراقى (نامکمل)

(١٠٦) شرح العوارف المعارف (نامکمل)



Marfat.com

(١٠٧) أحكام الامامة

(١٠٨) شروط الوضوء

(١٠٩) رسالة فى الاسراء

(١١٠) رسالة فى الخلّ

(١١١) العتقا فى الوقف (مخطوط میں ایسے ہی مذکور ہے)

(١١٢) العمل بالمفهوم فى الوقف (مخطوط میں ایسے ہی مذکور ہے)

(١١٣) بطلان الدور فى مسألة السريجية (مخطوط میں ایسے ہی مذکور ہے)

(١١٤) رسالة فى (أحكام) الحيض

(١١٥) الايضاح والبيان لما جاء فى ليلتى الرغائب والنصف من شعبان

(١١٦) الذيل على حاشيته (لابن حجر مكى) على شمائل الترمذى

(١١٧) النفحات المكية (فى علم الكلام والرد على الرافضة والشيعة)

(١١٨) شرح الحزب لابى الحسن البكرى (نامکمل)

(١١٩) ردّ على من أنكر قول شيخ أبى الحسن البكرى فى حزبه أستغفر الله مما سوى الله

(١٢٠) مختصر الهنية السّنية فى الهيئة السُنيّة

(١٢١) مختصر كتاب خادم الزركشى المسمّى تحرير الخادم

نوٹ: ''نفائس الدرر'' کے حوالے سے جتنے کتب کے اسماء مذکور ہوئے ہیں یہ وہ ہیں جو اس کے علاوہ کہیں اور ذکر نہیں ہوئے، لیکن ۱ تا ۸۷ تک جو اسمائے کتب اوپر ذکر کیے گئے ہیں یہ اسماء دیگر کتب، مثلاً شذرات الذهب، الاعلام، الكواكب السائرة، النور السافر، ہدیۃ العارفین، کشف الظنون، نزہۃ الخواطر، معجم المؤلفین، وغیرہ میں بھی متفرق طور پر مذکور ہیں، البتہ ہم نے نفائس الدرر میں ان کے ہونے یا نہ ہونے کی وضاحت تحریر کر دی ہے۔



Marfat.com

شیخ الاسلام ابن حجر مکی ہیتمی علیہ الرحمہ کی تصانیف میں سے درج ذیل نمبروں کے مخطوطات کے عکس راقم الحروف کے پاس موجود ہیں۔

۱۱۵_۹۴_۸_۷۸_۷۷_۷۲_۷۰_۶۴_۶۲_۴۶_۴۵_۲۷_۲۴_۲۱

شیخ ابن حجر مکی کے تمام عقائد و معمولات وہی تھے جو آج بھی سواد اعظم اہل سنت و جماعت کا امتیازی وطیرہ ہے، لہٰذا صفحات کی تنگ دامنی کے پیش نظر مفصل کلام کرنے کے بجائے موضوع کی مناسبت سے فقط میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے آپ کی چند تصانیف کا تفصیلی تعارف پیش کر رہے ہیں جس سے اہل سنت کے معمولات سے امام موصوف کی محبت کا قدرے اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

## امام ابن حجر مکی اور میلاد النبی ﷺ

امام حرم مکی، مفتی اعظم شافعیہ، شیخ الاسلام ابن حجر مکی ہیتمی علیہ الرحمہ نے جہاں دیگر کئی علوم اسلامیہ کے حوالے سے بیش قیمت تصانیف تحریر فرمائیں، وہیں سید الانبیاء والمرسلین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے میلاد کے بارے میں بھی جواہر کو محبت وعقیدت کی لڑی میں سجا کر امت مسلمہ کے سامنے پیش کیا، شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ سے قبل بھی بے شمار اساطین امت و اکابرین ملت اسلامیہ نے اس موضوع پر لاجواب و بے مثال تصانیف تحریر فرمائی ہیں جو بلاشبہ ان کی زندگی کا بہترین ذخیرہ اور آخرت میں سرخروئی کا انمول تحفہ ہیں۔ اس طرح شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے بھی اسلاف کی روش پر چلتے ہوئے اور محبت رسول ﷺ کو عوام الناس میں مزید فروغ دینے کے لئے میلاد النبی ﷺ کے حوالہ سے درج ذیل کتابیں تحریر فرمائیں۔

**(1) النعمة الكبرىٰ على العالم في مولد سيد ولد آدم ﷺ**

**(2) تحرير الكلام في القيام عند ذكر مولد خير الانام ﷺ**

**(3) مولد النبي ﷺ أو اختصار النعمة الكبرىٰ**

## النعمة الکبریٰ علی العالم فی مولد سید ولد آدم ﷺ

یہ کتاب شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کی اپنے موضوع پر ایک بے مثال مختصر و جامع تالیف ہے اس میں شیخ موصوف نے واقعی ایسے نکات بیان فرمائے ہیں جو اپنی مثال آپ ہیں۔

اس کتاب کا سب سے پہلا نسخہ استنبول ترکی کا ہے جسے ”مکتبة ایشیق، دار الشفقة، استانبول، ترکی“ نے 1397ھ بمطابق 197ء کو شایانِ شان طرز پر شائع کیا، جس کے اخیر میں شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کے حیات انبیائے کرام علیہم السلام کے بارے میں ایک منظوم کلام کو بھی شامل کیا گیا ہے اور اس کے بعد ”حسن المقصد فی عمل المولد للسیوطی“ کے قلمی نسخہ کے عکس کو بھی شامل کیا گیا ہے، اس طرح کل صفحات کی تعداد 94 ہے۔

اسی کے عکس کو پاکستان میں مناظر اسلام ضیاء اللہ قادری علیہ الرحمہ کے زیر اہتمام قادری کتب خانہ تحصیل بازار سیالکوٹ نے ''سالک فضلی'' کے ترجمہ کے ساتھ دو مرتبہ شائع کیا ہے پہلی بار 1398ھ بمطابق 1978ء یعنی استانبول میں شائع ہونے کے ایک سال بعد اور دوسری مرتبہ 8 شعبان 1401ھ یعنی آج سے قریباً 31 سال قبل۔

اس کا ایک سلیس ترجمہ راقم الحروف نے بھی کیا ہے، جسے پہلی مرتبہ مبلغ اسلام، خلیفہ اعلیٰ حضرت، شاہ محمد عبد العلیم صدیقی میرٹھی علیہ الرحمہ کے نام سے منسوب ”مکتبہ علیمیہ“ کراچی نے مولانا محمد آصف خان علیمی کے زیر اہتمام اعلیٰ طباعت کے ساتھ ربیع الاول، ۱۴۲۹ھ بمطابق مارچ، ۲۰۰۸ء میں شائع کیا تھا اب اسی ترجمہ کا جدید ایڈیشن، مصنف کے تفصیلی حالات کے اضافے اور اعتراضات کے جوابات کے ساتھ زاویہ پبلیشرز لاہور کی جانب سے محترم نجابت علی تارڑ کے زیر اہتمام شائع کیا جا رہا ہے۔

اس کے علاوہ عربی متن کو ”مکتبة الحقیقة“ استانبول، ترکی نے 1424ھ



Marfat.com

بمطابق 2003ء میں شائع کیا، اس کے کل صفحات کی تعداد 321 ہے، اس میں ''النعمۃ الکبریٰ'' کے ساتھ ساتھ ''جواہر البحار'' میں مذکورہ کتاب کی جو تلخیص درج ہے اسے بھی شامل کردیا گیا ہے نیز ''الحقائق فی قرأۃ مولد النبی ﷺ'' نامی مجلّہ علمیہ کو بھی من وعن شامل کردیا گیا ہے۔

''النعمۃ الکبریٰ علی العالم'' کا ایک مخطوط شاہ سعود یونیورسٹی سعودی عرب میں موجود ہے، اس مخطوط کے کل صفحات کی تعداد 35 ہے، بقیہ تفصیل حسب ذیل ہے: المولد النبوی، کتب ستہ، 1276ھ، 32ق 19س، 15x23، تحت، 3506، السیرۃ النبویۃ۔

اس مخطوط کا عکس ہمارے پاس موجود ہے اس کے علاوہ ہمیں کسی دوسرے مخطوط کا سراغ نہیں مل سکا، شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے اپنی اسی کتاب کا اختصار بھی کیا تھا جس کا نام ''مولد النبی ﷺ'' ہے، اسی تلخیص کی ایک عربی شرح خاتم الفقہاء علامہ شامی کے بھتیجے علامہ شیخ احمد عابدین شامی نے لکھی جس کا نام ''نشر الدرر علی مولد ابن حجر'' ہے اکثر علمائے کرام نے اس شرح کو اصل النعمۃ الکبری کی شرح سمجھ لیا ہے جو کہ سنگین غلطی ہے، اس شرح کے متعدد اقتباسات علامہ نبہانی نے جواہر البحار اور حجۃ اللہ علی العالمین میں نقل کیے ہیں۔

## کتاب النعمۃ الکبریٰ علی العالم اور منکرین میلاد کا ردعمل

جیسا کہ مذکورہ بالا سطور میں ہم نے تفصیل کے ساتھ ''النعمۃ الکبری علی العالم'' کے مخطوط و مطبوعہ نسخوں کا ذکر کردیا ہے، لیکن ایسی شاندار کتاب جو مکمل اہل سنت کے مروجہ میلاد النبی کی تائید کررہی ہے اور اس پر کمال یہ کہ وہ لکھی ہوئی ہے مفتی اعظم مکہ مکرمہ شیخ الاسلام ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کی۔ اَب یہ بات تو منکرین میلاد کو کسی طور پر گوارا نہ ہوئی، اس



Marfat.com

لئے انہیں عیاری ومکاری سے کام لیناپڑا،جس کے لئے انہوں نے نہایت صفائی سے ایک نئ "النعمة الکبریٰ "ایجادکرڈالی۔

اس کامکمل نام انہوں نے رکھاہے "اتمام النعمة الکبری علی بمولد سید ولد آدم" اسے 1422ھ بمطابق 2001ء میں دارالکتب العلمیہ نے بڑے سائز پرشائع کیاہے،کل صفحات کی تعداد 127 ہے۔جس پر بے لگام تحقیق کی تکلیف اُٹھائی ہے عبدالعزیز سیدہاشم الغزولی نے۔

قارئین کرام!اس کارستانی کوملاحظہ فرمائیں اس مطبوعہ کتاب میں باقاعدہ مخطوطہ بھی معرض وجودمیں لایاگیاہے۔جس کاعکس بھی کتاب میں دیاگیاہے،اس کے محقق نے جگہ جگہ اپنی وہابیت کے رنگ بے رنگ سے صفحات ابیض کوسیاہ کرتے ہوئے بدعت وشرک کی گردان رٹی ہے،الحمدللہ راقم نے بھی اس کے حواشی پرکئی مقامات پرردّ بزبانِ عربی لکھ کر جواب دے دیاہے،بہرحال یہاں ان کی چوری کوظاہرکرنامقصودہے۔

مذکورہ نسخے میں جس مخطوطے کاعکس دیاگیاہے اس کے اخیرمیں نقل کی تاریخ 1305ھ دی گئی ہے یعنی یہ شاہ سعودیونیورسٹی والے مخطوطے(جس کاذکرہم نے ماقبل کیاہے) کے 29 سال بعدکاہے،شاہ سعودیونیورسٹی والے مخطوط(اسی کتاب کی ابتداء میں اس مخطوط کاعکس شامل کردیاگیاہے۔جس میں خلفائے راشدین کے اقوال وآثاربھی موجودہیں) میں تمام عبارات وہی ہیں جو مکتبة ایشیق یا مکتبة الحقیقة وغیرہ کے مطبوعہ نسخوں میں موجودہیں لیکن دارالکتب العلمیہ کے اس نسخہ کی ایک سطربھی نہ تواس مخطوط کے مطابق ہے اورنہ ہی اس تلخیص کے مطابق جسے شیخ ابن حجرمکی نے بذاتِ خودمولدالنبی ﷺ کے نام سے تیارکیاتھا۔

اس کے علاوہ اگرصرف نام پرہی غورکریں توچوری واضح ہے:"اتمام النعمة الکبریٰ علی العالم" لفظ"اتمام"ان کی اپنی ایجادہے،شیخ ابن حجرمکی علیہ الرحمہ نے نہ تو



Marfat.com

اس نام کی کوئی کتاب لکھی ہے اور نہ ہی انہوں نے اپنی تحریر کردہ لاجواب کتاب بنام "النعمة الکبریٰ علی العالم" کا کوئی "تکملہ" یا "اتمام" وغیرہ لکھا ہے اور لفظ اتمام کے بابت یہ بھی معنوی جہتوں کو فرض کرنے کی بنا پر ہم نے لکھا ہے ورنہ حقائق اس کے مخالف ہیں۔

اس کی دلیل یہ ہے: "ایضاح المکنون فی ذیل علی کشف الظنون" جلد 2 صفحہ 335، دار احیاء التراث العربی بیروت میں شیخ اسماعیل باشا بغدادی نے صرف "النعمة الکبریٰ علی العالم فی مولد سید ولد آدم" کا نام درج کیا ہے اور خود شیخ ابن حجر مکی نے مولد النبی ﷺ کے مقدمہ میں اپنی کتاب کا نام یہی درج کیا ہے وہاں "اتمام" کا لفظ ذکر نہیں ہے لہٰذا معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ خالصتاً بعد کی ایجاد ہے۔

تو اب یہ واضح ہو گیا کہ دار الکتب العلمیہ کے مطبوعہ نسخہ کے مصنف شیخ ابن حجر مکی نہیں ہیں بلکہ کوئی اور ہیں، اب وہ کون اس سے ہمیں اس جگہ کوئی سروکار نہیں، ہم نے اپنا مدعا حقائق کی روشنی میں واضح کر دیا اب قارئین کرام خود فیصلہ فرمالیں۔

نیز ایک بات یہ بھی کہ شیخ ابن حجر مکی نے یہ کتاب "النعمة الکبریٰ" مکہ مکرمہ میں اپنی عمر مبارک کے اخیر میں لکھی تھی اور چونکہ آپ کے تقریباً تمام علمی اثاثے مکہ مکرمہ میں ہیں اس لئے قرائن کی روشنی میں اس بات کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ "شاہ سعود یونیورسٹی" کا مخطوط ایک تو "دار الکتب العلمیہ" میں دیئے گئے "دار الکتب المصریہ" کے مخطوط سے قدیم ہے اور پھر تلخیص و مطبوعہ نسخہ جات کے بھی مطابق ہے لہٰذا وہی مخطوط قابل ترجیح ہے۔

"دار الکتب المصریہ" کا مخطوط کسی اور بزرگ کی تصنیف ہے (اور ہو سکتا ہے کہ یہ شیخ ابن حجر مکی کی ہی میلاد النبی کے حوالے سے کوئی دوسری کتاب ہو صرف نام بدل گیا ہو) اگرچہ اعتقادی اعتبار سے اس نسخہ میں بھی کئی امور اہل سنت و جماعت کی تائید کر رہے ہیں، اسی لیے محشی نے جا بجا حواشی کی صورت میں تکلیف اٹھائی اور وہابی ہونے کا حق ادا کیا ہے۔



Marfat.com

## النعمة الکبریٰ اور خلفائے اربعہ کے اقوال

بعض علمی حلقے سے بالخصوص اور منکرین میلاد کی جانب سے بالعموم یہ اعتراض اُٹھایا جاتا ہے کہ "النعمة الکبریٰ علی العالم" میں خلفائے راشدین اور دیگر ائمہ کرام کے ابتداءً چند اقوال فضائل میلاد النبی کے حوالے سے درج ہیں یہ بلا سند مذکور ہیں اور دیگر تصانیف سابقہ میں بھی ان کا کوئی ثبوت نہیں ملتا، اس لئے یہ کتاب ہی جعلی ہے اگر ایسی کوئی روایات ہوتیں تو امام ابن حجر عسقلانی، امام جلال الدین سیوطی، شیخ عبدالحق محدث دہلوی وغیرہ جیسے اکابرین کی نظروں سے بھلا کیوں پوشیدہ رہتیں؟

اگرچہ سوال بہت شاندار اور قوی ہے لیکن اس سے کتاب کے جعلی ہونے پر استدلال کرنا کم علمی اور علم وانصاف کے خلاف ہے، کسی کتاب کے تمام مندرجات کا صحیح ہونا ہی اگر مدار بنالیا جائے تو پھر بڑی بڑی کتب حدیث وعلم سے ہاتھ دھونا پڑے گا میری اس بات کی صداقت اہل علم پر بخوبی واضح ہے خیر یہ تو ایک عمومی بات تھی۔

اصل بات یہ ہے کہ بیشمار روایات ومسائل ایسے بھی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کسی فردِ خاص کے لئے روشن کرتا ہے مثلاً ایمان والدین کریمین سے متعلقہ کئی روایات ایسی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ پر واضح کیا جس کا اقرار امام سیوطی نے خود اپنے رسائل میں کیا بھی ہے۔

نوٹ کے بارے میں امام اہل سنت شاہ احمد رضا خاں سے سوال ہوا مکہ مکرمہ کے اکابر محدثین وفقہاء اس کے بارے میں ایک بھی جزیہ پیش کرنے سے عاجز رہے، حالانکہ اُس وقت حافظ کتب حرم مکی سید العلماء سید اسماعیل خلیل حنفی، امام حرم شیخ صالح کمال، مفتی اسلام شیخ عبداللہ صدیق بلکہ خود اعلیٰ حضرت کے دادا اُستاد امام العلماء شیخ الاسلام جمال بن عبداللہ مکی جیسے اکابر فقہاء ومحدثین موجود تھے لیکن اعلیٰ حضرت پر اللہ تعالیٰ نے اس علم کی



Marfat.com

حقانیت اور مسئلہ کی تفصیل کو واضح کر دیا اور جب فتح القدیر کا وہ جزیہ "لوباع کاغذة بالف یجوز" جو اعلیٰ حضرت نے لکھا تھا اسے شیخ عبداللہ صدیق نے پڑھا تو اپنی رانوں پر ہاتھ مار کر فرمانے لگے: اَیْنَ جَمَالُ بْنُ عَبْدِ اللهِ مِنْ هٰذَا النَّصِّ الصَّرِیْح یعنی جمال بن عبداللہ اس واضح دلیل سے کیوں غافل رہے۔ بہرحال علی العموم خلفائے اربعہ کے اقوال کو بلا سند دیکھ کر پوری کتاب ہی کو موضوع و بناوٹی کہہ دینا ہرگز علمی دیانت نہیں ہے۔

متاخرین علماء میں سے تقریباً تمام ہی نے احادیث وروایات سے اسناد کو حذف کر کے پیش کیا ہے کیونکہ ان کا ذکر طوالت کے باعث اور عمومی افراد کے لئے اس سے کوئی فائدہ وابستہ نہیں تھا، اسی لئے خود امام جلال الدین سیوطی، حافظ زین الدین عراقی، شیخ ابن حجر مکی، شیخ علی متقی وغیرہ نے فقط ایک دو راوی یا پھر فقط صحابہ وتابعین کے ناموں پر اکتفاء کیا ہے جیسا کہ ان ائمہ کرام کی تصانیف بطورِ ثبوت موجود ہیں تو ایسی صورت میں اگر شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے خلفائے راشدین اور دیگر ائمہ کرام کے چند اقوال اگر بلا سند ذکر کر دیئے ہیں تو اس میں کون سی پریشانی کی بات ہے؟

پریشانی کی بات تو تب ہوتی جب کوئی عام شخص ایسا کرتا لیکن یہاں تو شیخ ابن حجر مکی کی ذات والاصفات ہے جن کی ثقاہت وعدالت پر اہل عرب وعجم کا اتفاق ہے، اس لئے یہ لازمی امر ہے کہ شیخ موصوف نے یقیناً کسی مستند مآخذ سے پڑھ کر ہی اسے لکھا ہوگا، لہٰذا شیخ موصوف کا اسے نقل کرنا ہی بذاتِ خود ایک سند کی حیثیت رکھتا ہے مزید کسی ماخذ میں اس کا نہ ملنا ہرگز اس کے موضوع ہونے پر دلالت نہیں کرتا۔

نیز اسے موضوع کہنا فنی اعتبار سے بھی درست نہیں کیونکہ موضوعیت کی تعریف اس پر صادق ہی نہیں آتی جیسا کہ اہل علم پر واضح ہے۔



Marfat.com

درایت کے اعتبار سے بھی یہ اقوال قرآن وسنت کے منافی نہیں بلکہ دیگر ائمہ کرام کے میلاد النبی کے حوالے سے تحریر کردہ اقوال وکلمات سے بھی ان کی تائید ہوتی ہے تو پھر بھلا کیوں انہیں تسلیم کرنے میں دشواری پیش آرہی ہے؟

اگر اہل علم نظر انصاف سے کام لیں تو یہ اقوال اپنی جگہ ہر اعتبار سے بالکل صحیح ہیں لیکن اگر بہت زیادہ احتیاط بھی ملحوظ رکھی جائے تو بھی حد درجہ تنزل ''ضعیف'' ہے جو کہ فضائل اعمال میں قرآن وسنت کے متصادم نہ ہونے کی صورت میں بالاتفاق قابل قبول، تو اب ان تفصیلات کے پیش نظر یہ بات واضح ہوگئی کہ یہ اقوال وآثار ہرگز موضوع و بناوٹی نہیں بلکہ زیادہ سے زیادہ ضعیف شمار ہونگے۔

ان اقوال وآثار کی ایک اور بہترین توجیہہ وتاویل میرے شیخ واُستاد شیخ الاسلام علامہ ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی علیہ الرحمہ نے ایک ملاقات میں مجھ سے یہ بیان فرمائی ہے اور یہی قول الزواجر کے اردو ترجمہ میں تقدیم میں ذکر فرمایا: یہ ازقبیل ''مکاشفات'' ہوں (آثار کشفیہ، احادیث منامیہ) یعنی شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے انہیں خلفائے راشدین سے کشف ومنام کے طریق سے لیا ہے، اسی لئے براہ راست ان کا ذکر کر کے انہیں زیب وقرطاس فرمادیا، ایسی صورت میں کوئی اعتراض وارد نہیں ہوتا کیونکہ اس طرح کے اقوال وآثار اگر کسی مستند شخصیت سے منقول ہوں تو انہیں قرآن وسنت کے متصادم نہ ہونے کی صورت میں تسلیم کرلیا جاتا ہے جیسا کہ محی الدین ابن عربی اور شاہ ولی اللہ دہلوی کی تصانیف (فصوص الحکم، الدر الثمین وغیرہ) میں کئی اقوال درج ہیں۔

علمائے کرام نے ان کی یہی تاویل بیان کی ہے کہ شیخ ابن عربی اور شاہ ولی اللہ دہلوی نے انہیں براہ راست بطریق کشف والہام حاصل کر کے تحریر کیا ہے جیسا کہ شیخ ابن عربی فرماتے ہیں: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یوں فرمایا، یا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے



Marfat.com

یہ ارشاد فرمایا وغیرہ۔اسی طرح وہ صحابہ کرام کا بھی ذکر فرماتے ہیں تو اب ظاہری سی بات ہے کہ شیخ ابن عربی نے ان کی ظاہری حیات میں تو وہ فرمودات براہ راست نہیں سنے، لیکن نقل میں آپ کسی کا حوالہ بھی نہیں دیتے تو علمائے کرام نے اس کے بارے میں یہی فرمایا ہے کہ انہیں انبیائے کرام وصحابہ عظام سے بطریق کشف شرفِ ملاقات حاصل تھی تو کچھ ایسا ہی معاملہ اس باب میں شیخ ابن حجر مکی کا ہوسکتا ہے جس میں کوئی مانع بھی نہیں ہے کیونکہ بلاشبہ آپ ایک عظیم فقیہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بلند پایہ صوفی بھی تھے، اسی لئے بعض وہابیوں کو ان کا صوفی ہونا ہضم بھی نہیں ہوتا جس کی بنا پر وہابیوں کی جانب سے آپ کا مفصل ردّ بھی لکھا گیا ہے۔لہٰذا عین ممکن ہے کہ شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے اسے بطریق کشف و الہام حاصل کیا ہو تو اب کوئی شک باقی نہ رہا۔

اہل سنت و جماعت کے ایک ممتاز مصنف ومترجم، ہمارے سردار وممدوح زمانہ علیہ الرحمہ نے مزید یہ اعتراض بھی کیا ہے: ان اقوال میں ''درہم'' کا لفظ استعمال ہوا ہے جو خالصتاً بعد کی ایجاد ہے۔

لیکن یہ اعتراض بھی قابل توجہ نہیں اگر ان اقوال کو کشف کے قبیل سے مانا جائے تو کشف کا معاملہ اس زمانے یعنی شیخ ابن حجر مکی کے زمانہ کے مطابق تھا اور اس زمانے میں میلاد کے لئے دراہم خرچ کئے جاتے تھے بلکہ شیخ ابن حجر مکی سے قریباً 6 سو سال قبل بھی اس کا دستور موجود تھا، لہٰذا اس زمانے کے عمل کے مطابق کشف والہام میں ارشاد ہوا، بادشاہ مظفر کی محفل میلاد کا تذکرہ امام ابن کثیر اور امام سیوطی وغیرہ نے مفصلاً لکھا ہے اس میں بھی دراہم خرچ کرنے کا ذکر موجود ہے۔فافہم

اب ایسا تو ہو نہیں سکتا کہ انہیں کشف میں ایسے عمل کے بارے میں ترغیب دی جارہی ہو جو کہ صدیوں پہلے ختم ہوچکا ہو یا کبھی واقع ہی نہ ہوا ہو نیز کشف وحقیقت میں من



Marfat.com

کل الوجوہ مطابقت تلاش کرنا ایک لغوی بات ہے، ہاں ادنیٰ سی مطابقت بھی کافی ہے اور یہاں وہ مطابقت ہے ''اصل میلاد النبی ﷺ پر خوشی منانا'' جو کہ خلفائے راشدین کے زمانِ سعادت نشان بلکہ ولادت کے یوم اول سے ثابت ہے اور اگر بالفرض ان اقوال کو روایت کے اعتبار سے درست مانیں تو پھر یہ الفاظ بطورِ ترغیب ہوں گے چونکہ میلادِ مصطفیٰ کی خوشی منانا صحابہ کرام کے معمولات سے ثابت ہے بلکہ خود حضور نبی کریم ﷺ سے منقول ہے تو ترغیب میں زیادتی کے لئے ان الفاظوں کا ذکر فرما دیا گیا۔

فاضل شیخ گرامی قدر نے ایک اعتراض یہ بھی کیا ہے: ان روایات میں لفظ ''قراء'' ہے جس کی وجہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ اقوال دسویں صدی کے بعد تیار ہوئے ہیں کیونکہ صحابہ کرام کے زمانِ سعادت نشان میں تو میلاد کی کوئی کتاب ہی نہیں تھی جسے وہ پڑھتے؟

میں کہتا ہوں: یہاں بھی فاضل شیخ سے تسامح ہوا ہے کیونکہ دسویں صدی سے قبل بھی تو کتابیں اس موضوع پر موجود تھیں خاص طور پر اسی صدی کا ذکر فاضل شیخ کا اپنا ذاتی خیال ہے اور بس! باقی رہی پڑھنے کی بات تو ''قراء'' سے کیا کسی کتاب کا پڑھنا ہی مراد ہوتا ہے؟ نہیں! بلکہ ایسا ہرگز نہیں، مطلقاً بیان کے لئے بھی قراء کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے، ہاں اگر ''الکتاب'' کا ذکر متصل ہو تو کتاب پڑھنا مراد ہوتا ہے، **والتفصیل فی المطولات**.

تو جب یہ واضح ہے کہ قراء سے پڑھنا اور بیان کرنا وغیرہ معانی مراد ہوتے ہیں تو اب صحابہ کرام کے زمان کے اعتبار سے مطلق بیان کرنے کا معنی ہی ترجیح پائے گا اور مطلب یہ ہوگا کہ جس نے حضور ﷺ کے میلاد سے متعلق فضائل وکمالات وغیرہ کا بیان کیا۔ الخ

باقی یہ اعتراض کے اس کی شرح جو اقتباسات علامہ نبہانی نے اپنی کتاب میں درج کئے ہیں، یا اس کی وہ تلخیص جو شیخ ابن حجر مکی نے خود تیار کی تھی ان دونوں میں مذکورہ بالا



Marfat.com

اقوال کا ذکر نہیں ہے۔

تو اس اعتراض میں بھی کوئی قابل قدر یا حیران کن بات نہیں ہے، شیخ ابن حجر مکی نے تلخیص کی ابتداء میں "النعمة الکبری علی العالم" کا ذکر کر کے لکھا ہے کہ میں اسے ایک مختصر مجلس میں پڑھے جانے کے لئے تلخیص کا جامہ پہنا رہا ہوں۔ لہٰذا ممکن ہے کہ اسی مقصد کے پیش نظر صرف اہم اور خاص عنوانات کا انتخاب فرمایا اور اس کے ساتھ ساتھ کچھ نئے عنوانات بھی اس میں شامل کر کے ایک مختصر تلخیص تیار کی ہو جو کہ نسب، رضاعت، معجزات، خصائص وغیرہ پر مشتمل تھی۔

اسی طرح علامہ نبہانی نے بھی چند مخصوص اقتباسات ہی درج کئے ہیں من وعن تو وہ اپنی کتاب "جواہر البحار" میں درج ہی نہیں کرتے جیسا کہ انہوں نے اس بات کی مقدمہ میں وضاحت کر دی ہے کہ میں صرف نکاتِ مخصوصہ کو ہی بیان کروں گا اگر وہ اُسی طرح پوری پوری کتابوں کو درج کرنے لگتے تو پھر اس کی ضخامت کا آپ خود ہی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

بہر حال ہم آخر میں اتنی گذارش کرتے ہیں کہ دلائل وقرائن تو ہم نے پیش کر دیئے ہیں جو کہ اہل علم وانصاف کے لئے ان شاء اللہ کافی وشافی ہونگے لیکن کم فہم وہٹ دھرم لوگوں کے لئے ہمارے پاس ہدایت کی دعا کے علاوہ کچھ نہیں اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

پھر بھی جو حضرات علمی تحقیق کے پیش نظر انہیں قبول نہ کریں تو یہ ان کا حق ہے اور ہمیں ان سے کوئی شکایت نہیں لیکن اتنا ضرور عرض کریں گے کہ اپنی تحقیق کی بنیادیں کسی مضبوط دلائل پر استوار کریں، صرف سنی سنائی یا ایک نظر پڑھی ہوئی باتوں پر اتنے بڑے اقدام سے گریز کریں کیونکہ اس سے فائدہ مخالفین میلاد کو ہوگا۔



Marfat.com

## متنازع اقوال کی تائید میں ایک مستند حوالہ

آج تک کتاب ہذا کے مندرجات پر بالعموم اور خلفائے راشدین کے اقوال پر بالخصوص یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ یہ اقوال موضوع ہیں اس لیے اِن کا اعتبار نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ایسے اقوال و آثار کا وجود ماقبل کسی بھی کتاب میں نہیں ملتا بلکہ یہ خالص اسی کتاب میں سے ہی پائے جاتے ہیں، اس اعتراض کے خیالی وزن کے تحت اگرچہ بہت سے افراد اپنی رفعت خیال کو بام عروج پر نہیں لے جا سکے لیکن "جاء الحق و ذھق الباطل" کے مصداق اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں راقم الحروف کو ایک نہایت ہی واضح اور دندان شکن حوالے تک رسائی و معرفت عطا فرمائی۔

حال ہی میں شیخ الاسلام فقیہ امام محمد عابد سندی انصاری مدنی علیہ الرحمہ کی ایک کتاب "اَلرَّسَائِلُ الخَمْس" چھپی ہے جو کہ دراصل آپ کے تحریر کردہ پانچ عربی رسائل کا مجموعہ ہے، اس پر تحقیق و تخریج کے فرائض شیخ الحدیث محمد جان نعیمی نے ادا فرمائے ہیں اور راقم الحروف نے پہلی بار اس کا اردو ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل کی ہے جسے مکتبہ غوثیہ کراچی نے شائع کیا ہے۔

اس میں ایک رسالہ بنام "حُکمُ اِطْعَامِ الطَّعَامِ فِیْ مُنَاسِبَاتِ الْفَرْحِ أوالتَّـــــرَّح" بھی شامل ہے، اس میں امام عابد سندی انصاری علیہ الرحمہ نے اپنے دادا حضرت امام حافظ محمد مراد انصاری المشہور ''القاضی الواعظ'' کے فتاویٰ سے ایک حوالہ نقل کیا ہے (مفتی محمد جان نعیمی کو یہ فتاویٰ نہیں ملا اور نہ ہی اس کے بارے میں کوئی معلومات حاصل ہو سکیں تھیں تو انہوں نے اس حوالے کو ذکر کرنے کے بعد مطلع نہ ہونے کا عذر کر دیا لیکن ہمیں تلاش کے بعد اس کا سراغ مل گیا کہ یہ فتاویٰ مسجد مدینہ منورہ کی مرکزی لائبریری میں محفوظ ہے جس کے ایک صفحہ کا عکس ہم نے انٹرنیٹ پر بھی دیکھا تھا اور اس کے حصول کے لیے مفتی صاحب کو پیغام بھی بھیجا تھا لیکن شاید ابھی تک کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی اور اگر ہوئی



Marfat.com

بھی تو ہمیں علم نہیں، باقی ہمارے بس میں وہاں جانا اور اسے حاصل کرنا نہیں اور جو جاتے رہتے ہیں اور حاصل بھی کر سکتے ہیں ان کی ترجیحات میں کتابیں ہی نہیں، ہمارے یہاں تو یہ حال ہے کہ زیارتیں سال بھر کروالو ہر بار تیار لیکن اگر اُسی صاحب مزار شریف سے متعلق کسی کتاب کا کہہ دو جو کہ عام بازار میں وہاں دستیاب بھی تو ان زائرین صاحب ثروت پر بھی قبض کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے لہٰذا اگر کوئی صاحب حاصل کر سکے اور پھر دوسروں کو دینے کی ہمت بھی ہو تو زہے نصیب، ورنہ اسے وہیں رہنا زیادہ مناسب ہے) بہر کیف ہم ذیل میں من وعن متعلقہ مقام کو نقل کر رہے ہیں:

ا۔ "يَوْمَ مَوْلِدِهٖ ﷺ ذَبَحَ أَبُو بَكرِ الصِّدِّيْقُ مِائَةَ نَاقَةٍ وَتَصَدَّقَ بِهَا"

ترجمہ: میلاد النبی ﷺ کے دن حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سو اونٹ ذبح کر کے صدقہ کیے۔

۲۔ "تَصَدَّقَ أَبُو هُرَيْرَةَ فِيْ ذٰلِكَ بِثَلَاثَةِ أَقْرَاصٍ مِنْ شَعِيْرٍ"

ترجمہ: حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے (میلاد النبی ﷺ کے دن) تین بڑے برتن گندم سے بھر کر صدقہ کیے۔

قارئین کرام! مذکورہ بالا دونوں عبارات کو بغور پڑھیں اور دیکھیں کہ ان میں بھی حضرات صحابہ اور بالخصوص سیدنا امیر المومنین ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا میلاد النبی کے حوالے سے طرز عمل عیاں ہے، اب آپ خود ہی فیصلے کر لیں کہ وہ اقوال جو کتاب مستطاب "النعمة الکبریٰ" میں درج ہیں کہاں تک موضوع کہلانے کے مستحق ہیں؟

مذکورہ بالا تائیدی حوالہ جات و عبارات کو دیکھتے ہوئے اب تو انصاف پسند معترضین کو اپنے رویے سے باز آجانا چاہیے کیونکہ ہم نے "النعمة الکبریٰ" کے علاوہ سے انہی اقوال کی مثل پیش کر دیئے ہیں۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ



Marfat.com

## النعمة الکبریٰ کے خلاف سازشوں کا خلاصہ

ان تمام باتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ چونکہ شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے اس کتاب کے مندرجات کے ذریعہ سے منکرین میلاد کا ناطقہ بند کر دیا ہے لہٰذا وہ اب مجبور ہو گئے کہ آخر کیا کریں، اگر اسے مانتے ہیں تو بھی طعن و تشنیع کا شکار ہوں گے اور مطلقاً انکار بھی نہیں کر سکتے اس لئے انہوں نے کچھ عرصہ قبل یہ راہ نکالی اور لوگوں میں اسے عام کرنا شروع کر دیا، ماننے کی صورت میں تو وہ پھنس جاتے کہ آج تم ہر بات میں حرمین کے علماء کو مدار بناتے ہو لیکن ذرا 450 سال پیچھے تو دیکھو کہ اس وقت کے امام مفتی اعظم مکہ شیخ الاسلام ابن حجر مکی اور اس زمانے کے دیگر لوگ کن عقائد و معمولات پر کاربند تھے نیز اب کے علمائے حرمین اور اس وقت (450 سال پہلے) کے علمائے حرمین کا فرق دیکھ لو۔ لہٰذا یہ منکرین میلاد کی ایک بہت بڑی سازش ہے، جس سے کچھ اہل علم بھی متاثر ہو گئے ہیں اللہ ہمیں اور تمام مسلمانوں کو ان کے شر سے محفوظ رکھے۔

ایک بہت بڑے مناظر اسلام سے ایک مرتبہ میری اسی کتاب کے حوالے سے گفتگو ہوئی تو انہوں نے بھی اپنے تحفظات بیان فرمائے اور فرمایا کہ دیگر مستند کتب میلاد کی جانب توجہ کی جائے، میں نے عرض کی اگر مستند ہی کی بات ہے تو شیخ ابن حجر مکی سے زیادہ بھلا کون اس کا حق دار ہے اور اگر آپ اس کتاب سے اعراض کی بات کر رہے ہیں تو یہی تو منکرین میلاد چاہتے ہیں کہ رفتہ رفتہ اہل سنت کی ایسی کتابیں و عبارات غائب کرتے چلے جائیں اگر ہم اس کا دفاع نہیں کریں گے تو پھر کون کرے گا۔؟



Marfat.com

## یہی اقوال ہماری اساس نہیں ہے

اور یہاں یہ بات بھی عرض کردوں کہ " النعمة الکبریٰ " کے مندرجات یااس میں مذکورہ اقوال ہی ہمارے لئے دلیل نہیں ہیں کہ اگر یہ نہ ہوں تو ہمارے پاس کچھ باقی نہ رہے کیونکہ اصل میلاد اور اس پر خوشیاں منانا قرآن وسنت سے ثابت ہے اور ایسے اقوال تو فقط ہمارے "تائیدی دلائل" میں سے ایک ہیں اور اس بات کو خوب ذہن نشین کرلیں تاکہ گفتگو کا ماحصل واضح ہوکر ذہن نشین ہو جائے۔

نیز اپنوں کے لئے ایک نہایت اہم بات بیان کردوں کہ مکتبہ قادریہ سیالکوٹ سے 1398ھ میں) سالک فضلی صاحب کا جو ترجمہ شائع ہوا تھا اس پر حکیم محمد موسیٰ امرتسری، مفتی اعظم پاکستان علامہ ابوالبرکات قادری، شیخ الحدیث مناظر اسلام علامہ ضیاء اللہ قادری اور علامہ غلام رسول سعیدی کے اسمائے گرامی تحریر ہیں۔

اس ترجمہ کے محرک اصلی حکیم صاحب تھے اور ناشر مناظر اسلام ضیاء اللہ قادری صاحب نیز بقیہ اکابرین نے اسے حرف بحرف سنا اور مہر تصدیق ثبت فرمائی تھی (البتہ واضح رہے کہ علامہ غلام رسول سعیدی صاحب اپنے موقف سے رجوع کرچکے ہیں جیسا کہ آج سے کچھ سال پہلے میرے رابطہ کرنے پر انہوں نے اپنے شاگرد رشید مفتی اسماعیل نورانی کی وساطت سے مجھ فون پر مطلع فرمایا تھا)،

اب میرا سوال یہ ہے: کیا اُن اکابرین کے سامنے یہ اقوال نہیں تھے، کیا انہیں روایت ودرایت کے اصول وقوانین معلوم نہیں تھے، کیا انہوں نے جان بوجھ کر ایسی جعلی کتاب کی ناصرف تصدیق کی بلکہ اسے شائع بھی کیا۔؟

یقیناً یہ تمام اکابرین علم وفضل کے بلند پایہ مینار ہیں اور مسلک حق کی حقانیت ان کی خدمات سے روشن ہیں، ان کا اس کتاب کو درست سمجھتے ہوئے ترجمہ کروا کر شائع کرانا،



Marfat.com

اس کے صحیح اور حق ہونے کی واضح دلیل ہے، اب جو مانتا ہے اسے مبارک اور جو نہیں مانتا اسے اپنے عمل کا حساب خود دینا ہے، ہم نے اپنے علم وتحقیق کو حتی الامکان آپ کے سامنے پیش کر دیا اور حقیقت حال اور نقصان وکمال کو وہی بہتر جانتا ہے، میں اسی کے فضل سے ہدایت کا طالب ہوں۔

## تحریر الکلام فی القیام عند ذکر مولد خیر الانام ﷺ

شیخ الاسلام امام ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کی مولد النبی ﷺ کے حوالے سے ایک نفیس کتاب ہے، ایضاح المکنون فی ذیل علی کشف الظنون جلد۱صفحہ۱۲۱،مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت میں شیخ اسماعیل پاشا نے اس نام سے شیخ ابن حجر مکی کی کتاب کا ذکر کیا ہے، بہت تلاش وبسیار کے باوجود ہمیں اس کے کسی مطبوعہ یا مخطوط نسخے کا پتہ نہیں مل سکا اس کا فقط تذکرہ ملتا ہے۔

## مولد النبی ﷺ أو اختصار النعمۃ الکبریٰ

یہ امام ابن حجر مکی علیہ الرحمہ کی میلاد النبی ﷺ کے موضوع پر مختصر مگر جامع تحریر ہے اور دراصل یہ آپ کی کتاب "النعمۃ الکبریٰ علی العالم فی مولد سید ولد آدم" کی تلخیص مع مفید افاضات ہے جسے خود آپ نے تیار کیا تھا، اس کا سب سے پہلا مطبوعہ نسخہ غالباً " دار الصحابۃ للتراث بطنطا " کا ہے جو کہ ۱۹۹۰ء میں ابو الفضل الحوینی الاثری کی تعلیقات کے ساتھ شائع ہوا، اس کے کل صفحات کی تعداد مع مقدمہ "۶۴" ہے، "طنطا" ہی وہ علاقہ ہے جہاں سے شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ نے شیخ عارف باللہ بدوی علیہ الرحمہ کے مدرسہ میں ابتدائی تعلیم حاصل کی تھی۔

اس کتاب کے مختلف مخطوط ملتے ہیں، ہمارے پاس اس کے تین الگ الگ مخطوط موجود ہیں، مولد النبی ﷺ کے عنوان سے "شاہ سعود یونیورسٹی سعودی عرب" میں ۶۴۶۹



Marfat.com

# وفات پُر ملال

کے تحت ۱۸ صفحات پر مشتمل مخطوط موجود ہے جس پر ۱۱۸۶ھ کی تاریخ درج ہے۔ اس کے علاوہ ''جامعہ ٹوکیو'' جاپان کا بھی ایک مخطوط موجود ہے اس کے کل صفحات کی تعداد چھوٹے سائز پر ۳۱ ہے نیز تیسرا مخطوط بھی ''شاہ سعود یونیورسٹی سعودی عرب'' کا ہی ہے، اس کے ناقل کا نام ''سعید بن حسن'' ہے اس کے کل صفحات کی تعداد چھوٹے سائز پر ۲۹ ہے، یہ رقم ۶۰۰۳ پر موجود ہے ان تمام مذکورہ بالا مخطوطات کے عکس راقم کے پاس محفوظ ہیں۔

اس مولد النبی ﷺ کی کئی مختصر شروحات بھی لکھی گئیں ہیں، ان میں ایک مختصر حاشیہ وشرح شیخ محمد ابن یوسف بن ابراہیم بن علی المعروف محمد قش الترکی، کی ہے جو غیر مطبوعہ ہے، اس کا مخطوط راقم کے پاس موجود ہے کل صفحات کی تعداد بڑے سائز کے صفحات پر ۶۰ ہے، رسم الخط بہت باریک ہے ''الاعلام'' اور ''معجم المولفین'' میں اس کا ذکر ملتا ہے۔ دوسری شرح ''بهجة الفكر على مولد ابن حجر'' کے نام سے ملتی ہے، اسے شیخ محمد بن احمد بن علی دمیاطی نے لکھا ہے، یہ بھی غیر مطبوعہ ہے، اس کا عکسِ مخطوط راقم کے پاس موجود ہے، کل صفحات درمیانے سائز کے ۶۲ ہے، تاریخ نقل ۱۳۰۸، درج ہے، یہ مصنف کے اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ ہے۔ اس تلخیص کی ایک عربی شرح خاتم الفقہاء علامہ شامی کے بھتیجے علامہ شیخ احمد عابدین شامی نے لکھی جس کا نام '' نثر الدرر علی مولد ابن حجر '' ہے اکثر علماء نے اس شرح کو اصل النعمۃ الکبری کی شرح سمجھ لیا ہے جو کہ سنگین غلطی ہے، دراصل یہ النعمۃ الکبری کی تلخیص کی شرح ہے، اس شرح کے متعدد اقتباسات علامہ نبہانی نے جواہر البحار اور حجۃ اللہ علی العالمین میں نقل کیے ہیں۔

نیز اس کے علاوہ بھی اس مختصر کے کئی حواشی لکھے گئے ہیں جن کا ذکر یہاں طوالت کا باعث ہے ہم اسی قدر پر اکتفاء کرتے ہیں۔



Marfat.com

"نفائس الدرر فی ترجمة شیخ الاسلام ابن حجر" مخطوط میں شیخ ابن حجر مکی کے شاگرد علامہ ابی بکر بن محمد سیفی لکھتے ہے:

رجب المرجب، 974ھ کی ابتداء میں آپ علیل ہو گئے اور درس و تدریس ترک فرمادی، 21 رجب المرجب بروز ہفتہ اپنے احباب کو بلا کر وصیت فرمائی، اور 23 رجب المرجب بروز پیر چاشت کے وقت اس دار فانی سے رحلت فرما کر واصل بحق ہوئے۔

آپ کے جنازہ مبارکہ پر خلق خدا کا ایک ہجوم جمع ہو گیا اور لوگ آپ کے جنازہ کو اٹھا کر برکت حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے پر سبقت کر رہے تھے، اس روز مکہ مکرمہ کی ہر آنکھ اشکبار تھی، گھروں سے پردہ نشین عورتوں کے رونے کی آوازیں بلند ہو رہی تھیں، حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو شہید کر کے جس جگہ لٹکایا گیا تھا اسی جگہ کے قریب آپ کو جنت المعلیٰ (میں طبریین کے احاطہ) میں دفن کیا گیا۔

"آسماں ان کی لحد پر شبنم افشانی کرے"

نوٹ: شذرات الذهب، الکواکب السائرة، اور البدر الطالع وغیرہ کتب میں سن وصال 973ھ لکھا ہوا ہے، اس کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ آپ کا وصال مکہ مکرمہ میں 973ھ میں ہوا تھا لیکن دمشق میں اس بات کی خبر بعد میں 974ھ میں پہنچی، لہذا اصل 973ھ ہی ہے، لیکن یہ توجیہ درست معلوم نہیں ہوتی کیونکہ اس توجیہ کا مدار الکواکب السائرة پر ہے حالانکہ اس مقام پر خود الکواکب السائرة کی عبارت میں اختلاف ہے، جب کہ اکثر مؤرخین وائمہ کرام نے 974ھ کو ہی ترجیح دی ہے بلکہ شیخ ابن حجر مکی کے شاگرد شیخ ابوبکر بن محمد المعروف سیفی نے اپنی کتاب "نفائس الدرر" مخطوط میں بھی 974ھ ہی کو بیان کیا ہے اور انہوں نے تو مزید دن اور وقت کی بھی تعیین کر دی ہے اور شیخ سیفی غالباً شیخ ابن



Marfat.com

حجر مکی کے وصال کے وقت مکہ مکرمہ میں حاضر بھی تھے اسی لیے جنازہ کا چشم دید حال بھی مفصلاً لکھا ہے جب کہ ایسی تفصیلات ان کے علاوہ کسی اور نے بیان نہیں کی اس لیے 974ھ کا قول قرین صواب معلوم ہوتا ہے۔ واللہ اعلم

بظاہر یہ چند سطریں ہیں لیکن اس کی تلاش میں جو محنت ہمیں اُٹھانی پڑی ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے اور میں اسی سے جزاء کا طالب ہو۔

مفتی ابو محمد اعجاز احمد حفظہ اللہ

غفرله ولوالديه

12-05-2011/ جمادی الثانی، 1432ھ

بروز جمعرات، قبل نمازِ عصر



Marfat.com

# مآخذ ومراجع

اس مقدمے کی تصنیف میں ہم نے درج ذیل کتب سے استفادہ کیا ہے۔


١ اخبار الاخیار فارسی، شیخ عبدالحق محدث دہلوی — نوریہ رضویہ کمپنی، لاہور

٢ الاعلام، شیخ خیر الدین زرکلی — دار العلم للملایین، بیروت

٣ الاعلام (نزہۃ الخواطر)، عبدالحئی لکھنوی — دار ابن حزم، بیروت

٤ الضوء اللامع، امام شمس الدین سخاوی — دار الجیل، بیروت

٥ الکواکب السائرۃ، شیخ نجم الدین محمد بن محمد الغزی — دار الکتب العلمیہ، بیروت

٦ البدر الطالع، علامہ شوکانی — دار الکتب العلمیہ، بیروت

٧ النور السافر، شیخ عبدالقادر عیدروس — دار صادر، بیروت

٨ سفینۃ الاولیاء، شہزادہ دارا شکوہ قادری — نفیس اکیڈمی، کراچی

٩ شذرات الذہب، لابن العماد حنبلی دمشقی — دار ابن کثیر، بیروت

١٠ شواہد الحق، امام یوسف بن اسماعیل نبہانی — حامد اینڈ کمپنی، لاہور

١١ فہرس الفہارس، علامہ عبدالحی کتانی — دار الغرب الاسلامی، بیروت

١٢ معجم المؤلفین، عمر رضا کحالہ — مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت

١٣ نفائس الدرر فی ترجمۃ ابن حجر، لابی بکر بن محمد سیفی — مخطوطہ، شاہ سعود یونیورسٹی

١٤ ہدیۃ العارفین، اسماعیل باشا بغدادی — دار احیاء التراث العربی، بیروت

١٥ آراء ابن حجر الہیتمی، محمد بن عبدالعزیز الشایع — مکتبہ دار المنہاج، ریاض

١٦ ابن حجر الہیتمی، استاذ عبدالمعز الجزار — وزارۃ الاوقاف، قاہرہ، ١٤٠١ھ




Marfat.com

الحمد لله الذی نوّر و قوی هذه الامّة الضعيفة بوجودِ محمّد سيّد المرسلين ٠ الذی البسه الله تاج النبوة و جعله نبی الانبياء و آدم منجدل منسدمج فی الطين اصطفاه حبيباً طبيباً خصوصاً من بين هذا العموم أجمعين و قال ربنا تبارك و تعالی و هو أصدق القائلين.

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ :(سورہ الانبیا، آیت ۱۰۷)

ترجمہ: اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہاں کے لیے۔

اللہ جل جلالہ نے گذشتہ تمام آسمانی کتابیں، جنہیں سابقہ انبیاء کرام علیہم السلام پر نازل فرمایا تھا وہ حضور نبی کریم ﷺ کی آمد و بشارت کے بیان سے منور و روشن ہیں اور وہ صریح و واضح طور سے اس رسول معظم کی بعثت کی خوشخبری سناتی ہیں جن کا نام مبارک ''احمد'' ﷺ ہوگا اور ان کتب الٰہیہ میں جن انبیاء و مرسلین کے فضائل بیان ہوئے ہیں ان تمام انبیاء کرام علیہم السلام پر حضور نبی کریم ﷺ کی افضلیت کے بارے میں اشارے بیان کرتی ہیں لیکن ان اشارات کو کما حقہ اپنانے کا فریضہ سوائے امت محمدیہ ﷺ کے کسی امت نے ادا نہیں کیا۔ چنانچہ غافلین پر زجر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

أَنَّى لَهُمُ الذِّكْرَى وَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ: (سورہ الدخان، آیت ۱۳)

ترجمہ: کہاں سے ہوا انھیں نصیحت ماننا حالاں کہ ان کے پاس صاف بیان فرمانے والا رسول تشریف لا چکا۔



Marfat.com

عرش اعلیٰ کے فرشتے حضور نبی کریم ﷺ کے مبلغ علم کے بارے میں گفتگو کرتے رہے مگر انہیں غایت ومنتہائے علم کا پتا نہ چل سکا اور انبیائے کرام علیہم السلام بھی حضور نبی کریم ﷺ کے مقام وعظمت کو نہ پاسکے کیوں کہ آپ ﷺ ہی سجودِ آدم علیہ السلام کا راز اور دعائے ابراھیم علیہ السلام ہیں۔

اللہ تعالیٰ حضرت ابراھیم علیہ السلام کی دعا مبارک کو قرآن پاک میں یوں بیان فرماتا ہے:

رَبَّنَا وَابعَثْ فِيهِمْ رَسُولاً مِّنهُمْ يَتلُوا عَلَيهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الكِتَابَ وَالحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنتَ العَزِيزُ الحَكِيمُ.

ترجمہ: اے رب ہمارے اور بھیج ان میں ایک رسول انہی میں سے کہ ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انہیں کتاب اور پختہ علم سکھائے اور انہیں خوب ستھرا فرمادے بیشک تو ہی ہے غالب حکمت والا۔ (سورۃ البقرہ، آیت ۱۲۹)

اللہ جل جلالہ نے کفار وظالمین کے الزامات سے حضور نبی کریم ﷺ کی ذاتِ بابرکات کو خود مبرا ومنزہ فرمایا، چنانچہ ارشاد فرمایا:

وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ : (سورۂ تکویر، آیت ۲۲)

ترجمہ: اور تمہارے صاحب مجنون نہیں۔

پھر ایک اور مقام پر قرآن کریم میں حضور نبی کریم ﷺ کی حیات طیبہ کی قسم یاد فرمائی۔

لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ : (سورۃ الحجر، آیت ۷۲)

ترجمہ: اے محبوب تمہاری جان کی قسم، بے شک وہ اپنے فتنہ میں بھٹک رہے ہیں۔

حضور نبی کریم ﷺ اگرچہ ظاہراً سب سے آخر میں جلوہ فرما ہوئے مگر آپ کی آمد کی یہ شان تھی کہ آپ کے آنے سے سابقہ تمام شریعتیں وادیان منسوخ ہوگئے اور سب سے آخر میں تشریف لانا آپ ﷺ کی بعثت کے اعتبار سے ہے، وگرنہ حقیقت کے اعتبار سے آپ ہی سب سے اوّل ہیں جیسا کہ حدیث پاک میں ہے:



Marfat.com

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرَ نَبِیِّکَ یَاجَابِرُ.

ترجمہ: اے جابر! اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے تیرے نبی کے نور کو پیدا فرمایا۔

بایں وجہ میثاق مبارک میں بقیہ تمام نبیوں سے حضور نبی کریم ﷺ کے ذکر کو مقدم رکھا، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ وَمِنكَ وَمِن نُّوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ . (سورۃ الاحزاب، آیت ۷)

ترجمہ: اور اے محبوب یاد کرو جب ہم نے نبیوں سے عہد لیا اور تم سے اور نوح اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ بن مریم سے۔

اور حضور نبی کریم ﷺ کی ذات بابرکات کو تمام موجودات کا منبع اور عارفین کا محور و مرکز بنایا، نیز شان رسول پر متنبہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ .

ترجمہ: محمد تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہاں اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے۔ (سورۃ الاحزاب، آیت ۴۰)

حضور نبی کریم ﷺ کی ذات ہی کائنات کا راز حقیقی اور اہل سیادت کے لیے فخر کا تاج ہے، جن کی تعظیم وتکریم کو اللہ جل جلالہ نے اہل ایمان کے لیے سکون قلب و جاں بتایا ہے یعنی ہر معاملے میں حضور نبی کریم ﷺ کی تعظیم وتوقیر سب سے مقدم ہو اسی لیے اللہ جل جلالہ قرآن میں ارشاد فرماتا ہے:

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا: (سورۂ نساء، آیت ۶۵)

ترجمہ: تو اے محبوب! تمہارے ربّ کی قسم وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک اپنے



Marfat.com

آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ بنائیں پھر جو کچھ تم حکم فرمادو اپنے دلوں میں اس سے رکاوٹ نہ پائیں اور جی سے مان لیں۔

یہ حبیب معظم ﷺ گنہگاروں کا وسیلہ ہیں اسی لیے اللہ جل جلالہ نے واضح طور سے قرآن پاک میں اس بات کو بیان فرمادیا:

وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذ ظَّلَمُوا أَنفُسَهُمْ جَآؤُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ

وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّاباً رَّحِيْمًا: (سورۂ نساء، آیت ۶۴)

ترجمہ: اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

اے خطا کاروں کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور اے اللہ جل جلالہ کے حبیب ﷺ! آپ کی ذات مبارک ہی وہ ذات ہے جس نے اللہ جل شانہ سے اس شان کی ملاقات فرمائی کہ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی کے منصب جلیل پر فائز ہوئے اور جس طرح اللہ جل جلالہ نے ارادہ فرمایا اس کی تجلیات اور انوار سے اسی طرح فیضیاب ہوئے اور اس شان وحال سے کہ مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَاطَغٰی اور اس لمحے تو آپ ﷺ کی شان مزید دوبالا ہوگی جب کہ وعدہ الٰہی پورا ہوگا وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى۔

تو کیا ایسے وقت مبارک میں اپنے ان غلاموں وثناخوانوں کو بھول جائیں گے جن کے قلوب واذہان آپ ﷺ کے عشق وصحبت سے لبریز رہیں ہیں اور آپ ﷺ ہر حالت، ہر وقت، اللہ جل جلالہ کے کرم وفیض سے سرفراز ہیں اور یہ اس وقت تک ہوتا رہے گا جب تک کہ آپ ﷺ کو مقام محمود کے منصب جلیل پر فائز نہیں کردیا جاتا۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:



Marfat.com

عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا: (سورۂ بنی اسرائیل، آیت ۷۹)

ترجمہ: قریب ہے کہ تمہیں تمہارا ربّ ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں۔

اللہ جل جلالہ آپ ﷺ کو اور زیادہ عروج و بلندی نصیب فرمائے یہاں تک کہ آپ ﷺ راضی ہو جائیں، بیشک آپ ﷺ نے پیغام رسالت پہنچا دیا، حق امانت ادا کیا، اُمت کی خیر خواہی فرمائی اور اُن سے حزن وملال کو دور کر دیا ہے۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں جس نے آپ ﷺ کو اُمت مرحومہ کے لیے شفیق ومہربان باپ سے بھی زیادہ رحم دل بنایا ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

لَقَدْ جَاءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُم بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُوْفٌ رَّحِیْمٌ ، فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ . (سورہ توبہ، آیت ۱۲۸تا۱۲۹)

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس تشریف لائے تم میں سے وہ رسول جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان مہربان پھر اگر وہ منہ پھیریں تو تم فرمادو کہ مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔

صَلُّوا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْماً      حَتّٰی تَنَالُوا جَنَّةً وَنَعِیْماً

ترجمہ: حضور ﷺ پر کثرت سے درود وسلام پڑھو تا کہ اس کی برکت سے جنت نعیم میں جگہ نصیب ہو۔



Marfat.com

## يَا أُمَّةً بِنَبِيِّهَا مُتَفَضِّلَة

يَا أُمَّةً بِنَبِيِّهَا مُتَفَضِّلَهْ ☆ صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا فِي الْاَوَّلَهْ

أُمَّةُ مُحَمَّدٍ بِالْقُطُوفِ الدَّانِيَهْ ☆ صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا فِي الثَّانِيَهْ

أُمَّةُ مُحَمَّدٍ بِالْعُلُومِ مُتَوَارِثَهْ ☆ صَلُّوا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوا فِي الثَّالِثَهْ

اِجْعَلْ صَلَاتَكَ عَلَى النَّبِيِّ مُتَتَا بِعَهْ ☆ صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا فِي الرَّابِعَهْ

يَا مَنْ تَوَرَّقَ لَهُ الْغُصُونُ الْيَابِسَهْ ☆ صَلُّوا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوا فِي الْخَامِسَهْ

كُلُّ الْعُلُومِ مِنَ الْحَبِيْبِ دَارِسَهْ ☆ صَلُّوا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوا فِي السَّادِسَهْ

اَلْمَاءُ مِنْ بَيْنِ الْاَصَابِعِ نَابِعَهْ ☆ صَلُّوا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوا فِي السَّابِعَهْ

جَاءَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ يُبَشِّرُ آمِنَةْ ☆ صَلُّوا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوا فِي الثَّامِنَهْ

وَهُوَ الَّذِيْ فِيْ حَضْرَةِ الْقُدْسِ قَدْ سَعٰى ☆ صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا فِي التَّاسِعَهْ

اَنْوَارُ مُحَمَّدٍ فِيْ جَبِيْنِهٖ نَاشِرَهْ ☆ صَلُّوا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوا فِي الْعَاشِرَهْ

## اے اُمت محمدی! تم اپنے نبی کے باعث ہی افضل ہو

۱۔ اے اُمت محمدی! تم اپنے نبی کے باعث ہی افضل ہو، لہٰذا حضور نبی کریم ﷺ پر پہلی مرتبہ صلوٰۃ وسلام پڑھو۔

۲۔ اُمت محمدی کو جنتی پھل ملیں گے، لہٰذا حضور نبی کریم ﷺ پر دوسری مرتبہ صلوٰۃ وسلام پڑھو۔

۳۔ اُمت محمدی، علوم (و فیضانِ نبوت) کی وارث ہے، لہٰذا حضور نبی کریم ﷺ پر تیسری مرتبہ صلوٰۃ وسلام پڑھو۔



Marfat.com

۴۔ حضور نبی کریم ﷺ پر تمہیں کثرت سے درود پڑھنا چاہیے، لہٰذا حضور نبی کریم ﷺ پر چوتھی مرتبہ صلوٰۃ وسلام پڑھو۔

۵۔ حضور نبی کریم ﷺ کی ذات نے خشک ڈالیوں کو سرسبز کر دیا، لہٰذا حضور نبی کریم ﷺ پر پانچویں مرتبہ صلوٰۃ وسلام پڑھو۔

۶۔ حضور نبی کریم ﷺ سے ہی تمام علوم حاصل ہوئے ہیں، لہٰذا حضور نبی کریم ﷺ پر چھٹی مرتبہ صلوٰۃ وسلام پڑھو۔

۷۔ حضور نبی کریم ﷺ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری ہوئے، لہٰذا حضور نبی کریم ﷺ پر ساتویں مرتبہ صلوٰۃ وسلام پڑھو۔

۸۔ حضور نبی کریم ﷺ حضرت بی بی آمنہ کو بشارت دیتے ہوئے آئے، لہٰذا حضور نبی کریم ﷺ پر آٹھویں مرتبہ صلوٰۃ وسلام پڑھو۔

۹۔ حضور نبی کریم ﷺ کی ذات معراج کی شب اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تشریف لے گئی، لہٰذا حضور نبی کریم ﷺ پر نویں مرتبہ صلوٰۃ وسلام پڑھو۔

۱۰۔ حضور نبی کریم ﷺ کی جبیں مبارک سے انوار نبوت چمکتے تھے، لہٰذا حضور نبی کریم ﷺ پر دسویں مرتبہ صلوٰۃ وسلام پڑھو۔

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَا هُوَ اَهْلُهٗ



Marfat.com

# فضائل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

**۱۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں**

''جس کسی نے میلاد النبی ﷺ پڑھنے پر ایک درہم بھی خرچ کیا وہ شخص جنت میں میرے ساتھ ہوگا۔''

**۲۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں**

''جس نے میلاد النبی ﷺ کی تعظیم کی اس نے گویا اسلام کو زندہ کیا۔''

**۳۔ حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں**

''جس نے میلاد النبی ﷺ پڑھنے پر ایک درہم بھی خرچ کیا تو گویا وہ جنگ بدر و حنین میں حاضر ہوا۔''

**۴۔ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں**

''جس شخص نے میلاد النبی ﷺ کی تعظیم کی اور میلاد شریف پڑھنے کا سبب بنا (یعنی میلاد شریف کی محفل سجائی) تو ایسا شخص دنیا سے باایمان جائے گا اور جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوگا۔''

**۵۔ حضرت سیدنا حسن بصری تابعی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں**

''مجھے یہ بات پسند ہے کہ میرے پاس اُحد پہاڑ کے برابر سونا ہو اور میں اس کو میلاد النبی ﷺ پڑھنے پر خرچ کردوں۔''

**۶۔ حضرت سیدنا جنید بغدادی قدس اللہ سرہٗ ارشاد فرماتے ہیں**

''جو شخص میلاد النبی ﷺ کی محفل میں حاضر ہوا اور اس کی تعظیم و توقیر کی تو وہ شخص ایمان کے ساتھ کامیاب ہوگا (یعنی خاتمہ بالایمان ہوگا)۔''



Marfat.com

## ۷۔ حضرت سیدنا معروف کرخی قدس اللہ سرہ ارشاد فرماتے ہیں

''جس نے میلاد النبی ﷺ کی خوشی میں کھانے کا اہتمام کیا، دوست واحباب کو ج
کیا، چراغاں کیا، نئے کپڑے زیب تن کیے، خوشبو سلگائی، عطر لگایا اور یہ سب کام میلاد النبی
ﷺ کی تعظیم کے لیے کیے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو بروز قیامت انبیائے کرام کے پہلے مقد
گروہ کے ساتھ اٹھائے گا اور یہ شخص اعلیٰ علیین میں ہوگا۔''

## ۸۔ وحید العصر، فرید الدھر حضرت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں

''جس شخص نے بھی نمک، گیہوں، یا ایسے ہی کھانے کی کسی اور چیز پر حضور اک
ﷺ کا میلاد شریف پڑھا تو اس میں اور ہر اس چیز میں برکت ہوگی جو اس کھانے میں ملا د
جائے اور یہ کھانا اس وقت تک بے چین و بے قرار رہے گا جب تک اللہ تعالیٰ اس ے
کھانے والے کی مغفرت نہ کردے۔

اور اگر چہ حضور اکرم ﷺ کا میلاد مبارک پانی پر ہی پڑھا جائے تو جو شخص بھی ا
پانی سے پیئے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے دل میں ہزار نور و رحمتیں بھر دے گا اور ہزار کینے ا
بیماریوں کو نکال دے گا اور جس دن تمام دل مردہ ہو جائیں گے تو اس کا دل پھر بھی زند
ہے گا، جس نے میلاد مبارک کو درہم و دینار پر پڑھا اور پھر ان میں دوسرے مال (دینار وغیر
کو بھی ملا دیا تو ان میں بھی برکت ہو جائے گی اور محفل میلاد النبی ﷺ منانے و منعقد کر
والا نبی کریم ﷺ کی برکت سے کبھی بھی محتاج و تنگ دست نہ ہوگا۔''

## ۹۔ حضرت سیدنا امام شافعی قدس اللہ سرہٗ ارشاد فرماتے ہیں

''جس نے میلاد النبی ﷺ کے لیے دوست واحباب کو دعوت دی، کھانے کا اہتم
کیا، مکان کو خالی کیا (محفل کے انعقاد کے لیے) اور نیکی و بھلائی کے کام کیے تو اللہ تعالیٰ ر
قیامت اس کو صدیقین، شہداء اور صالحین کے ساتھ اٹھائے گا اور وہ جنت نعیم میں ہوگا۔''



Marfat.com

**۱۰۔ حضرت سیدنا سری سقطی قدس اللہ سرہ ارشاد فرماتے ہیں**

جس شخص نے کسی ایسی جگہ جانے کا ارادہ کیا جہاں میلاد شریف پڑھا جائے تو اس شخص نے گویا جنت کے باغوں میں سے ایک جنتی باغ کا ارادہ کیا کیوں کہ اس نے نبی مکرم ﷺ کی محبت ہی کی وجہ سے اس جگہ جانے کا ارادہ کیا۔'' اور حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:

مَنْ اَحَبَّنِی کَانَ مَعِی فِیْ الجَنَّۃِ

ترجمہ: جس نے مجھ سے محبت کی، جنت میں وہ میرے ساتھ ہوگا۔

**۱۱۔ حضرت سلطان العارفین سیدنا امام جلال الدین سیوطی شافعی قدس اللہ سرہ اپنی کتاب الوسائل فی شرح ا مائل میں ارساد فرماتے ہیں**

''کوئی گھر، مسجد، یا محلّہ ایسا نہیں کہ جس میں نبی محترم ﷺ کا میلاد مبارک پڑھا جائے مگر یہ کہ فرشتے اس گھر، مسجد یا محلے کو اپنے نورانی پروں سے گھیر لیتے ہیں اور اس محفل والوں کے لیے نزول رحمت کی دعا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت و رضوان کو ان لیے وسیع و کشادہ فرماتا ہے اور سرداران ملائکہ جن کے گلوں میں نورانی ہار ہیں یعنی جبرائیل، میکائل، اسرافیل اور عزرائیل علیہم الصلوۃ والسلام یہ بھی میلاد مبارک کے پڑھنے والے کے لیے نزول رحمت کی دعا کرتے ہیں۔''

**۱۲۔ علمائے اسلام ارشاد فرماتے ہیں**

''جس نے اپنے گھر میں حضور نبی کریم ﷺ کی محفل میلاد شریف منعقد کی تو فرشتے اس مکان کو سال بھر کے لیے اس دن تک گھیرے رہتے ہیں جس دن کہ حضور ﷺ کی میلاد شریف کی محفل اس گھر میں ہوئی تھی۔''

اسی طرح مزید ارشاد فرمایا:

''جس گھر میں مسلمان میلاد شریف پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس گھر سے اور گھر والوں



Marfat.com

سے قحط ووباء، آتش زنی وغرقابی، آفات وبلیات، بغض وحسد، نگاہ بد اور چوروں کے خطرات کو دور کر دیتا ہے اور جب یہ شخص مر جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس شخص پر منکر نکیر کے جواب کو آسان کر دیتا ہے اور وہ قادرِ مطلق اور مالک حقیقی کے ہاں مقام صدق میں ہوتا ہے۔

جو شخص میلاد النبی ﷺ کی تعظیم کرتا ہو تو اس شخص کے لیے اتنا ہی بیان کافی ہے۔ اور جو حضور اکرم ﷺ کی میلاد شریف کی تعظیم نہیں کرتا تو اگر حضور ﷺ کی مدح وثنا میں تمام دنیا بھر دی جائے تو بھی اس کے دل میں نبی مکرم ﷺ کی محبت موجزن نہیں ہوگی۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ عالی میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان لوگوں میں شامل فرمائے جو حضور مکرم ﷺ کی تعظیم کرتے ہیں اور آپ ﷺ کے مقام ومرتبے سے واقف ہیں اور حضور ﷺ کے خاص محبین اور غلاموں میں شامل فرمائے۔ آمین یارب العالمین

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْن

صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا حَتّٰى تَنَالُوا جَنَّةً وَنَعِيمًا

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کثرت سے دُرود وسلام پڑھو تا کہ اس کی برکت سے جنت نعیم میں جگہ نصیب ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ



Marfat.com

# لِیْ نَبِیٌّ اِسْمُہٗ مُحَمَّدٌ یَا مَوْلَایَ

لِیْ نَبِیٌّ اِسْمُہٗ مُحَمَّدٌ یَا مَوْلَایَ ☆ لَمْ یَزَلْ فَضْلُہٗ عَلَیْنَا
ھُوَ نَبِیٌّ ھُوَ شَفِیْعِیْ یَا مَوْلَایَ ☆ غَدًا مِنْ نَارِ الْقَوِیَا
نُوْرُ الْبَھِیِّ مِنَ الشَّمْسِ یَا مَوْلَایَ ☆ خَصَّہٗ رَبُّ الْبَرِیَا
اَنْطَقَ النَّخْلَ بِفَضْلِہٖ یَا مَوْلَایَ ☆ وَلَہٗ وَجْہٌ مُضِیَا
قَدْ رَقٰی فَوْقَ السَّمَاءِ یَا مَوْلَایَ ☆ وَارْتَقٰی سَبْعًا عَلِیَا
نَبَعَ الْمَاءُ مِنْ کَفِّہٖ یَا مَوْلَایَ ☆ وَسَقٰی الْجَیْشَ الْحَمِیَّا
اَنْفُہٗ اَقْنٰی کَسَیْفٍ یَا مَوْلَایَ ☆ وَالْحَوَاجِبُ اَنْوَرِیَا
خَدُّہٗ کَالْوَرْدِ الْاَحْمَرِ یَا مَوْلَایَ ☆ وَالْعُیُوْنُ الْاَکْحَلِیَا
شَعْرُہٗ اَدْعَجُ مُسَلْسٌ یَا مَوْلَایَ ☆ شِبْہُہٗ لَیْلٍ اَعْتَمِیَا
فَمُہٗ ضَیْقٌ صَغِیْرٌ یَا مَوْلَایَ ☆ شِبْہُہٗ خَاتَمِ جَعْفَرِیَا
جِسْمُہٗ اَبْیَضُ مُنْعِمٌ یَا مَوْلَایَ ☆ شِبْہُہٗ فِضَّۃُ اَحْجَرِیَا
عَنْکَبُوْتٌ عَشَشَ وَخِیَمٌ یَا مَوْلَایَ ☆ مِنْ کُفُوْرِ الْجَاھِلِیَا
زَادَ شَوْقِیْ لِحَبِیْبِیْ یَا مَوْلَایَ ☆ وَکَوَانِیْ الْھَجْرَ کَیَا
فَازَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ یَا مَوْلَایَ ☆ بِالرِّضَا وَ الْجَنَّتِیَا
وَارْضَ عَنْ اَصْحَابِہٖ جَمْعًا یَا مَوْلَایَ ☆ عَلٰی رَغْمِ الرَّافِضِیَا



Marfat.com

## اے میرے ربّ! میرے نبی کا نام مبارک محمد ﷺ ہے

۱۔اے میرے ربّ! میرے نبی کا نام مبارک محمد ﷺ ہے،ان کا فضل ہمیشہ ہم پر قائم رکھنا۔

۲۔اے میرے ربّ! میرے نبی کل قیامت میں بھڑکتی آگ سے بچانے کے لیے میرے شفیع ہیں۔

۳۔اے میرے ربّ! وہ نبی سورج سے بھی زیادہ نورانیت والے ہیں،ربّ کائنات نے انہیں (بے مثال) خصوصیات سے نوازا ہے۔

۴۔اے میرے ربّ! ان کے فضل سے درخت بھی گویا ہوئے،اوران کا چہرہ آفتاب سے بھی زیادہ روشن ہے۔

۵۔اے میرے ربّ! وہ (محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم) آسمان پر تشریف لے گئے اور ساتوں آسمانوں سے بھی بلند ہو گئے۔

۶۔اے میرے ربّ! ان کے دست اقدس سے پانی (کا چشمہ) بہا اور پیاسا لشکر سیراب ہو گیا۔

۷۔اے میرے ربّ! ان کی بینی مبارک (ناک شریف) تلوار کی مثل بلند تھی اور ابروٗ مبارک چمکدار تھیں۔

۸۔اے میرے ربّ! ان کے رخسار سرخ گلاب کے مانند تھے اور آنکھیں سرگیں تھیں۔

۹۔اے میرے ربّ! ان کے بال مبارک الگ الگ (ریشمی) اور اندھیری رات کی مثل سیاہ تھے۔

۱۰۔اے میرے ربّ! ان کا دہانۂ اقدس جعفری انگوٹھی کی مثل چھوٹا (مگر خوبصورت) تھا۔

۱۱۔اے میرے ربّ! ان کا جسم اقدس کان سے نکلی ہوئی چاندی کی مثل سفید اور توانا تھا۔



Marfat.com

۱۲۔اے میرے ربّ! مکڑی نے جالا بُن کر انہیں جاہل کفار سے اوٹ فراہم کی۔

۱۳۔اے میرے ربّ! میرے محبوب کے لیے میری محبت میں اضافہ فرما، فراق نے مجھے نیم جاں کر رکھا ہے۔

۱۴۔اے میرے ربّ! جس نے بھی اُس (محبوب) پر دُرود پڑھا وہ (تیری) رضا و جنت کے لیے کامیاب ہو گیا۔

۱۵۔اے میرے ربّ! ان کے تمام اصحاب کرام سے راضی رہ تا کہ رافضی ذلیل و خوار ہوں۔

حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنَا اَوَّلُ النَّاسِ خُرُوْجًا اِذَا بُعِثُوْا وَاَنَا قَائِدُهُمْ اِذَا وَفَدُوْا وَاَنَا خَطِيْبُهُمْ اِذَا أَنْصَتُوْا وَاَنَا مُسْتَشْفِعُهُمْ اِذَا حُبِسُوْا وَاَنَا مُبَشِّرُهُمْ اِذَا أَيِسُوا اَلْكَرَامَةُ وَالْمَفَاتِيْحُ حِيْنَئِذٍ بِيَدِيْ وَاَنَا اَكْرَمُ وَلَدِ آدَمَ عَلٰى رَبِّىْ يَطُوْفُ عَلَيَّ اَلْفُ خَادِمٍ كَاَنَّهُمْ بَيْضٌ مَكْنُوْنٌ اَوْ لُؤْلُؤٌ مَنْثُوْرٌ. صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ.

ترجمہ: حضور نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب لوگ اٹھائے جائیں گے تو سب سے پہلے میں قبر سے اٹھوں گا اور جب وہ روانہ کیے جائیں گے تو میں ان کا قائد ہوں گا اور جب وہ خاموش ہوں گے تو میں ان کا خطیب ہوں گا اور جب روکے جائیں گے تو میں ان کی شفاعت کروں گا، جب مایوس ہو جائیں گے تو میں ان کو بشارت دوں گا، کرامت و بزرگی اور جنت کی کنجیاں سب میرے ہاتھ میں ہوں گی، اولادِ آدم میں سے اپنے ربّ کے نزدیک سب سے زیادہ میں معزز ہوں گا، ہزار خادمین میرا طواف کریں گے گویا کہ وہ چمکتے ہوئے انڈے ہیں یا روشنی بکھیرتے ہوئے موتی (یعنی وہ بہت حسین و جمیل ہوں گے)۔

اے اللہ نبی مکرم ﷺ پر روز قیامت تک رحمت و رضوان نازل فرما۔



Marfat.com

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : لِیْ اَسْمَاءٌ اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا الْمَاحِیُ الَّذِیْ یَمْحُوا اللّٰهُ بِیَ الْكُفْرَ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِیْ یُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰی قَدَمِیْ وَاَنَا الْعَاقِبُ وَالْعَاقِبُ لَیْسَ بَعْدَهٗ نَبِیٌّ وَاَنَا الْمُقَفّٰی وَنَبِیُّ التَّوْبَةِ وَنَبِیُّ الرَّحْمَةِ.

ترجمہ: حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا: میرے (بہت سے) نام ہیں، میں محمد ہوں (یعنی بہت زیادہ تعریف کیا گیا) احمد ہوں (یعنی بہت زیادہ حمد کرنے والا) میں مٹانے والا ہوں، اللہ تعالیٰ میرے سبب سے کفر کو مٹائے گا اور میں جمع کرنے والا ہوں میرے قدم پر سب جمع ہوں گے، میں عاقب ہوں اور عاقب اسے کہتے ہیں جو سب سے آخر میں ہو اور میں پیچھے آنے والا یعنی آخر الانبیا ہوں، توبہ کا نبی اور رحمت کا نبی ہوں۔

## صحابہ اور حسن و جمال نبوی ﷺ

حضرت سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نہ تو بہت دراز قد تھے اور نہ ہی بہت چھوٹے (بلکہ میانہ قد خوبصورت تھے) سر مبارک بڑا مگر خوبصورت تھا داڑھی گھنی اور کندھے کشادہ تھے، سینہ مبارک سے ناف اقدس تک بالوں کی ایک لکیر تھی، جب چلتے تو پنجوں پر زور دیتے گویا کسی اونچی جگہ سے اتر رہے ہوں، میں نے حضور مکرم ﷺ کی مثل نہ تو پہلے کبھی دیکھا اور نہ ہی بعد میں، حضور اکرم ﷺ کے سر مبارک اور ریش مبارک میں سفید بال بیس تک نہیں پہنچے تھے، رنگ سفید اور خوبصورت تھا، زلفیں مبارک نصف کانوں کے مقابل تھیں، چہرہ مبارک گول سفید اور سرخی مائل تھی، بینی مبارک بلند تھی پلکیں دراز اور آنکھیں سیاہ تھیں دونوں کندھوں کے مابین مہر نبوت تھی کیوں کہ آپ ﷺ کی ذات ہی خاتم الانبیاء ﷺ تھی۔

سب سے زیادہ سخی دل، سب سے بڑھ کر راست گو، سب سے زیادہ نرم طبع اور



Marfat.com

شریف خاندان تھے، جو شخص آپ ﷺ کو اچانک دیکھ لیتا ہیبت زدہ ہو جاتا اور جو شخص پہچان کر (مانوس ہو کر) ملتا تو آپ کا گرویدہ ہو جاتا، آپ ﷺ کے حسن و جمال اور آپ کے اوصاف کو بیان کرنے والا بالآخر یہی کہتا کہ میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جیسا حسین و جمیل نہ پہلے کبھی دیکھا نہ بعد میں۔

حضرت سیدتنا اُم المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے جوتے مبارک خود مرمت کر لیتے، اپنے کپڑے خود سی لیتے گھر میں اسی طرح کام کاج کرتے جیسے تم اپنے گھروں میں کام کاج کرتے ہو۔

حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ آئندہ کے لیے کوئی چیز ذخیرہ نہیں کرتے تھے۔

حضور سید الانبیاء والمرسلین ﷺ کو جن فضائل و کرامات سے مخصوص فرمایا گیا اُن اَن گنت کمالات میں سے چند یہ ہیں۔

۱۔ حضور نبی کریم ﷺ کیلئے حضرت ابوالبشر آدم علیہ السلام اور جمیع مخلوقات کو پیدا کیا گیا۔

۲۔ حضور نبی کریم ﷺ رات کو بھوکے پیٹ آرام فرماتے مگر جب صبح بیدار ہوتے تو شکم مبارک سیر ہوتا کیوں کہ آپ ﷺ کا خالق و مالک آپ ﷺ کو (اکثر) جنت کی نعمتوں سے کھلایا کرتا تھا۔

۳۔ حضور نبی کریم ﷺ اپنی پشت مبارک کے پیچھے بھی اسی طرح ملاحظہ فرماتے تھے جس طرح کہ آپ ﷺ اپنے آگے دیکھتے تھے۔

۴۔ حضور نبی کریم ﷺ رات اور اندھیرے میں بھی دن اور اجالے کی مانند دیکھا کرتے تھے،



Marfat.com

۵۔ حضور نبی کریم ﷺ جب سخت پتھر پر چلتے تو قدم مبارک کے لیے پتھر نرم ہو جاتا تھا اور قد مین شریفین کے نشانوں کو اپنے اندر منقش کر لیتا۔

۶۔ حضور نبی کریم ﷺ کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے منتخب فرمایا اور بزرگی بخشی۔

۷۔ حضور نبی کریم ﷺ کی چشمان مقدس آرام کرتیں تھیں مگر دل مبارک نہیں سوتا تھا۔

۸۔ حضور نبی کریم ﷺ کے پسینہ مبارک کی خوشبو مشک سے زیادہ خوشبودار تھی۔

۹۔ حضور نبی کریم ﷺ کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا اور چاند وسورج کی روشنی میں بھی سایہ نظر نہیں آتا تھا (کیوں کہ آپ ﷺ کا سایہ ہی نہ تھا)۔

۱۰۔ حضور نبی کریم ﷺ کے جسم مبارک اور کپڑوں پر کبھی بھی مکھی نہیں بیٹھتی تھی۔

۱۱۔ حضور نبی کریم ﷺ جب کہیں تشریف لے جاتے تو فرشتے بھی آپ کے ساتھ جاتے مگر ادباً وتعظیماً آپ ﷺ کے پیچھے مؤدبانہ چلتے تھے۔

۱۲۔ حضور نبی کریم ﷺ کے فضائل وکرامات میں سے یہ بھی ہے کہ ہم پر لازم کیا گیا ہے کہ ان کی ذات مقدس پر دُرود وسلام پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ وَالسِّرِّ السَّارِیْ فِیْ سَائِرِ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ



Marfat.com

## یَا رَبِّ صَلِّ دَائِمٌ وَسَلِّمْ عَلَى الْمُكَرَّمْ

يَا رَبِّ صَلِّ دَائِمْ وَسَلِّمْ عَلَى الْمُكَرَّمْ ☆ مَا زَمْزَمَ الحَادِیْ وَمَا تَرَنَّمْ فِیْ لَيْلٍ اَظْلَمْ

يَا اَهْلَ نَجْدِیْ قَدْ طَالَ بُعْدِیْ وَجْدٌ وَجْدِیْ ☆ كُلَّمَا يَحْدُوا الحَادِ الْمُجِدِّ نَحْوَ الْمُكَرَّمْ

سَيِّدُ الخَلْقِ حَسَنُ الخُلُقِ عَرِيْبُ النُّطْقِ ☆ مَالِكُ الرِّقِّ حَبِيْبُ الْحَقِّ سِرُّ الْمُطَلْسَمْ

تَشْتَاقُ رُوْحِیْ اِلَى الْمَلِيْحِ طَهٰ الفَصِيْحِ ☆ عَسَى بِهِ أَنْ يُبْرِیْ جَرِيْحِی وَيُزِحْلُ الْهَمَّ

أَرْجُوْكَ حَسْبِیْ ذُخْرًا لِذَنْبِیْ تُزِيْلُ كُرْبِیْ ☆ يَا لُبَّ لُبِّیْ عَلَيْكَ رَبِّیْ صَلِّ وَسَلِّمْ

أَزْكٰی صَلَاتِیْ فِی الحَرَكَاتِ وَالسَكَنَاتِ ☆ وَالخَطَرَاتِ فِیْ خَيْرَاتِیْ وَمَا تَرَنَّمْ

## اے ربّ! حضور نبی کریم ﷺ پر دائمی صلوٰۃ وسلام نازل فرما

۱۔اے ربّ! حضور نبی کریم ﷺ پر دائمی صلوٰۃ وسلام نازل فرما، جب تک کہ حدی خواں اندھیری رات میں ترنم ریز رہے۔

۲۔اے میرے غمگسار محبوب! ہجر وفراق کی مدت طویل ہوچکی اور میری وارفتگی دوبالا ہو رہی ہے کیوں کہ قافلہ سالار تیری جانب تیزی سے بڑھتا جارہا ہے اور حدی خواں ترنم ریز ہے۔

۳۔حضور نبی کریم ﷺ مخلوقات کے سردار، خوش اخلاق، مدلل بیان اور ہم غلاموں کے آقا، حق تعالیٰ کے حبیب اور پوشیدہ راز ہیں۔

۴۔میری جان اس ذات پر فدا، جس کا حسن نمکین، اور گفتگو فصیح ہے، عنقریب اس ذات کی محبت میں میرے زخم ٹھیک ہوجائیں گے اور غموں کا مداوا ہوجائے گا۔

۵۔مجھے امید واثق ہے کہ میرے گناہوں اور مصائب کے انبار کے ازالے کے لیے آپ کی ذات ہی کافی ہے اے راحت دل وجاں! اللہ تعالیٰ آپ پر صلوٰۃ وسلام نازل فرمائے۔

۶۔میں اپنی تمام حرکات وسکنات اور خواب وخیال اور مدح وثنا اور ترنم ریزی میں ہمہ وقت آپ پر پاکیزہ صلوٰۃ وسلام پڑھتا رہتا ہوں۔



Marfat.com

# معجزات وخصائص رسول ﷺ

بے شک حضور نبی کریم ﷺ کے معجزات مقدس روز قیامت تک جاری وساری رہیں گے اور جب کہ دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے معجزات اپنے مخصوص اوقات کے بعد ختم ہو چکے اور اب وہ صرف تاریخ کا حصہ بن چکے ہیں۔

آمنہ کے دلبر، محبوب ربِّ اکبر ﷺ کے ان عظیم الشان معجزات میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

۱۔ محبوب رب ذوالجلال ﷺ کے دستِ مقدس میں کھانا تسبیح کرتا تھا جیسا کہ صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے فرمایا: ہم حضور ﷺ کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے اور کھانے کی تسبیح بھی سن رہے تھے۔

۲۔ محبوب ربّ ذوالجلال ﷺ کے معجزاتِ مقدسہ میں سے یہ بھی ہے کہ پتھر آپ ﷺ کو سلام کیا کرتا تھا، جیسا کہ صحیح مسلم میں حضرت سیدنا جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں مکہ شریف کے ایک ایسے پتھر کو جانتا ہوں جو بعثت سے قبل مجھے سلام کرتا تھا اور اب بھی اسے پہچانتا ہوں۔

۳۔ محبوب ربّ ذوالجلال ﷺ کے معجزات مقدسہ میں سے یہ بھی ہے کہ درختوں نے حضور نبی کریم ﷺ سے سلام وکلام کیا، جیسا کہ حضرت سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں حضور نبی کریم ﷺ کے ہمراہ ایک شہر کے سفر میں تھا پس ہم ان شہر کے بعض علاقوں سے گذرے تو جو پہاڑ یا پتھر ہمارے سامنے آتا حضور نبی کریم ﷺ کو سلام عرض کرتا اور یوں عرض کرتا۔ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ ﷺ

اے اللہ تعالیٰ کے رسول، آپ پر سلام ہو۔



Marfat.com

۴۔محبوب ربّ ذوالجلال ﷺ کے معجزات مقدسہ میں سے ہے کہ اُستن حنانہ (یعنی خشک کھجور کے درخت) نے حضور نبی کریم ﷺ کے ہجر وفراق میں گریہ وزاری کی، حضور نبی کریم ﷺ کے انگشتانِ مقدس سے پاکیزہ پانی کے چشمے جاری ہوئے نیز حضور نبی کریم ﷺ کی برکت سے سخت پتھریلی زمین سے پانی کے چشمے پھوٹے اور حضور نبی کریم ﷺ کی دعا سے قلیل کھانا کثیر ہو گیا۔

۵۔محبوب ربّ ذوالجلال ﷺ کے معجزات مقدسہ میں سے ہے کہ آپ ﷺ نے باذن خدا تعالیٰ مُردوں کو زندہ کر کے ان سے کلام بھی فرمایا۔

حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کے لیے آپ کے والدین کریمین کو زندہ کیا اور وہ آپ پر ایمان لائے۔امام قرطبی نے ''التذکرۃ'' میں اسے ذکر کیا ہے۔

۶۔محبوب ربّ ذوالجلال ﷺ کے معجزات مقدسہ میں سے ہے کہ چھوٹے (یعنی دودھ پیتے) بچوں نے حضور نبی کریم ﷺ سے کلام کیا اور حضور نبی کریم ﷺ کی نبوت کی گواہی (شہادت) دی۔

حضور رحمۃ للعالمین ﷺ نے 63 برس کی عمر مبارک پائی، حضور نبی کریم ﷺ تمام انبیائے کرام میں سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے اطاعت گزار تھے۔

**12 ربیع الاول شریف پیر کو پیدا ہوئے۔** اللہ تعالیٰ نے حضور نبی کریم ﷺ کے دستِ مبارک پر روشن معجزات ظاہر فرمائے۔ان معجزات میں سے چار سو ایسے ہیں جو اکثر لوگوں کو معلوم ہیں۔بارہ (12) معجزات حضور نبی کریم ﷺ کے گھر میں بوقت ولادت ظہور پذیر ہوئے۔اگر ہم (امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ) ان کا ذکر کریں تو کتاب ہذا طویل ہو جائے گی اور ایسے روشن معجزات اُسی نبی کے ہو سکتے ہیں جو کہ تمام انسانوں اور تمام مخلوقات کا نبی و رسول بنا کر بھیجا گیا ہو۔



Marfat.com

## یَاذَا الْمُکَیَّا یَا ذَا الْمُکَیَّا

یَاذَا الْمُکَیَّا یَا ذَا الْمُکَیَّا ☆ مَدِیْحُ مُحَمَّدٍ عَزِیْزٌ عَلَیَّا

حَبِیْبُ الْقَلْبِ مَلَّکْتَ لُبِّیْ ☆ هُوَیْدَا اسِرْ بِیْ اِلَی الْمُکَیَّا

وَسِرْ بِیْ لَیْلاً عَسٰی بِلَیْلاً ☆ اُشَاهِدُ لَیْلٰی وَهِیَ مُحَلاًّ

وَهِیَ تُحَلّٰی لِلْعَیْنِ تَحَلّٰی ☆ اُطُوْفُ وَاَتَمَلّٰی عَلٰی عَیْنَیَّا

سِرْنَا بِالْاَسْحَارِ لِقَبْرِ الْمُخْتَارِ ☆ کَثِیْرِ الْاَنْوَارِ جَمِیْلٌ اِلَیَّا

وَقُلْ یَا هَادِیْ فُؤَادِیْ صَادِیْ ☆ وَحُبُّکَ زَادِیْ فَانْظُرْ اِلَیَّا

فَمُوْسٰی اَسْعَدُ وَعِیْسٰی اَمْجَدُ ☆ وَاَنْتَ اَسْعَدُ مِنَ الْکُلِّیَّا

فَاَحْمَدُ لَهٗ شَانٌ وَنُوْرُهٗ قَدْ بَانٌ ☆ اَتٰی بِالْقُرْاٰنِ بِصِدْقِ النِّیَّا

مَقَامُ اِبْرَاهِیْمَ مَحَلُّ التَّعْظِیْمِ ☆ وَاَدْعُوْ لِرَبِّیْ بِحُسْنِ النِّیَّا

وَرَوْحٌ لِلْمَسْعٰی وَطِفْ لِیْ سَبْعًا ☆ وَقَصْدِیْ اَسْعٰی عَلٰی عَیْنَیَّا

قَصْدِیْ اَزُوْرُهٗ اُشَاهِدُ نُوْرُهٗ ☆ وَقُلْ یَا هَادِیْ تَشَفَّعْ فِیَّا

بِحُرْمَةِ الْاَصْحَابِ وَالْاٰلِ وَالْاَحْبَابِ ☆ اَقِفْ بِالْاَعْتَابِ وَصَحَّ لِیَّا

## اے مکہ والے! اے مکہ والے!

۱۔ اے مکہ والے! اے مکہ والے! حضور نبی کریم ﷺ کی شان (کماحقہ بیان کرنا) میرے لیے مشکل ہے۔

۲۔ محبوب نے میرے دل و جاں پر حکومت قائم کرلی ہے تو پھر اب مجھے خراماں خراماں مکہ لے چلو۔

۳۔ اور رات کو لے چلو تاکہ میں محبوب کے رخ زیبا کو رات میں چاند سا چمکتا دیکھ لوں۔



Marfat.com

۴۔ان کا نور میری آنکھوں کی زینت ہے میں طواف محبوب کرتے ہوئے ان کے قدم اپنی آنکھوں سے ملوں گا۔

۵۔صبح سویرے ان کے روضے کی جانب چلو جو منبع انوار اور ہمیں جان سے زیادہ پیارے ہیں۔

۶۔اے (نبی) ہادی ﷺ! میرا دل آپ پر فدا اور آپ کی محبت میرا سرمایہ ہے میری طرف بھی نگاہ کرم ہو۔

۷۔حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام بڑے بزرگی والے ہیں مگر آپ ان سب سے زیادہ عظمت و بزرگی والے ہیں۔

۸۔میں اس ذات کی ثناخوانی کرتا ہوں جو بڑی شان والے ہیں اور جن کا نور ہر سو جلوہ گر ہے اور جو سچی نیت کے ساتھ قرآن لائے ہیں۔

۹۔مقام ابراہیم علیہ السلام تعظیم کی جگہ ہے اور یہاں میں اپنے ربّ سے اچھی نیت سے دعا کرتا ہوں۔

۱۰مسعیٰ لے چلو اور میرے ساتھ سات مرتبہ طواف کرو اور میری نیت تو سر کے بل کوچہ حبیب جانے کی ہے۔

۱۱۔میری تمنا ہے کہ (روئے) جاناں (ﷺ) کی زیارت ہوجائے اور اپنی شفاعت کے لیے (نبی) ہادی (ﷺ) کی بارگاہ میں عرض کروں۔

۱۲۔آل واصحاب کے وسیلے سے ان کی بارگاہِ (بیکس پناہ) میں کھڑے ہو کر میری خیر و عافیت کی دعا مانگو۔



Marfat.com

## تذکرۂ والدین کریمین اور نور محمدی ﷺ کی تابشیں

حضرت سیدنا حسن بن احمد بکری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب اللہ جل جلالہ نے نورِ محمدی ﷺ کو بطن مادر میں منتقل کرنے کا ارادہ فرمایا تو حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما کے دل میں نکاح کی خواہش بیدار کردی تب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ ماجدہ سے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ آپ میری جانب سے کسی عورت کو پیغام نکاح دیں جو صاحب حسن و جمال، قد آور، معتدل اعضاء، خوش اخلاق اور باکمال اور حسب نسب کے اعتبار سے بھی شریف ہو، والدہ ماجدہ نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے میرے لخت جگر! تیری خواہش و پسند کا مکمل احترام ہوگا۔

چنانچہ اس خواہش کے پیش نظر انہوں نے قبائل قریش اور عرب کے اعلیٰ گھرانوں کی لڑکیوں کو گھوم پھر کر دیکھا تو ان تمام میں حضرت سیدتنا آمنہ بنت وہب رضی اللہ عنہما ہی دل کو پسند آئیں، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اے مادرِ من! ایک بار دوبارہ انہیں اچھی طرح دیکھ لیں (کہ وہ ان تمام صفات کی حامل ہیں یا نہیں) لہٰذا آپ کی والدہ ماجدہ دوبارہ گئیں اور دیکھا کہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے چہرہ اقدس سے نور برس رہا ہے گویا کہ وہ روشن ستارے کی طرح چمک رہی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما کی شادی کے سلسلہ میں حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو ایک اوقیہ سونا اور ایک اوقیہ چاندی، ایک سو اونٹ اور اتنی ہی تعداد میں بکریاں اور گائیں پیش کی گئیں اور بے شمار جانور ذبح کیے گئے اور کثیر کھانے کا انتظام کیا گیا اور اس طرح حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا رخصت ہوئیں، شام کو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا سے خلوت وصحبت کی اور یہ جمعہ مبارک کی رات تھی۔



Marfat.com

روایت میں مذکور ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے نورِ محمدی کو رجب المرجب کے مہینے شبِ جمعہ میں بطن آمنہ رضی اللہ عنہا میں منتقل کرنے کا ارادہ فرمایا تو جنت کے خازن رضوان فرشتے کو حکم فرمایا کہ جنت الفردوس کو کھول دے اور پکارنے والے نے زمین و آسمان میں ندا کی! سن لو کہ وہ نورِ مکنون اور سرِّ مخزون، جس سے نبی ہادی جلوہ گری فرمائیں گے آج کی شب اپنی والدہ ماجدہ حضرت اُم محمد سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا کے بطن مبارک میں جلوہ گر ہو چکا ہے جہاں نورِ محمدی کی خلقتِ بشری کی تکمیل ہوگی اور وہ تمام انسانوں کے لیے بشیر و نذیر بن کر ظہور پذیر ہوں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

آلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْن

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جس شب رسول اللہ ﷺ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے بطن میں جلوہ فرما ہوئے اس رات قریش کے تمام جانور کلام کرنے لگے اور پکارنے لگے! اللہ کے رسول ﷺ بطن مادر میں جلوہ گر ہو گئے ہیں ربّ کعبہ کی قسم! وہ دنیا والوں کے لیے ہدایت کے روشن، پرنور چراغ اور ان کے امام ہوں گے۔

تمام بادشاہان عرب و عجم کے تخت اوندھے ہو کر گر پڑے اور ابلیس ملعون دوڑتا ہوا جبل ابی قبیس پر پہنچا اور وہاں رونے، چلانے لگا تو اس کے غوغے کو سن کر تمام شیاطین اس کے گرد جمع ہو گئے اور کہنے لگے، تجھے کیا ہوا ہے کیوں شور و غل مچا رہا ہے ابلیس لعین نے کہا، ستیاناس ہو تمہارا ہم تباہ و برباد ہو گئے، نبی الانبیا ﷺ کے ظہور کا زمانہ آن پہنچا ہے جو کہ کافروں کا خون بہائیں گے (یعنی ان سے جنگ کریں گے) اور انہیں ذلیل و خوار کریں گے جن کے ساتھ مل کر فرشتے بھی لڑیں گے جب سے حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا حاملہ ہوئیں ہیں، ہم برباد ہو کر رہ گئے ہیں۔



Marfat.com

راوی کہتے ہیں: مکہ مکرمہ کی تمام عورتیں اس معاملے میں حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا پر حسد کرتیں تھیں اور سو عورتیں اسی حسرت و ناکامی میں مر گئیں کہ وہ حضور نبی کریم ﷺ کے حسن و جمال سے محروم رہیں۔ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ نور محمدی حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے بطن مبارک میں منتقل فرمادیا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی پیشانی میں نورِ محمدی جلوہ فگن تھا جس کی وجہ سے عورتیں آپ رضی اللہ عنہ پر فریفتہ ہوا چاہتی تھیں، جب یہ نور مبارک حضرت آمنہ کے بطن میں جلوہ فرما ہوا تو مشرق کے جانور مغرب کے جانوروں کے پاس دوڑتے ہوئے گئے اور اس طرح سمندر کے جانوروں نے بھی باہم ایک دوسرے کو مبارک باد دی اور حضور نبی کریم ﷺ کی آمد کی خوشی خبری سنائی۔

حضور نبی کریم ﷺ کے حمل کے ہر مہینے میں ایک ندا آسمان اور ایک ندا زمین میں دی جاتی تھی، خوشخبری ہو ابوالقاسم محمد ﷺ کے ظہور کا وقت آن پہنچا ہے جن سے عالم میں بہار و برکت کا ظہور ہوگا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِىْ عِلْمِ اللّٰهِ
صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ

Marfat.com

# کمالات وعجائبات میلاد النبی ﷺ

حضرت اُم المؤمنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا وعن ابیہا ارشاد فرماتی ہیں:

مکہ مکرمہ میں ایک یہودی رہتا تھا، جس شب نبی الانبیاء سید المرسلین جناب رحمۃ للعالمین ﷺ نے اس دنیا میں جلوہ گری فرمائی تو اس یہودی نے پوچھا: اے قبائل قریش کیا تمہارے ہاں کوئی بچہ آج کی رات پیدا ہوا ہے؟ تو انہوں نے کہا ہمیں معلوم نہیں، تو وہ جواب سن کر کہنے لگا، اپنے گھروں میں جاؤ اور تلاش کرو، کیوں کہ آج کی شب اس امت کے نبی، خاتم الانبیا والمرسلین ﷺ جلوہ گری فرما چکے ہیں جن کے دونوں کندھوں کے مابین ایک نشانی یعنی مہر نبوت ہے، چناں چہ اس گفتگو کو سن کر وہ اپنے گھروں کو لوٹے اور دریافت کیا تو انہیں بتایا گیا کہ آج حضرت سیدنا عبداللہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما کے گھر ایک لڑکا پیدا ہوا ہے، یہ سن کر وہ یہودی بقیہ لوگوں کے ساتھ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا، تو حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے حضور نبی کریم ﷺ کو نکال کر انہیں دکھایا، جب یہودی نے مہر نبوت کی نشانی دیکھی تو غش کھا کر گر گیا جب کافی دیر بعد افاقہ ہوا تو کہنے لگ، اے قبائل قریش! نبوت بنی اسرائیل سے رخصت ہوگئی اور سن لو! اللہ تعالیٰ کی قسم! یہ مولود مسعود تم پر غالب ہو جائے گا اور اس کا شہرہ مشرق تا مغرب ہوگا۔

(امام المفسرین سیدنا وابن سیدنا) عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما حدیث میں ارشاد فرماتے ہیں: حضرت سیدتنا اُم محمد آمنہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی تھیں کہ جب حمل مبارک کو چھ مہینے گذر گئے تو خواب میں کوئی آنے والا میرے پاس آیا اور مجھے کہنے لگا بے شک آپ کے بطن مبارک میں اس وقت رسولوں اور عالمین کے سردار ہیں پس جب یہ پیدا ہوں تو ان کا نام محمد ﷺ رکھنا اور اپنی حالت کو چھپائے رکھنا۔



Marfat.com

# یَارَسُوْلَ اللّٰهِ یَا جَدَّ الْحُسَیْن

یَـارَسُـوْلَ اللّٰـهِ یَـا جَدَّ الْحُسَیْنْ ☆ کُنْ شَفِیْعِیْ یَـا اِمَـامَ الْحَرَمَیْنْ

خَیْرَةُ اللّٰـهِ مِنَ الْخَلْقِ اَبِیْ ☆ بَعْدَ جَدِّیْ وَاَنَـا اِبْنُ الْخَیْرَتَیْنْ

عَبَدَ اللّٰـهَ غُلَامًـا نَـاشِئًـا ☆ وَقُرَیْشٌ یَعْبُدُوْنَ الْوَثَنَیْنْ

یَعْبُدُوْنَ اللَّاتَ وَالْعُزّٰی مَعًـا ☆ وَعَلِیٌّ طَافَ نَحْوَ الْحَرَمَیْنْ

اُمِّیَ الزَّهْرَاءُ حَقًّـا وَاَبِیْ ☆ وَارِثُ الْعِلْمِ وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنْ

وَالِدِیْ شَمْسٌ وَاُمِّیْ قَمَرٌ ☆ وَاَنَـا الْکَوْکَبُ وَابْنُ الْقَمَرَیْنْ

فِضَّةٌ قَدْ خَلَصَتْ مِنْ ذَهَبٍ ☆ وَاَنَـا الْفِضَّةُ وَابْنُ الذَّهَبَیْنْ

مَنْ لَـهُ اَبٌ کَـاَبِیْ حَیْدَرٍ ☆ قَـاتِلَ الْکُفَّارِفِیْ بَدْرٍ حُنَیْنْ

مَنْ لَـهُ اُمِّیْ کَـاُمِّیْ فَـاطِمَةْ ☆ بِضْعَةُ الْمُخْتَـارُ قُرَّةُ کُلِّ عَیْنْ

مَنْ لَـهُ عَمٌّ کَعَمِّیْ جَعْفَرَ ☆ ذِی الْجَنَاحَیْنِ صَحِیْحِ النَّسَبَیْنْ

مَنْ لَـهُ جَدٌّ کَجَدِّیْ الْمُصْطَفٰی ☆ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ نُوْرُ الظُّلْمَتَیْنْ

نَحْنُ اَصْحَابُ الْعَبَا خَمْسَتُنَا ☆ قَدْ مَلَکْنَـا شَرْقَهَـا وَالْمَغْرِبَیْنْ

نَحْنُ جِبْرِیْلُ غَدَا سَادِسُنَـا ☆ وَلَنَـا الْکَعْبَةُ ثُمَّ الْحَرَمَیْنْ

عُصْبَةُ الْمُخْتَـارِ قَرُّوْا اَعْیُنَـا ☆ فِیْ غَدٍ تُسْقَوْنَ مِنْ کَفِّ الْحُسَیْنْ



Marfat.com

## اے اللہ کے رسول ! اے حسین کے نانا جان !

۱۔اے اللہ کے رسول !اے حسین کے نانا جان !اے حرمین شریفین کے امام !میری شفاعت فرمائیں۔

۲۔نانا جان کے بعد میرے (حسین کے) والد گرامی جمیع مخلوقات میں اللہ تعالی کے پسندیدہ ہیں اور میں (حسین) دو پسندیدہ افراد کا بیٹا ہوں۔

۳۔انہوں (حضرت علی رضی اللہ عنہ) نے کمسنی میں اللہ تعالی کی عبادت کی جبکہ قریش اس وقت بتوں کی عبادت کیا کرتے تھے۔

۴۔وہ لوگ (قریش) لات وعزی کی عبادت کرتے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اس وقت کعبۂ خدا کا طواف کیا کرتے تھے۔

۵۔میری (حسین کی) والدہ (حضرت فاطمہ) زہراء ہیں اور میرے والد گرامی علم کے وارث اور انسان وجنات کی آقا و مولا ہیں۔

۶۔میرے والد گرامی آفتاب اور میری والدہ ماجدہ مہتاب ہیں اور میں (حسین) دونوروں کا بیٹا ہوں۔

۷۔چاندی ہمیشہ سونے سے نکلتی ہے لہذا میں چاندی ہوں جو دوسونے (کی کانوں، مراد حضرت علی وفاطمہ زہراء ہیں) سے نکلا ہوں۔

۸۔کس کا باپ میرے والد گرامی جناب حیدر (کرار رضی اللہ عنہ) کی مثل ہے جنہوں نے بدروحنین میں کفار سے لڑائی کی۔

۹۔کس کی ماں میری والدہ ماجدہ فاطمہ (زہراء) کی مثل ہے جو کہ نبی مختار کی جگر گوشہ اور ان کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں۔

۱۰۔کس کا چچا میرے چچا جعفر (طیار) کی مثل ہے جو ذوالجناحین اور صحیح نسب والے ہیں۔



Marfat.com

۱۱۔کس کا نانا میرے نانا جناب (محمد) مصطفیٰ ﷺ کی مثل ہے جو کہ کونین کے سردار اور ظلمتیں مٹانے والے نور ہیں۔

۱۲۔ہم چادر والے پانچ ہیں جن کی ملکیت میں مشرق و مغرب ہیں۔

۱۳۔ہم نبی مختار کے اہل بیت ہیں ہم سے اپنی آنکھیں ٹھنڈی کرلو (تاکہ) کل (قیامت) میں حسین کے ہاتھوں سیرابی نصیب ہو۔

ایک حدیث شریف میں ہے:

جب اللہ ﷻ نے ارادہ فرمایا کہ اپنی مخلوقات میں سب سے افضل اور برگزیدہ ترین بندے کو پیدا فرمائے اور فرش خاکی کو ظلمت و تاریکی کی گہرائیوں سے نکال کر نورِ محمدی سے روشن فرمائے اور فسق و فجور کی گندگی سے پاک فرمائے اور شیطانی معبودوں اور بتوں کو نیست و نابود فرمائے تو سردارِ ملائکہ حضرت سیدنا جبرئیل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے آسمانوں میں اور حاملان عرش فرشتوں کے نزدیک، سدرۃ المنتہیٰ اور جنت الماوٰی میں اعلان فرمایا:

سن لو! اللہ ﷻ جو کہ بزرگی وعظمت والا ہے اس کی بات پوری ہوگئی اور حکمت خداوندی عروج پاچکی اور اب اس وعدۂ ربانی کے پورے ہونے کا وقت آن پہنچا ہے جو اس نے حضور نبی کریم ﷺ کے ظہور کے بارے میں فرمایا تھا جو کہ بشیر و نذیر اور سراج منیر ہوں گے قیامت کے ہولناک دن میں شفاعت فرمانے والے اور مقبول الشفاعۃ ہوں گے، جو نیکی اور بھلائی کا حکم کریں گے اور برائی کے کاموں سے منع کریں گے صاحب امانت و دیانت اور صاحب حفاظت ہوں گے۔

اللہ جل جلالہ کی راہ میں جہاد کرنے کا حق ادا فرمائیں گے، اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سب سے زیادہ بزرگی وعظمت والے اور ارض وسما میں اللہ تعالیٰ کا نور ہوں گے جو کہ خاتم



Marfat.com

النبین ﷺ ہیں اور جنہیں اللہ جل جلالہ نے رحمۃ للعالمین ﷺ بنایا ہے اور جنہیں اللہ تعالیٰ نے احمد، محمد، طٰہٰ اور یٰس کے ناموں سے موسوم فرمایا ہے اور گناہ گاروں کے معاملے میں انہیں شفاعت کا حق دیا ہے اور جن کے دین و شریعت نے سابقہ تمام ادیان و شرائع کو منسوخ کر دیا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

روایت میں مذکور ہے:

حضرت جبرائیل امین علیہ السلام کا یہ پُر کیف بیانِ فضائل میلاد النبی ﷺ سن کر تمام فرشتے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا میں مشغول ہو گئے جنت کے دروازے کھول دیے گئے اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے گئے، جنت کے درخت پھلوں سے سج گئے، حور و غلمان خوشبوؤں سے معطر ہو گئے، جنتی پرندے خوشیوں کے گیت گانے لگے، جنتی نہریں پاکیزہ شراب و شہد اور دودھ سے لبریز ہو کر بہنے لگیں، جنتی شاخوں پر بیٹھے خوبصورت پرندے اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تقدیس بیان کرنے لگے، ملائکہ باہم جناب محمد مصطفیٰ احمد مختار ﷺ کی خوشخبریاں سنانے لگے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

تمام حجابات اٹھا دیئے گئے اور علام الغیوب جل جلالہ نے انہیں اپنی تجلیات سے مشرف فرمایا:

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ کَشَّافُ الْکُرُوْب

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی وحدہ لاشریک ہے اور وہی



Marfat.com

سختیوں کو دور کرنے والا ہے۔

روایت میں مذکور ہے: جب جبرائیل علیہ السلام اہل آسمان کو ندا کرنے سے فارغ ہوئے تو اللہ جل جلالہ نے انہیں حکم فرمایا کہ اب ایک ہزار ملائکہ کی فوج لے کر زمین پر جائیں اور یہ فرشتے زمین کے تمام اطراف و اکناف، پہاڑوں کی بلندیوں، جزائر و سمندروں میں پھیل جائیں یہاں تک کہ تحت الثریٰ اور مستقر حوت (مچھلی کے ٹھہرنے کی جگہ) کے مکینوں کو حضور نبی کریم ﷺ کی آمد کی بشارت دیں اور جو اس بشارت کا خیر مقدم کرلے گا تو اللہ تعالیٰ اسے پاک وصاف وطیب وطاہر بنادے گا۔

"اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنَ الْمَقْبُوْلِيْنَ بِجَاهِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ"

ترجمہ: اے ہمارے ربّ! ہمیں بھی نبی ﷺ کے طفیل ان مقبولین میں شامل فرما۔

صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا حَتّٰى تَنَالُوا جَنَّةً وَنَعِيمًا

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کثرت سے دُرود وسلام پڑھو تاکہ اس کی برکت سے جنت نعیم میں جگہ نصیب ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ
صَلٰوةً اَنْتَ لَهَا اَهْلٌ وَّهُوَ لَهَا اَهْلٌ



Marfat.com

# اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمُصْطَفٰى ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمُصْطَفٰى ☆ نَبِيِّ الرِّسَالَةِ وَ بَحْرِ الْوَفَا
وَمِنْ اَعْجَبِ الْاَمْرِ هٰذَا الْخَفَا ☆ وَهٰذَا الظُّهُوْرُ لِاَهْلِ الْوَفَا
وَمَا فِىْ الْوُجُوْدِ سِوٰى وَاحِد ☆ وَلٰكِنْ تَكَدَّرَ لَمَّا صَفَا
وَاَصْلُ جَمِيْعِ الْوَرٰى نُقْطَةٌ ☆ عَلٰى عَيْنِ اَمْرٍ بَدَتْ اَحْرُفَا
وَتِلْكَ الْحُرُوْفُ غَدَتْ كَلِمَةً ☆ فَكَانَتْ مَشُوْقَ الْحَشَى الْمُدْنَفَا
وَاِنْ قُلْتَ لَا شَىْءَ قُلْنَا نَعَمْ ☆ هُوَ الْحَقُّ وَالشَّىْءُ فِيْهِ اخْتَفَا
وَاِنْ قُلْتَ شَيْئًا يَقُوْلُ الَّذِىْ ☆ لَهُ الْحَقُّ اَثْبَتَ كَيْفَ انْتَفَا
وَضَجَّ الْحَسُوْدُ وَلَمْ يَتَّئِدْ ☆ وَلَامَ الْعَذُوْلُ وَمَا اَنْصَفَا
وَقَدْ حَالَ بَيْنَكَ يَا عَاذِلِىْ ☆ وَبَيْنِىْ بِاَنَّكَ لَنْ تَعْرِفَا
وَاَيْنَ ضُلُوْعِىْ الَّتِىْ فِىْ لَظٰى ☆ وَاَيْنَ زَفِيْرِىْ الَّذِىْ مَا انْطَفٰى
وَاَيْنَ دُمُوْعِىْ تِلْكَ الَّتِىْ ☆ تَسِيْلُ وَجَفْنِىْ الَّذِىْ مَا غَفَا
اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْمُحِبِّيْنَ لَا ☆ يَرَوْنَ النَّعِيْمَ بِغَيْرِ الْجَفَا
فَمَهْلًا رُوَيْدًا كَاَنِّىْ امْرَؤٌ ☆ تَرَكْتُ سَلْوٰى لِمَنْ عَنَّفَا
وَخَلَّفْتُ خَلْفِىْ جَمِيْعَ الْوَرٰى ☆ وَقَلْبِىْ عَلٰى قَلْبِهِ اَشْرَفَا
وَلَمَّا شَرِبْتُ كُؤُسَ الْهَنَا ☆ وَذُقْتُ الْمُدَامَةَ وَالْقَرْقَفَا
اُزِيْلَتْ صِفَاتِىْ فَلَا وَصْفَ لِىْ ☆ عُيُوْنِىْ اَضَاءَتْ بِمَنْ اِخْتَفٰى
فَمَا اَنَا اِلَّا هَيُوْلُ الْوَرٰى ☆ وَلَمْعَةُ نُوْرٍ مِنَ الْمُصْطَفٰى



Marfat.com

خَلِیْلَیَّ قُوْمَا بِنَا لِلْحِمَی ☆ عَسَانَا نَرَی الْاَشَأَ الْاُهَیْفَا

وَعُوْجَا عَلَی سَفْحِ تِلْکَ اللِّوَی ☆ وَاِنْ جِئْتُمَا دَارَ سَلْمَی قِفَا

فَاِنِّیْ مَشُوْقٌ کَثِیْرُ الْجَوَی ☆ عَسَی الْحُبُّ بِالْوَصْلِ اَنْ یَعْطِفَا

## اے ربّ! جناب محمد مصطفیٰ ﷺ پر درود نازل فرما

۱۔اے ربّ! جناب محمد مصطفیٰ پرُ درود نازل فرما جو کہ نبی مُرسل اور وفا کے سمندر ہیں۔

۲۔یہ بات کس قدر تعجب والی ہے کہ آپکی (حقیقی تجلیات) پوشیدہ ہیں جن کا ظہور صرف اہل کمال و محبت پر ہی ہوتا ہے۔

۳۔حالانکہ موجودات میں آپ جیسا کوئی دوسرا نہیں لیکن کمال پاکیزگی کے باعث (جلوهٔ حقیقت) مستور ہے۔

۴۔تمام کائنات کی اصل ایک نقطہ سے ہے اور اسی ایک سے بقیہ حروف ظاہر ہوئے۔

۵۔پھر یہ حروف ایک کلمہ بن گئے اور ایسے ملے جیسے اعضائے انسانی ملے ہوئے ہیں۔

۶۔اگر تم کہو کہ (خارج میں) کچھ نہیں تو ہم کہیں گے جی ہاں! کیونکہ وہی ذات حق (کا پرَتو) ہے اور سب اسی (کی تجلیات) میں پوشیدہ ہے۔

۷۔اگر تم سے اس بارے میں (انکار) کیا جائے تو اہل حق کو چاہیے کہ ان سے کہے کہ تم نے انکار کس بنیاد پر کیا ہے (دلائل سے) ثابت کرو۔

۸۔حاسدوں نے بہت شور وغل کیا اور روکے نہیں، ملامت کرنے والوں نے بھی انصاف سے کام نہ لیا۔

۹۔اے ملامت کرنے والے! تیرے اور میرے مابین عدم معرفت حائل ہوگئی ہے۔

۱۰۔مجھے آتش (عشق) میں جلنے والی پسلیوں کی کیا خبر! اور مصیبت کی بھڑ کنے والی آگ کی



Marfat.com

بھی کیا پرواہ جو ابھی تک بجھی نہیں۔

۱۱۔ مجھے ان آنسوؤں کی کوئی پرواہ نہیں جو بہہ رہے ہیں اور پلکیں ابھی تک جھپکیں نہیں۔

۱۲۔ کیا تو نے غور نہیں کیا کہ عشاق بلا مشقت جنت کی نعمت کو نہیں دیکھیں گے۔

۱۳۔ پس مجھے کچھ مہلت دو کہ میں ایسا شخص ہوں جس نے (محبوب کے) سختی سے پیش آنے پر لذائذ سے کنارہ کر لیا ہے۔

۱۴۔ میں نے تمام مخلوقات (کے معاملے) کو پس پشت ڈال دیا ہے اور میرا دل ان کے دل کی طرف متوجہ ہو گیا ہے۔

۱۵۔ جس وقت میں نے محبت کے جام پیئے اور مدامہ وقرقفا (دو شرابوں کے نام ہیں یہاں مراد شراب محبت ہے) کا مزہ چکھا۔

۱۶۔ میرے اوصاف زائل ہو گئے اور کوئی وصف (وصف حجابی) باقی نہ رہا تو میری آنکھیں اس کے پوشیدہ (جلوہ سے) خیرہ ہو گئیں۔

۱۷۔ میں کائنات میں کا ایک ہیولیٰ ہی تو ہوں (البتہ) مصطفیٰ (ﷺ) کی (عنایت) سے نور کا ایک شعلہ ہوں۔

۱۸۔ اے میرے دوستو! میرے ہمراہ عشق کی وادی میں چلو شاید کہ ہمیں نازنیں محبوب نظر آ جائے۔

۱۹۔ اگر (اس وادی میں) کوئی ٹیلہ ملے تو اس پر چڑھ جانا اور اگر سلمیٰ (مراد محبوب ہے) کے گھر تک پہنچ جاؤ تو وہیں ٹھہر جانا۔

۲۰۔ بیشک میں شوق و محبت کے باعث بسمل ہو چکا ہوں، لہٰذا قریب ہے کہ وصال و شوق ہماری ملاقات کرا دے۔



Marfat.com

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے صفات رسول اللہ ﷺ کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا:

آ گاہ رہو! حضور نبی کریم ﷺ اللہ ربّ العالمین کے رسول ہیں روشن پیشانیاں اور منور اعضائے وضو والوں کے قائد ہوں گے حضور سید الانبیاء والمرسلین ﷺ ہیں اور آپ ﷺ تو اس وقت بھی نبی تھے جب کہ سیدنا آدم علیہ السلام ابھی عالم آب وگل میں جلوہ فرما تھے، ایمان والوں پر مہربان اور گناہ گاروں کی شفاعت فرمانے والے ہیں اور آپ ﷺ تمام مخلوقات کے رسول بنا کر مبعوث کیے گئے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے کتاب مبین میں ارشاد فرمایا:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ.

ترجمہ: محمد تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہاں اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے۔ (سورۃ الاحزاب، آیت ۴۰)

حوض کوثر، مقام محمود اور لواء الحمد کے مالک ہیں بروز قیامت شفاعت کبریٰ کے منصب جلیل پر فائز ہوں گے، امام ہاشمی، رسول قریشی، نبی حَرمی، مکی، مدنی، ابطحی اور تہامی ہیں، ظاہراً حضرت آدم علیہ السلام کی نسل اور نزار کی اولاد میں سے ہیں، حسب کے اعتبار سے ابراہیمی اور نسب کے اعتبار سے اسماعیلی ہیں اور حقیقتاً نور اور عالم قدس سے تعلق رکھتے ہیں اور آپ ﷺ کا نور قمری ہے (چاند کا نور دل اور آنکھوں کو سرور دیتا ہے بخلاف سورج کے نور کے کیوں کہ وہ جلاتا ہے)۔

آپ ﷺ کی زبان عربی، قلب رحمانی، اور وطن حجاز مقدس ہے آپ ﷺ جنات و انسان دونوں کے رسول ہیں، نہ ہی بہت طویل قد اور نہ ہی بہت چھوٹے بلکہ میانہ قد مگر خوبصورت تھے رنگ مبارک سفید مگر سرخی مائل تھا، بینی مبارک پرنور بلند، آنکھیں سرگیں،



Marfat.com

بھنوئیں ملی ہوئیں، آنکھیں کشادہ مگر خوبصورت اور ان میں سرخ ڈورے، کلائیاں چاندی چمکتی ہوئیں اور ان پر ہلکے ہلکے بال، پر نور روشن پیشانی، فراخ بازو مبارک، شانے مقدس کشادہ ہتھیلیاں پُر گوشت اور ہموار، قد میانہ مگر جب دوسرے لوگوں کے ساتھ کھڑے ہوتے تو ان سب سے اونچے معلوم ہوتے اور جب چلتے تو بادل آپ ﷺ پر سایہ کرتا۔

عَلَیۡهِ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی اَفۡضَلُ الصَّلٰوةِ وَالسَّلام .

آپ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ کا بہترین صلوٰۃ وسلام ہو۔

حضور نبی کریم ﷺ، نبی حرمین، صاحب قاب قوسین، نبی رحمت، عالی ہمت، شفیع امت، واضح البیان اور فصیح اللسان تھے، صاحب پسینہ خوشبودار، خوش بیان و پسندیدہ گفتار، عالی وقار، خوبصورت و اعلیٰ کردار تھے، دور رس نگاہیں جن کے لیے کوئی حجاب نہ تھا۔

حضور نبی کریم ﷺ سب سے زیادہ حسین وجمیل، شیریں کلام، سلام میں پہل کرنے والے، اسلام کے رکن، اللہ جل جلالہ کے رسول، آپ ﷺ پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوں۔

عَلَیۡهِ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی اَفۡضَلُ الصَّلٰوةِ وَالسَّلام

آپ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ کا بہترین صلوٰۃ وسلام ہو۔

حضور نبی کریم ﷺ نے بدعات ومنکرات کا قلع قمع کیا، شریعت کے احکامات کو ظاہر کیا، اقوام جاہلیہ کو نیست و نابود اور ملکوں کو فتح کیا، بہت زیادہ حیا فرمانے والے، فراخ سینہ مبارک، امت کی خاطر کثرت سے رونے والے اور ہمہ وقت ذکر الٰہی کرنے والے تھے، بھیدوں کو چھپانے والے، آسمانی خبروں کے امین، خاتم الانبیاء والمرسلین، آپ علیہ السلام کی عطاو بخشش کے سمندر ہمیشہ موجزن تھے، ظاہراً و باطناً آپ ہر عیب سے مبرا تھے۔

ہرنی اور بھیڑیئے جیسے جانوروں نے آپ ﷺ کی نبوت و رسالت کی گواہی و



Marfat.com

شہادت دی، براق آپ کی تعظیم کے لیے کھڑا ہوگیا حتیٰ کہ وہ اپنی اصل حالت کی طرف لوٹ آیا، آپ ﷺ کے انگشتان مقدس سے پاکیزہ پانی کے چشمے جاری ہوئے اور پیاسے لشکر نے اس سے سیرابی حاصل کی، کنکریاں آپ ﷺ کے ہاتھ میں بول اٹھیں اور شیر خوار بچہ نے برجستہ گواہی دی کہ بے شک آپ ہی اللہ کے سچے رسول ہیں، حضور نبی کریم ﷺ اللہ کے حکم کو قائم فرمانے والے، اللہ کے وعدے کو پورا کرنے والے، رضائے الٰہی کی طلب میں ہمیشہ تیار رہنے والے، نصرت الٰہی سے فیضیاب، عیوبات کو چھپانے والے اور لغزشات سے درگذر کرنے والے، مصائب کو پوشیدہ رکھنے والے، شہوات کو مٹانے والے تھے۔

حضور نبی کریم ﷺ دن کو روزہ رکھنے والے اور شب کو قیام فرمانے والے، نیکوں کی امداد کرنے والے، کافروں کو مٹانے والے، باغیوں و کافروں کو قتل کرنے والے، بوقت مصافحہ نرمی سے پیش آنے والے، تقسیم میں عدل کرنے والے، معاملات میں سبقت لے جانے والے اور جنگ کے وقت بہادری و شجاعت کا مظاہرہ کرنے والے تھے، دندان مبارک کشادہ اور ان میں کشادگی کم تھی۔

نبی کریم ﷺ عیش و عشرت سے کنارہ کشی اختیار فرماتے تھے، لذیذ غذاؤں سے بے رغبتی کا مظاہرہ فرماتے، آگے چلنے کو ناپسند فرماتے، گفتگو ہمیشہ مدلل فرماتے انتہائی دانش مند و ذہین اور عفیف النفس تھے، گول چہرہ، سیاہ گھنگریالے بال، زلفیں مقدس کانوں کی نوک تک دراز ملیں ہوئیں کنگھی شدہ تھیں، جسم مبارک میں دو موئے مبارک ایسے تھے جو ہمیشہ مشک واذفر کی طرح مہکتے تھے ان کے علاوہ جسم مقدس میں بال نہ تھے۔

حضور نبی کریم ﷺ کے جسم مقدس سے ہمیشہ عمدہ ترین خوشبو آتی تھی، آپ سب سے زیادہ سخی و فیاض تھے، جب کوئی حضور علیہ السلام سے مصافحہ کرتا تو اپنے ہاتھوں میں سے تین دن تک مسلسل جنت الفردوس کی خوشبو پاتا، جب آپ ﷺ صحن مسجد نبوی میں جلوہ فرما



Marfat.com

ہوتے تو انوار و تجلیات سے یوں معلوم ہوتا جیسا کہ چودھویں رات کا چاند طلوع ہے اور آپ ﷺ کی پیشانی مبارک نور نبوت سے یوں چمکتی تھی جیسا کہ اندھیری شب میں ماہِ کامل چمکتا ہے، اللہ تعالیٰ نے آپ کو رسول کریم بنا کر جمال باکمال عطا فرمایا، چشمان مبارک سیاہ اور کشادہ تھیں، لب ہائے مبارک سے نور برستا تھا۔

دونوں کاندھوں کے درمیان مہر نبوت تھی جس پر **لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ مُـحَـمَّدٌ رَّسُـوْلُ اللهِ** لکھا ہوا تھا، اسم مبارک اس دنیا میں ''محمد'' ہے کیوں کہ آپ ﷺ اللہ جل جلالہ اور اس کے ملائکہ کے ہاں تعریف کیے گئے ہیں یعنی ''محمود'' ہیں اور ''بشیر'' ہیں یعنی اُمت کو جنت کا مژدہ سناتے ہیں اور ''نذیر'' ہیں کہ لوگوں کو جہنم کی آگ سے ڈراتے ہیں اور ''سراج'' ہیں کہ امت کو ہدایت کی روشنی دیتے ہیں، اور ''مرتضیٰ'' ہیں کہ اللہ جل جلالہ بروز قیامت آپ سے راضی ہوگا اور آپ کی شفاعت کو امت کے حق میں قبول فرمائے گا، اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ پر قرآن عظیم نازل فرمایا، حضور نبی کریم ﷺ نے احکام اسلام کو واضح فرمایا اور اُمت کو توحید و رسالت کا پیغام سناتے رہے اور ساری حیات مبارکہ اپنے پیارے رب تعالیٰ کی عبادت فرماتے رہے یہاں تک کہ آپ اپنے رب تعالیٰ سے جا ملے۔

حضور نبی کریم ﷺ کی عمر مبارک ''63'' برس تھی آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے تمام برگزیدہ بندوں میں سب سے زیادہ اطاعت گذار تھے، آپ ﷺ کی ولادت مبارکہ ''12'' ربیع الاول پیر کی شب ہوئی، اللہ جل جلالہ نے آپ ﷺ کے دست پر انوار سے روشن معجزات صادر فرمائے جو کہ ایسے نبی ہی سے ظاہر ہو سکتے ہیں جسے تمام انسانوں اور مخلوقات کی طرف سے رسول بنا کر بھیجا گیا ہو۔

صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا      حَتَّى تَنَالُوا جَنَّةً وَنَعِيمًا

حضور ﷺ پر کثرت سے درود و سلام پڑھو تا کہ اس کی برکت سے جنت نعیم میں جگہ نصیب ہو۔



Marfat.com

## صَلُّوْا عَلَى الْمُخْتَارِ خَيْرِ الْبَرِيَّةْ

صَلُّوا عَلَى الْمُخْتَارِ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ ☆ مُحَمَّدٌ بِالْعَهْدِ كَانَ وَفِيًّا

اَبْدَأُ بِمَدْحِ الْهَاشِمِيِّ الْمُمَجَّدَا ☆ طٰهٰ الَّذِىْ بِالنَّصْرِ كَانَ مُؤَيَّدَا

هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ هٰذَا مُحَمَّدٌ ☆ مِنْ قَبْلِ خَلْقِ الْكَوْنِ كَانَ نَبِيًّا

هٰذَا الَّذِىْ قَدْ حَنَّ جِذْعٌ اِلَيْهِ ☆ وَانْقَادَتِ الْاَشْجَارُ شَوْقًا اِلَيْهِ

هٰذَا الَّذِىْ نُوْرُ الْجَلَالِ عَلَيْهِ ☆ هٰذَا الَّذِىْ بِالْفَضْلِ اَضْحٰى عَلِيًّا

يَا اَحْمَدَ الْمُخْتَارِ اِنَّكَ تَدْرِىْ ☆ اَلذَّنْبَ يَا مَوْلَاىَ اَثْقَلَ ظَهْرِىْ

يَا سَيِّدَ الرُّسْلِ تَشَفَّعْ بِوُزْرِىْ ☆ كَيْلَا اَكُنْ فِى الْحَشْرِ عَبْدًا شَقِيًّا

## خیر البریہ نبی مختار ﷺ پر درود پڑھو

۱۔ خیر البریہ نبی مختار (محمد ﷺ) پر درود پڑھو جو کہ اپنے وعدے کو نبھانے والے ہیں۔

۲۔ میں رسول ہاشمی، طٰہٰ و یٰسٓ کی ثنا خوانی سے ابتدا کرتا ہوں جو کہ نصرت خداوندی سے نوازے گئے ہیں۔

۳۔ یہ اللہ تعالیٰ کے رسول، محمد ﷺ ہیں جو کہ کائنات کی تخلیق سے قبل بھی نبی تھے۔

۴۔ یہ وہ ذات ہے جن کے لیے استن حنانہ رویا اور اشجار محبت سے آپ کے فرمانبردار ہوئے۔

۵۔ یہ وہ ذات عالی ہیں جن پر نور جلال جلوہ گر ہے اور جو بلند و بالا شان والے ہیں۔

۶۔ اے احمد مختار! بیشک آپ ان گناہوں کو جانتے ہیں جنہوں نے میری کمر کو جھکا دیا ہے۔

۷۔ اے سید الرسل! میرے گناہوں کی بخشش فرمایئے تا کہ بروز قیامت میں شقی لوگوں کی فہرست میں نہ ڈالا جاؤں۔



Marfat.com

# فضائل دُرود شریف

اے برادرِ اسلامی! جان لے کہ حضور نبی کریم ﷺ پر دُرود پاک پڑھنا، ''غلام'' آزاد کرنے سے افضل ہے اور اس بات کی دلیل یہ حدیث رسول ﷺ ہے کہ ایک شخص نے دعوت ولیمہ کا اہتمام کی اور حضور نبی کریم ﷺ سے متمنی ہوا کہ آپ ﷺ بھی اس دعوت میں شریک ہوں، حضور نبی کریم ﷺ نے اس کی دعوت کو قبول فرمالیا اور مسجد نبوی سے اس شخص کے گھر کی طرف تشریف لے گئے، صاحب دعوت نے حضور نبی کریم ﷺ کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے آپ ﷺ کے قدموں کو گننا شروع کیا حتی کہ ان کی تعداد سو ہوگئی تو اس شخص نے ہر قدم کے بدلے ایک ایک غلام آزاد کر دیا۔

یہ دیکھ کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رشک سے فرمایا: اس شخص نے خیر کثیر پالی تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اِنَّ الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ اَفْضَلُ مِنْ عِتْقِ الرِّقَابِ.

ترجمہ: مجھ پر دُرود پاک پڑھنا غلاموں کو آزاد کرنے سے افضل و اعلیٰ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

حضرت امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ اپنی ''صحیح مسلم'' میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جس شخص نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھا تو اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اور جس نے دس مرتبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ اس پر سو رحمتیں نازل فرمائے گا اور جس نے سو مرتبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ اس پر ہزار رحمتیں نازل فرمائے گا اور جس نے ہزار مرتبہ پڑھا تو جنت کے دروازے پر اس کا کندھا میرے کندھے سے ملا ہوگا۔ (یعنی وہ میرے ساتھ جنت میں داخل ہوگا)۔



Marfat.com

حضور نبی کریم ﷺ نے ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:

اس شخص کی ناک خاک آلودہ ہو (یعنی وہ شخص تباہ وبرباد ہو) کہ جس کے سامنے میرا نام لیا گیا اور اس نے مجھ پر درود پاک نہ پڑھا۔

حضرت سیدنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

میں سحر کے وقت رسول اللہ ﷺ کے کپڑے کو سی رہی تھی کہ چراغ بجھ گیا اتنے میں اچانک رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے اور حضور نبی کریم ﷺ کے چہرہ اقدس کے نور سے سارا گھر منور روشن ہو گیا اس نور کی روشنی میں میں نے گمشدہ سوئی کو پالیا اور عرض کی! یارسول اللہ! آپ ﷺ کا رخ زیبا کس قدر پُر ضیاء ہے؟ تو حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

بدنصیبی ہی بدنصیبی ہے اس شخص کو جو بروز قیامت میری زیارت سے محروم رہے گا، میں نے عرض کی، وہ کون بدنصیب ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بخیل، میں نے عرض کی آقا کون سا بخیل ہوگا؟ فرمایا: جس کے سامنے میرا نام لیا گیا اور اس نے مجھ پر دُرود پاک نہ پڑھا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ



Marfat.com

## صَلِّ یَا رَبِّ عَلٰی دُرِّ الْمَصُوْنْ

صَلِّ یَا رَبِّ عَلٰی دُرِّ الْمَصُوْنْ ☆ اَحْمَدَ الْهَادِیْ جِلَا کُلِّ الْعُیُوْنْ
یَا رَسُوْلًا قَدْ عَلَا فَوْقَ الْعُلَا ☆ وَبِنَا هَا الْعَصْرَ فِیْهِ وَحَلَا
خَصَّهُ اللّٰهُ بِقُرْبٍ وَّ عُلَا ☆ وَجَمَالٍ جَلَّ ذَاتٍ وَسَنَا
یَا عَظِیْمَ الْجَاهِ عَبْدًا قَدْ اَتٰی ☆ خَائِفًا مِنْ سُوْءِ فِعْلٍ ثَبَتَا
فَاحْمِهٖ وَاشْفَعْ بِهٖ مِمَّا عَتَا ☆ یَوْمَ لَامَالٌ وَّلَا یَنْفَعُ بَنُوْنْ
یَا شَفِیْعَ الْخَلْقِ فِیْ یَوْمِ الْوَعِیْدِ ☆ اِنَّ وِزْرِیْ زَادَ وَالْاَمْرُ شَدِیْدُ
کُنْ مُغِیْثًا لِیْ فَقَلْبِیْ فِیْ وَعِیْدُ ☆ وَاَجِرْ ضَیْفَکَ مِنْ رَّیْبِ الْمَنُوْنْ
یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْجِدْ یَا اَمِیْنُ ☆ یَا شَفِیْعًا فِیْ غَدٍ لِّلْمُذْنِبِیْنْ
یَا حَبِیْبِیْ اِنَّ لِیْ قَلْبًا حَزِیْنْ ☆ یَا مَلَاذًا لَاذَ فِیْهِ الْخَائِفُوْنْ

## اے ربّ! اُس دُرِّ یکتا پر دُرود نازل فرما

ا۔اے ربّ! اس دُر یکتا پر درود نازل فرما جو ہادی واحمد اور ہر آنکھ کی ٹھنڈک ہیں۔

۲۔اے رسول! آپ کی عظمت تمام مخلوقات سے بلند و بالا ہے اور زمانہ آپ پر نازاں ہے۔

۳۔اللہ تعالیٰ نے آپ کو قرب و بلندی سے نوازا، جس سے آپ ہر ایک سے (جمال وکمال) میں بالاتر ہو گئے۔

۴۔اے عظیم مقام والے! ایک غلام سرزد گناہوں کے خوف سے آپ کے پاس آیا ہے۔

۵۔اس کی مدد فرمائیں اور گناہ گار کی اس روز بھی شفاعت فرمائیں جس روز مال و اولاد بھی کسی کام نہ آئیں گے۔

۶۔اے شفیع روز جزا! میرے گناہ بہت زیادہ ہیں اور میرا معاملہ بھی بہت سخت ہے۔



Marfat.com

۷۔میرے مددگار ہو جائیں کیونکہ میرا دل پریشان ہے اور اپنے مہمان کو مصائب و آلام سے نجات عطا کریں۔

۸۔اے اللہ کے رسول! اے امین! اے قیامت میں گناہگاروں کی شفاعت کرنے والے! میری دستگیری کریں۔

۹۔اے محبوب من! اے پناہ گاہ بیکساں! میرا دل غمزدہ ہے (مجھ پر نظر کرم فرمائیں)۔

بعض علمائے کرام ارشاد فرماتے ہیں: جس شخص نے اپنے گھر میں میلاد مصطفیٰ کی محفل سجائی تو فرشتے اس محفل کے دن سے ایک سال تک اس گھر کو گھیرے رہتے ہیں۔

حضرت سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

بے شک دعا زمین و آسمان کے مابین معلق رہتی ہے جب تک کہ نبی کریم ﷺ کی ذات مقدس پر دُرود پاک نہ پڑھا جائے۔

## حالات ومکاشفات حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا

حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں:

جب نورِ محمدی ﷺ میرے شکم میں جلوہ گر ہوا تو حمل کے پہلے مہینے جو کہ رجب المرجب تھا، میں اپنے گھر میں آرام کر رہی تھی کہ میں نے خواب میں دیکھا، ایک مرد جس کے چہرے سے آثارِ ملاحت اور جسم سے بہترین خوشبو نیز انوار و تجلیات ظاہر تھے، وہ مجھ سے کہنے لگا، **"مَرْحَبًا یَا مُحَمَّدُ ﷺ"** میں نے اس سے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو ارشاد فرمایا:

میں ابو البشر آدم علیہ السلام ہوں، میں نے پوچھا آپ علیہ السلام کس لیے تشریف لائے ہیں؟ فرمایا: اے آمنہ رضی اللہ عنہا! تمہیں مبارک ہو کہ تم "سید البشر اور فخر ربیعہ و مضر" سے فیضیاب (حاملہ) ہو۔



Marfat.com

جب دوسرا مہینہ آیا تو اسی طرح ایک مرد کامل میرے خواب میں آیا اور کہنے لگا:

"اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہ ﷺ" میں نے کہا آپ کون ہیں؟ تو فرمایا:

میں حضرت شیث علیہ السلام ہوں، میں نے کہا آپ علیہ السلام کیا چاہتے ہیں؟ فرمایا: اے آمنہ رضی اللہ عنہا! تمہیں مبارک ہو کہ تم "صاحب تاویل وحدیث" سے فیضیاب (حاملہ) ہو۔

جب تیسرا مہینہ آیا تو اسی طرح ایک اور شخص میرے خواب میں آیا اور کہنے لگا:

"اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللہ ﷺ" میں نے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو فرمایا:

میں حضرت ادریس علیہ السلام ہوں، میں نے پوچھا آپ علیہ السلام کیا چاہتے ہیں؟ تو فرمایا: اے آمنہ رضی اللہ عنہا: تمہیں مبارک ہو کہ تم "نبی رئیس" (یعنی تمام نبیوں کے سردار) سے فیضیاب (حاملہ) ہو۔

جب چوتھا مہینہ آیا تو اسی طرح ایک اور شخص میرے خواب میں آیا اور کہنے لگا:

"اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللہ ﷺ" میں نے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو فرمایا:

میں حضرت نوح علیہ السلام ہوں، میں نے کہا آپ کیا چاہتے ہیں؟ تو فرمایا: اے آمنہ رضی اللہ عنہا! تمہیں مبارک ہو کہ تم "صاحب نصر وفتوح" سے فیضیاب (حاملہ) ہو۔

جب پانچواں مہینہ آیا تو اسی طرح ایک اور شخص میرے خواب میں آیا اور کہنے لگا:

"اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا صَفْوَۃَ اللہ ﷺ" میں نے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو فرمایا:

میں حضرت ہود علیہ السلام ہوں، میں نے کہا آپ علیہ السلام کیا چاہتے ہیں؟ فرمایا: اے آمنہ رضی اللہ عنہا! تمہیں مبارک ہو کہ تم اس نبی مکرم سے فیضیاب (حاملہ) ہو جو کہ قیامت کے دن شفاعت کبریٰ کے مالک ہوں گے۔



Marfat.com

جب چھٹا مہینہ آیا تو اسی طرح ایک اور شخص میرے خواب میں آیا اور کہنے لگا:

"اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا رَحْمَةَ اللّٰہ ﷺ" میں نے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو فرمایا:

میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام ہوں، میں نے پوچھا آپ علیہ السلام کیا چاہتے ہیں؟ تو فرمایا: اے آمنہ! رضی اللہ عنہا، تمہیں مبارک ہو کہ نبی جلیل ﷺ سے فیضیاب (حاملہ) ہو۔

جب ساتواں مہینہ آیا تو اسی طرح ایک بزرگ میرے پاس آئے اور کہنے لگے

"اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا مَنِ اخْتَارَهُ اللّٰہ ﷺ" میں نے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو فرمایا:

میں حضرت اسماعیل ذبیح اللہ علیہ السلام ہوں، میں نے پوچھا آپ علیہ السلام کیا چاہتے ہیں؟ تو فرمایا: تمہیں مبارک ہو تم "نبی ربیح ملیح" (یعنی بہترین اور نمکین حسن والے) سے فیضیاب (حاملہ) ہو۔

جب آٹھواں مہینہ آیا تو اسی طرح ایک شخص میرے خواب میں آیا اور کہنے لگا:

"اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا خَیْرَةَ اللّٰہ ﷺ" میں نے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو فرمایا۔

میں حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام ہوں، میں نے کہا آپ علیہ السلام کیا چاہتے ہیں؟ تو فرمایا: اے آمنہ رضی اللہ عنہا! تمہیں مبارک ہو تم اس "نبی معظم" سے فیضیاب (حاملہ) ہو جن پر قرآن مجید نازل ہوگا۔

جب نواں مہینہ آیا تو اسی طرح ایک شخص میرے خواب میں آیا اور کہنے لگا:

"اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا خَاتِمَ رُسُلِ اللّٰہ ﷺ" آپ کے ظہور کا وقت مجھ سے قریب تر ہے میں نے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو فرمایا:

میں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ہوں، میں نے کہا آپ علیہ السلام کیا چاہتے ہیں؟ تو فرمایا: اے آمنہ رضی اللہ عنہا! تمہیں مبارک ہو تم "نبی مکرم اور رسول معظم ﷺ" سے فیضیاب (حاملہ) ہو، تم سے تمام تکالیف ومصائب وآلام دور ہو گئے۔



Marfat.com

## یَا آمِنَةُ بُشْرَاكِ سُبْحَانَ مَنْ اَعْطَاكِ

يَا آمِنَةُ بُشْرَاكِ سُبْحَانَ مَنْ اَعْطَاكِ ☆ بِحَمْلِكِ مُحَمَّدًا رَبُّ السَّمَاءِ هَنَّاكِ
بِالْمُصْطَفٰی سَعْدُكِ غَلَبَ لَمَّا حَمَلْتِ فِیْ رَجَبْ ☆ وَمَا تَرَيْنَ مِنْهُ تَعَبْ هٰذَا نَبِیٌّ زَاكِ
شَعْبَانُ شَهْرِ الثَّانِیْ بِهِ النَّبِیُّ الْعَدْنَانِیْ ☆ اَلثَّالِثُ رَمَضَانُ وَ رَبُّكِ اَعْطَاكِ
شَوَّالُ جَاكِ مُسْعِدًا بِحَمْلِكِ مُحَمَّدًا ☆ وَ مَا تَرَيْنَ مِنْهُ رَدًا ضَاءَ تْ لَكِ دُنْيَاكِ
ذُوالْقَعْدَةُ آتَاكِ بِالْوَفَا وَشَرَّفَكِ بِالْمُصْطَفٰی ☆ وَ رَبُّكِ عَنْكِ عَفَا وَ خَصَّكِ وَ حَمَاكِ
ذُوالْحِجَّةُ سَادِسُ شَهْرِكِ لَمَّاحَمَلْتِ بِالزَّكِیْ ☆ يَا آمِنَةُ يَابَخْتَكِیْ وَ رَبُّكِ عَلَّاكِ
جَاءَ الْمُحَرَّمُ بِالْهَنَا وَالْقُرْبُ مِنْهُ قَدْ دَنَا ☆ وَمَا تَرَيْنَ مِنْهُ عَنَا هٰذَا نَبِیٌّ زَاكِ
وَفِیْ صَفَرْ يَأْتِی الْخَبَرْ بِذِی النَّبِیِّ الْمُفْتَخَرْ ☆ مِنْ أَجْلِهِ انْشَقَّ الْقَمَرُ نُوْرٌ بِهِ يَكْفَاكِ
وَفِیْ رَبِيْعِ الْاَوَّلْ وُلِدَ النَّبِیُّ الْمُرْسَلْ ☆ يَاآمِنَةُ تَحَمَّلِیْ لِتَحْمِدِیْ مَوْلَاكِ
فِیْ لَيْلَةِ الْاِثْنَيْنِ وُلِدَ النَّبِیُّ الزَّيْنْ ☆ اَحْمَدُ كَحِيْلُ الْعَيْنِ مِنْ أَصْلِ نَسْلٍ زَاكِ
وُلِدَ النَّبِیُّ مَخْتُوْناً مُكَحَّلًا مَدْهُوْناً ☆ وَحَاجِبٌ مَقْرُوْناً وَحُسْنُهُ وَافَاكِ
هٰذَا النَّبِیُّ الْاُمَّةُ وَجَاءَ نَا بِالرَّحْمَةُ ☆ نَسْكُنُ بِفَضْلِهِ الْجَنَّةُ رَغْماً عَلٰی اَعْدَاكِ
يَا رَبِّ، يَا غَفَّارُ، اِغْفِرْ لِذِی الْحُضَّارِ ☆ بِالسَّادَةِ الْاَبْرَارِ، وَالْهَاشِمِیِّ الزَّاكِ

## اے آمنہ! تمہیں مبارک ہو

۱۔اے آمنہ! تمہیں مبارک ہو، پاک ہے وہ ذات جس نے تمہارے بطن میں نورِ محمدی کو جلوہ گر کیا، آسمانوں کا ربّ تمہیں مبارک باد دیتا ہے۔

۲۔ مصطفیٰ ﷺ رجب المرجب کے مہینے میں جب بطن آمنہ میں آئے تو ان کی قسمت جگمگا اٹھی اور حضرت آمنہ نے حمل کی تکلیف نہ پائی کیوں کہ یہ پاک وصاف نبی ہیں۔



Marfat.com

۳۔ نبی عدنانی ﷺ کے حمل کا دوسرا مہینہ شعبان اور تیسرا رمضان ہے اور ربّ تعالیٰ نے اے آمنہ! تجھے یہ نعمت عطا کی ہے۔

۴۔ محمد ﷺ کے حمل مبارک (میں آنے) کے مہینوں میں شوال سعادت لے کر آیا اور حضرت آمنہ نے کلفت حمل محسوس نہ کی بلکہ اس کے سبب ان کی دنیا کا (ستارہ چمکنے دمکنے) لگا۔

۵۔ ذوالقعدہ، وفاؤں کی ہوائیں لے کر آیا اور حضرت آمنہ کو نورِ محمدی ﷺ سے مشرف کیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان سے عفو فرمایا اور مقام و مرتبہ دے کر اپنے کرم کے سایہ میں جگہ دی۔

۶۔ ذوالحجہ، (طیب و طاہر نبی) کے حمل کا چھٹا مہینہ ہے جب سے وہ پاکیزہ (نبی) تیرے حمل میں آئیں ہیں، اے آمنہ! تیری خوش نصیبی کہ تیرے ربّ نے تجھے بلندی عطا کی۔

۷۔ محرم الحرام قربِ ولادت کی خوشخبری لیتا ہوا آیا اور حضرت آمنہ نے کلفت حمل محسوس نہ کی کیوں کہ یہ تو طیب و طاہر نبی ہیں۔

۸۔ ماہ صفر فخر دو عالم ﷺ کی بشارت لیتا ہوا آیا جن کی خاطر چاند شق ہوگا اور ان کا نور ہی تیرے لیے کافی ہے۔

۹۔ ربیع الاول نبی مرسل کی ولادت کا مہینہ ہے، اے آمنہ! تحمل فرمائیں اور اس نعمت عظمیٰ پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا فرمائیں۔

۱۰۔ پیر شریف کی شب نبی مکرم ﷺ دنیا میں جلوہ فرما ہوئے اس حال میں کہ سرگیں آنکھیں تھیں اور ایسے حسب و نسب کے ساتھ جو کہ ہمیشہ سے پاکیزہ تھا۔

۱۱۔ نبی مکرم ﷺ ختنہ شدہ، سرمہ چشم، تیل لگے ہوئے، ابرو پیوستہ، (شاہکار قدرت کا) حسین کرشمہ بن کر تیرے پاس تشریف لائے۔

۱۲۔ اُمت کے نبی ﷺ، صاحب رحمت بن کر ہمارے مابین تشریف لائے اور ہم بروز قیامت جنت میں ان کے فضل سے جائیں گے اور ان کے دشمن خائب و خاسر ہوں گے۔



Marfat.com

۱۳۔اے ربّ غفار، حاضرین کو سیدِ ابرار، نبی ہاشمی ﷺ کے وسیلے سے مغفرت وبخشش عطا فرمادے۔

## شانِ میلادالنبی ﷺ

روایت میں آتا ہے: جب حضور نبی کریم ﷺ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے بطن مبارک سے اس دنیا میں جلوہ فرما ہوئے تو تمام یہودی عالموں کو پتہ چل گیا تھا کہ حضور نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت ہوگئی ہے کیوں کہ ان کے پاس ایک اونی جبہ تھا جو کہ حضرت یحییٰ بن زکریا علیہا السلام کے خون سے رنگین تھا اور وہ اپنی کتابوں میں یہ لکھا ہوا پاتے تھے کہ جب اس جبے سے خون کے قطرے ٹپکنے لگیں گے تو اس وقت حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہا کے گھر نبی الانبیاء ﷺ کی ولادت ہوگی، جو کہ ان کے ادیان کو باطل کردیں گے۔

لہٰذا جس وقت جبہ سے خون کے قطرات ٹپکنے لگے تو تمام یہودیوں کو معلوم ہوگیا کہ حضور نبی کریم ﷺ پیدا ہوگئے ہیں پھر ان سب نے اجتماع کیا اور اذیت وتکلیف پہنچانے کے لیے تدابیر سوچنے لگے مختلف شہروں میں قاصدوں کو بھیجا تاکہ باہم مشورہ کرکے کوئی تدبیر بروئے کار لائے۔

مگر ان کو یہ معلوم نہ تھا کہ ان کے مکروفریب کو مٹانے اور نیست ونابود کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی خفیہ تدبیر فرما رکھی ہے اور اللہ تعالیٰ نے حضور نبی کریم ﷺ کے وجود مسعود سے دین اسلام کو قائم اور روشن کرکے کفار ومشرکین کے ادیان کو نست ونابود کردیا۔



Marfat.com

## میلاد النبی ﷺ اور سعادت و ایمان کی ہوائیں

روایت میں مذکور ہے کہ جب قبولیت اور ایمان کی ہوائیں چلیں تو سب سے پہلے جس خوش بخت کے دل و جاں منور و معطر ہوئے وہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ تھے، انہوں نے اپنے وطن سے ہجرت اختیار کی اور فارس (ایران) سے شہنشاہ کائنات فخر موجودات ﷺ کی زیارت کے لیے حاضر ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اقرار کیا اور اپنے من کی مراد کو پالیا، اللہ تعالیٰ نے ان کی کوشش رائیگاں نہ فرمائی۔

حضور نبی کریم ﷺ نے ان کی فضیلت میں ارشاد فرمایا

سَلْمَانُ مِنَّا . ترجمہ: سلمان ہم سے (یعنی اہل بیت میں سے) ہیں۔

اور اسی طرح جب سعادت کی ہوائیں ارض روم میں چلی تو اہل عرفان نے اسے محسوس کیا اور اہل سعادت اس کی برکت سے فیضیاب ہوئے، سرزمین روم میں سب سے پہلے جس شخص نے حلاوت ایمان پائی وہ بلاشک وشبہ اہل روم کے سردار حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ تھے جو سراپا اطاعت بن کر اسلام کی وادی میں چلے آئے اور خیر الانام ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور صحبت نبوی کی بدولت زندگی کے مقصد اور اس کی سعادتوں کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔

اسی طرح جب نسیم سعادت سرزمین یمن میں چلی تو سب سے پہلے افضل التابعین سیدنا اویس قرنی رضی اللہ عنہ کو ایمان کی چاشنی سے روشناس کر گئی اور وہ ظاہراً و باطناً حضور نبی کریم ﷺ پر ایمان لائے۔ وہ وطن کی دوری کے باوجود سراپا عشق مصطفیٰ کا پیکر اور ایمان بر خدائے تعالیٰ و رسول ربّ اکبر ﷺ کی نعمت لازوال سے مالا مال تھے حضور نبی کریم ﷺ نے اپنے اس محبوب کی یوں تعریف فرمائی۔

اِنِّی لَاَجِدُ نَفَسَ الرَّحْمٰنِ مِنْ قِبَلِ الْیَمَنِ یعنی مجھے یمن کی جانب سے



Marfat.com

رحمٰن کی خوشبو آرہی ہے۔ مزید شفقت فرماتے ہوئے حصول مدعا کے لیے سید البشر ﷺ نے خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو یہ فرمان عظمت نشان بیان فرمایا:

اے عمر جب تم اویس قرنی کو دیکھو تو ان کو سلام کرنا اور اپنے لیے دعائے مغفرت کی درخواست کرنا کیوں کہ وہ قبیلہ ربیعہ ومضر کے برابر لوگوں کی شفاعت کریں گے۔

اسی طرح جب نسیم سعادت سرزمین حبشہ میں چلی تو سب سے پہلے حضرت سیدنا بلال بن حمامۃ (درست حمامۃ کی جگہ رباح ہے) حبشی رضی اللہ عنہ کے پژمردہ دل کو کھلا گئی اور اللہ تعالیٰ کی عنایت وتوفیق سے وہ تصدیق رسالت وایمان کی نعمت سے فیضیاب ہوئے پھر انہوں نے اذان کے ذریعے توحید ورسالت کا پیغام دیا اور دین اسلام کی نقیب اوّل قرار پائے نیز حضور نبی کریم ﷺ کی رسالت کے علم لہراتے رہے اور پیغام اسلام نشر کرتے رہے اس بات کے لیے نبی تہامی وسامی ﷺ نے ان کی ذات کو مخصوص کر دیا تھا۔

ان کے لیے فرمایا: اے **بلال!** تم میرے دین کے پیغام نشر کرتے ہو اور میرے مقام ومرتبہ کا بیان کرتے ہو کہ جب میں شب معراج جنت میں داخل ہوا تو میں نے اپنے آگے تمہارے قدموں کی آواز سنی (اس فضیلت کا سبب روایات میں تحیۃ الوضو اور بعض میں تحیۃ المسجد کو ذکر کیا گیا ہے)۔

## فیضان میلاد النبی ﷺ عاشقِ صادق عامر یمنی

اسی طرح جب نسیم سعادت سرزمین یمن میں چلی تو عامر یمنی کو دین اسلام کی سعادت ملی اور وہ معبودان باطلہ کو چھوڑ کر دین اسلام کے دامن میں داخل ہوئے اور حضور نبی کریم ﷺ کی قدم بوسی سے مشرف ہوئے۔ پھر حضور نبی کریم ﷺ کی محبت ہی میں نیک بن کر دنیائے فانی سے رخصت ہوئے۔ ان کا واقعہ نہایت ہی محیر العقول ہے۔



Marfat.com

عامر یمنی کے پاس ایک بت تھا جس کو وہ پوجا کرتا تھا، عامر یمنی کی ایک بیٹی تھی جو قولنج اور جذام کے مرض میں مبتلا تھی اسی وجہ سے وہ چلنے پھرنے سے قاصر تھی، عامر یمنی روزانہ بت کو ایک جگہ رکھ دیتا اور اس بت کے سامنے اپنی بیٹی کو بٹھاتا پھر کہتا اے میرے معبود! یہ میری بیٹی بیمار ہے اس کا علاج کر، اگر تیرے پاس شفاء ہے اور اسے عافیت و سکون بخش، وہ سالوں تک یوں ہی کرتا رہا اور بت سے حاجت طلب کرتا رہا مگر بت اس کی حاجت پوری نہ کر سکا۔

جب نسیم ہدایت اور ایمان وعنایت کی ہوائیں چلیں تو ایک روز عامر یمنی اپنی بیوی سے کہنے لگا، ہم کب تک اس گونگے، بہرے پتھر کی عبادت کریں گے یہ تو نہ ہی بولتا ہے اور نہ ہی ہماری فریاد رسی کرتا ہے میرے خیال میں ہم درست دین پر نہیں ہیں۔ بیوی نے جواباً کہا: راہ ہدایت کی تلاش کے لیے ہم تمہارے ساتھ چلتے ہیں ممکن ہے کہ ہمیں راہ ہدایت میسر آ جائے مگر یہ امر ذہن سے بالاتر ہے کہ ان مشارق و مغارب کا ایک ہی مالک وخالق و معبود ہو؟

راوی نے کہا: ابھی وہ میاں، بیوی اپنے مکان کی چھت پر بیٹھے انہی باتوں میں مشغول تھے کہ اچانک انہوں نے ایک نور دیکھا جو کہ آسمان پر چھا گیا اور اس کی نورانیت سے عالم کائنات منور ہوگئی، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے ان کی آنکھوں سے ظلمت و شقاوت کے پردوں کو ہٹا دیا تاکہ وہ خواب غفلت سے بیدار ہو جائیں، اتنے میں انہوں نے دیکھا فرشتے صفیں باندھیں کھڑے ہیں اور ایک مکان کو گھیرے ہوئے ہیں، پہاڑ سجدہ ریز ہیں، زمین حیرت میں گم ہے، اشجار زمین کی جانب جھکے ہوئے ہیں اور پرندے ہشاش بشاش ہیں، ایک منادی اعلان کر رہا ہے! نبی ہادی! اس دنیا میں جلوہ فرما ہو گئے ہیں۔

پھر اپنے بت کو دیکھا تو وہ اوندھے منہ زمین پر ذلت ورسوائی کی خاک چاٹ رہا ہے۔ عامر یمنی نے بیوی سے کہا کیا بات ہے، وہ کہنے لگی ذرا اس بت کو تو دیکھو اتنے میں اس



Marfat.com

بت سے آواز آتی ہے، آگاہ رہو! خبر عظیم ظاہر ہوگئی ہے اور فخر دو عالم ﷺ جلوہ فرما ہو چکے ہیں، سن لو! وہ نبی جن کا ہر ایک کو انتظار تھا جو کہ شجر و حجر سے کلام کریں گے اور جو چاند کے دو ٹکڑے کریں گے اور جو قبیلہ ربیعہ و مضر کے سردار ہوں گے جلوہ گر ہو گئے ہیں۔

یہ کلام سن کر عامر یمنی نے اپنی بیوی سے کہا: کیا تم نے سنا کہ اس پتھر نے کیا کہا؟ وہ بولی اس سے پوچھو! اس مولودِ مبارک کا نام کیا ہے جس کے نور نے کائنات کو منور کر دیا ہے اس پر عامر یمنی نے کہا: اے ہاتف غیب! جو اس حجر کی زبانی کلام کر رہے ہو اور آج پہلی مرتبہ اس سے آواز آئی ہے یہ تو بتاؤ کہ اس مولودِ مسعود کا نام کیا ہے؟

اس غیبی آواز نے کہا: اس مولود مبارک کا نام "محمد ﷺ" ہے اور وہ سرزمین زم زم وصفا (یعنی مکہ مکرمہ) کے رہنے والے ہیں وطن تہامہ ہے اور دونوں کندھوں کے مابین علامت نبوت (مہر نبوت) ہے جب وہ چلیں گے تو بادل ان پر سایہ کریں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

اس کے بعد عامر یمنی نے اپنی بیوی سے کہا: چلو ان کی تلاش میں نکلتے ہیں تا کہ ان کی بدولت حق کی جانب کوئی راہ نمائی حاصل ہو، گفتگو کے دوران ان کی بیمار بیٹی جو کہ مکان کے نچلے حصے میں بے حس و حرکت پڑی تھی اور ان کا خیال بھی اس کی طرف نہیں گیا تھا، اچانک چھت پر ان کے سامنے آن کھڑی ہوئی، حیران ہو کر باپ نے کہا: اے بیٹی! تیری وہ بیماری و تکلیف کہاں گئی جس نے تیرا جینا مشکل کر دیا تھا، بیٹی نے جواب دیا، اے میرے والد! میں نیند کی لذت میں گم تھی کہ اچانک میں نے اپنے سامنے ایک نور کی تجلی دیکھی اور اس میں سے ایک شخص نکل کر میرے پاس آیا، میں نے ان سے پوچھا: یہ نور کیسا ہے اور وہ شخص کون ہیں جن کے دندان مبارک کے نور نے مجھے منور کر دیا ہے۔



Marfat.com

اس شخص نے کہا: یہ حضرت عدنان کے فرزند کا نور مبارک ہے، جس کی تابانی نے کون ومکاں کو منور کر رکھا ہے، میں نے کہا: مجھے ان کے نام بتائیے؟ تو فرمایا: ان کے نام ''احمد و محمد'' ہیں، مطیعوں پر شفقت فرمائیں گے اور خطا کاروں اور دشمنوں سے درگزر فرمائیں گے، میں نے پوچھا: ان کا دین کون سا ہے؟ فرمایا: وہ دین حنیف پر ہیں جو کہ ربانی دین ہے، میں نے پوچھا: ان کا حسب ونسب کیا ہے؟ فرمایا: قریشی وعدنانی ہے، میں نے پوچھا وہ کس کی عبادت کریں گے فرمایا: **مہیمنِ صمدانی** (یعنی اللہ ﷻ کی) میں نے پوچھا: آپ کون ہیں؟ فرمایا: میں ایک فرشتہ ہوں جسے نورِ محمدی کے اُٹھانے کا شرف بخشا گیا ہے، میں نے اس سے کہا: آپ نے میری تکلیف کو ملاحظہ نہیں کیا؟ تو فرشتے نے کہا: تم حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلے سے دعا کرو کیوں کہ اللہ جل جلالہ نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں نے حضور نبی کریم ﷺ کی ذات میں اپنے راز وبرہان کو ودیعت کیا ہے تو جو کوئی مجھ سے حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلے سے دعا کرے گا میں اس کی مشکل کو حل کردوں گا اور جن لوگوں نے میری نافرمانی کی بروز قیامت میں حضور نبی کریم ﷺ کو ان لوگوں کا شفیع بناؤں گا۔''

یہ سنتے ہی میں نے اپنے ہاتھوں کو پھیلا دیا اور خلوص دل سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کی پھر ان اٹھے ہوئے ہاتھوں کو اپنے چہرے اور جسم پر پھیرا اور نیند سے جاگ اٹھی تو میں ایسی تندرست وصحیح ہوگئی جیسا کہ آپ مجھے دیکھ رہے ہیں۔ یہ سن کر عامر یمنی نے اپنی بیوی سے کہا: بے شک یہ مولود مبارک سرّ وبرہان کے امین ہیں اور ہم نے تو ان سے صادر عجیب وغریب نشانیوں کو بھی دیکھ لیا ہے، میں ضرور بالضرور ان کی محبت وشوق میں جنگلوں اور وادیوں کو طے کروں گا پھر عامر یمنی اور اس کے بقیہ گھر والے اسی مقصد سے تیار ہو کر مکہ مکرمہ کی جانب روانہ ہوئے۔



Marfat.com

جب یہ لوگ مکہ شریف میں اپنی منزل مراد تک پہنچ گئے تو حضور نبی کریم ﷺ کی والدہ ماجدہ کے گھر کا معلوم کیا اور بیت آمنہ رضی اللہ عنہا پر آن پہنچے تو وہ عرض گذار ہوئے کہ ہمیں اپنے گل کے دیدار سے بہرہ ور فرمایئے، جن کے طفیل اللہ تعالیٰ نے موجودات کو نور جاں بخشا اور آباؤ اجداد کو شرف و بزرگی عطا فرمائی ہے، حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں اپنے لخت جگر کو تمہیں نہیں دکھا سکتی کیوں کہ میں یہودیوں سے خوف رکھتی ہوں کہ کہیں ان کو نقصان نہ پہنچا ئیں۔

یہ سن کر عامر یمنی نے عرض کی: ہم نے فقط ان کی ہی زیارت سے فیضیاب ہونے کے لیے اپنے وطن کو خیر باد کہا ہے اور ان کے لیے ہی اپنے دین وایمان کو چھوڑ آئے ہیں تا کہ حبیب معظم ﷺ کی زیارت سے بہرہ ور ہوں کیوں کہ انکی خدمت میں آنے والا کبھی ناکام نہیں ہوگا، یہ سن کر حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

اگر ایسی بات ہے کہ تمہیں ان کی زیارت ضرور کرنی ہے تو تھوڑی دیر رکو اور جلدی نہ کرو اور مجھے کچھ دیر کی مہلت دو، یہ فرما کر آپ کا شانہ اقدس میں چلی گئیں تھوڑی دیر کے بعد ان سے کہا: اب اندر آ جاؤ، اجازت ملتے ہی وہ اس کمرے میں داخل ہوئے جس میں نبی مکرم، رسول معظم ﷺ جلوہ فرماتھے جیسے ہی انوروتجلیات نبوت ورسالت دیکھیں تو انہیں میں گم ہو گئے اور تکبیر و تہلیل کہنے لگے، پھر جب رخ زیبا سے کپڑے کو ہٹایا گیا تو اس کی نورانیت سے آسمان وزمین دمکنے چمکنے لگے۔

روئے زیبا کی زیارت کرتے ہی وہ رونے لگے حتی کہ ان کی آوازیں بلند ہوگئی قریب تھا کہ اسی گریہ وزاری کے سبب ان کی موت واقع ہو جاتی پھر انہوں نے قدم مبارک کو اٹھایا اور زمین پر گھٹنوں کے بل بیٹھ کر دستِ مقدس کو بوسہ دیا۔



Marfat.com

